مطبع منشی نولکشور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بی زبان بی دہن ہی نطق کام اللہ کا
سب کلاموں سی ہی بالاتر کلام اللہ کا

ومیان بندون کو ہی لازم صبح شام اللہ کا
دلمین یاد اللہ کی ہو لب پہ نام اللہ کا

کون جانی ہست کس کی کیا کس کی نیست
کارخانہ یون ہی جاری ہی مدام اللہ کا

تابع فرمان نجوم چرخ و ذرات زمین
دونون عالم مین ہی کیسا انتظام اللہ کا

آسمان پر بھی کوئی فارغ عبادت سی نہین
مہر و مہ کرتی ہین سجدہ صبح شام اللہ کا

باہمین مل کر ہوا سی جو صدا دیتی ہین برگ
فی الحقیقت ذکر کرتی ہین تمام اللہ کا

مفلسی مفلس کی منعم کی بجا ہے منعمی
مصلحت سی کب کوئی خالی ہی کام اللہ کا

ہی یہ ظاہر وہ کسی کا ہے نہ اوس کا ہی کوئی
لم یلد ہے اور لم یولد کلام اللہ کا

بطن مین کودک تو کیڑا سنگ مین پاتا ہی رزق
پرورش کرنا زمانی کا ہی کام اللہ کا

دیکھتا سنتا ہے سب لیکن نہین ہی چشم و گوش
سب جگہ ہی پر نہین کوئی مقام اللہ کا

مغفرت کی روز محشر کیون نہو ہمکو امید
سنتی ہین لیتی ہین ہم غفار نام اللہ کا

بھر گیا ایسا ہماری نالۂ دل کا دھوان
یہ جہاز گنبد گردان دخانی ہو گیا

سنکے باتین اوسکی پردے ہی مین غش آگیا
شعلۂ آواز برق لن ترانی ہو گیا

صبح کو خورشید ہوتا ہی عیان حیران ہے
کیون نہان پیری مین خورشید جوانی ہو گیا

کعبہ و بتخانہ دونون بیچ آئی ہین اسیر
تھا جہان پتھر مری نالون سی پانی ہو گیا

جدا قرار مین بیگانہ و یگانہ ہوا
پلک جھپکتی ہی کچھ اور کارخانہ ہوا

ہی حرص کے بعد یہ قرآن کو دیکھ کر بھی
کہ نامہ دیکھی ہمین نامہ بر روانہ ہوا

کیا ہے آپکے دولت کا خاصہ پیدا
کہ جسطرف ہوئی تم اوسطرف زمانہ ہوا

یہی سجود بھی خسرا پرستون کی
ترش کی بت جو ترا سنگ آستانہ ہوا

شباب تھا کہ آئی نسیم کا جھونکا
کہ دفعتہ ادہر آیا اور ادہر روانہ ہوا

دیے خدا نے عوض ایک ایک کی دس دس
کریم بانٹ کی زر صاحب خزانہ ہوا

ظہور حشر ہو دیکھین جمال یار کہین
دراز ترک ملاقات کا زمانہ ہوا

لگا رہا ہی جو شرطین نماز مین واعظ
خدا کا گھر ہے نہ ٹھہرا قمار خانہ ہوا

خوشا وہ تن جو تری تیغ کا بنا چورنگ
خوشا وہ دل جو تری تیر کا نشانہ ہوا

کہی جو موسم پیری لئی اپنی بال سفید
مقام خندۂ دندان نمای شانہ ہوا

بقدر حال ہین قوت مین سب غریب آزار
دہن کو دانت ملی تبہی دانہ ہوا

تمہین نصیب ہے بزم عیش و صحبت غیر
کفن ملا نہ ملا دفن مین ہوا نہ ہوا

رکا جو تکمہ مین گلگون سرشک خون مین کا
تو اوسکے جنبش مژگان کا تازیانہ ہوا

لیا ہی شوق کی مضمون نے کاغذ بادی
ہوا کی دوش پہ نامہ مرا روانہ ہوا

شگفتہ کیوں نہ کہیں داغ وحشت کو اسیر
کوچۂ زنجیر زلف آسا معطر ہو گیا

حال بیتابی عیاں اشکوں سی سب پر ہو گیا
ترجمان دل ہمارا دیدۂ تر ہو گیا

اشک افشاں قبر میں بھی دیدۂ تر ہو گیا
بوریا زیر قدم پانی کی چادر ہو گیا

ایک ہفتہ وصل اگر اوس شاہ خوبی سی رہا
میں گدا بھی بادشاہ ہفت کشور ہو گیا

تیر سکتا ہی کوئی جوش محیط عشق میں
مچھلیوں کا رزق بازوی شناور ہو گیا

موذیوں کی پرورش ہی باعث آزار خلق
خار صحرا جب ہوا بالیدہ نشتر ہو گیا

خاکساری سی نہیں بہتر جہاں میں شے
مل گئی جسکو یہ دولت کیمیا گر ہو گیا

خط پشت لب ترا دیکھا تو یہ آیا خیال
آتش یاقوت سی پیدا سمندر ہو گیا

چرخ گرداں ہی ترقی میں تنزل کو قبول
ماہ نو ہو کر قوی کیا جلد لاغر ہو گیا

زیر پا سمٹی یہ راہ شوق جاتا میں زمیں
عرصۂ کونین ذری کے برابر ہو گیا

رفتہ رفتہ محفل محبوب میں پہنچا رقیب
دخل اس ابلیس کا جنت میں کیونکر ہو گیا

بعد مدت چاہ سی نکلا جو پھر قاصدے
ہو کی اونچا ابر میں پنہاں کبوتر ہو گیا

اشک بی تاثیر سی گھٹتا ہی لوث معصیت
دین گریبان سی دامن شمع کا تر ہو گیا

دل سی جاتا ہی کوئی اوس شاہ خوبی کا خیال
نقش سنگ آئینہ میں عکس سکندر ہو گیا

بی تمیزوں کو تمیز خلعت و حرمت کہاں
خون حیض دختر رز شیر مادر ہو گیا

دیکھی پروانی جو گرد شمع یہ آیا خیال
مجمع زیر علم جانباز لشکر ہو گیا

ہوت رہ غمگشن بچھ گئی جب گل اٹھی ہی اسیر
میں یہ سمجھا باغ میں فرش شجر ہو گیا

شیرہ کی مژگان نی تری تیر کو چلنے نہ دیا
نام تلوار کا ابرو نی نکلنے نہ دیا

سر کو دہنی نہ دیا ہاتہونکو اوٹہنے نہ دیا
ضعف نی ایک بھی ارمان نکلنی نہ دیا

تاب نظارۂ معشوق کہاں عاشق کو
غش نی موسی کو سر طور سنبہلنی نہ دیا

دخل پایا جو مقدر سی تو پانی ہی یہ ہوا
کہ ہوا کو بھی تری کوچے مین چلنی نہ دیا

چمن دل مین اوگا بھی جو کوئی نخل امید
کاٹ دی یاس نی جڑہ پہولنی پہلنی نہ دیا

کیسی سبقت تھی کہ خود چاہ سی نکلی یوسف
چاہ سی اپنی زلیخا کو نکلنے نہ دیا

قصد اوٹہنی کا ہم اوس بزم سی کیونکر کرتی
ادب حسن نی زانو بھی بدلنی نہ دیا

ضبط رونی کا کیا دیدۂ تر نی ایسا
لاکہ اوبلا پہ کنوان ہمنی اوبلنی نہ دیا

محتسب ہمکو ہوا ضعف ہمارا ساقی
حلم کو ہاتہ پہ رعشی نی سنبہلنی نہ دیا

کچھ عجب چرخ نی اندھیر کیا ہجر کی شب
چاند کیا ایک ستاری کو نکلنی نہ دیا

اوسکی قسمت مین کہان میوۂ گلزار بہشت
ذائقہ جسکو تری تیغ کے پہل نی نہ دیا

روئی قاتل کا مین جی بہر کی نظارہ کرتا
دشنہ اتنا بھی تہ تیغ اجل سنی نہ دیا

جبتلک اوس گل عارض کی نہ باندہی مضمون
رنگ محفل مین کبھی اپنی غزل نی نہ دیا

اوٹھ چلی بیٹھتی ہی آپ مری پہلو سی
دل مضطر کو ذرا تہمنی سنبہلنی نہ دیا

تب فرقت سی یہ ہر جان بچای گا دہی
آگ مین جیسی براہیم کو جلنے نہ دیا

خوشخرامی کا جو آیا اونہین گلشن مین خیال
کبک وعا اوس کو دو گام بہی چلنی نہ دیا

کام کیا ہی کہ چلی تابشش خورشید بحکم
دوپہر کو بھی ذرا آپ نی ڈہلنی نہ دیا

کوچہ اوس شوخ کا تہا بہول بہلیان شاید
ورکسی طرح مری دلکو نکلنے نہ دیا

طوق کا جرم تہ زنجیر کی تقصیر اسیر

قید سے مجھکو نقاہت نے نکلنے نہ دیا

موے جو ہم تو وہ تابوت کے قریب آیا
بدن سے جان جو رخصت ہوئی طبیب آیا

حضور یار جو آئی وہی ہے باعث رشک
جو غش سے آیا میں سمجھا رقیب آیا

تپ آئیگی نہ کبھی اب نہ درد سر ہوگا
مری علاج کو جلاد سا طبیب آیا

گیا شباب ہوئی پیری ہے قضا باقی
جو وقت دور تھا ہم سے بہت قریب آیا

تمہاری چشم سے بادام خاک ہمچشم ہو
ازل سے لیسکی یہ پھوٹا ہوا نصیب آیا

کسی کا ساتھ مصیبت میں کوئی دیتا ہے
قفس میں پھول نہ ہمراہ عندلیب آیا

بچا نہ دست ہوا و ہوس سے زاد سفر
ٹھگوں نے لوٹ [illegible] آیا

کہو یہ حضرت موسی سے ہم نہیں ایسے
تمہیں کو غش ہوا ہم [illegible] آیا

کمال شان کو تھا شوق کوچہ گیسو
پہنچ گیا تو بڑی [illegible] آیا

کبھی وہ بزم میں جا کے نصیب پروانہ
چمن کا قصد کیا وہ [illegible] آیا

زیادہ شب سے بھی ہے اب جہان میں اندھیر
یقین ہے روز قیامت بہت قریب آیا

ہزار حادثہ ہیں سایہ دار ساتھ مری
قیامت آئی جہان میں بلا نصیب آیا

فرشتہ نزع میں آیا نظر تو سمجھا میں
ہوئی حضور سے میری طلب نقیب آیا

دوا ہے زہر فراق آب تیغ کا شربت
ہماری جان کو ہے آپ سا طبیب آیا

ملک نے آ کے بشارت جنان کی دی مجکو
ملی وطن کی خبر قاصد حبیب آیا

یہ کیا سبب ہے جو اب تک دعا قبول ہوئی
ہزار بار زبان پر ہو المجیب آیا

چمن میں تازہ ہوئے گل چلی ہوائے بہار
اسیر سیم فریاد عندلیب آیا

نوجوانی کا نہ پیری مین کبھی ہوش ہوا | خواب دیکھا تھا جو شب صبح فراموش ہوا

بعد مدت مری قسمت کا ستارہ چمکا | قطرۂ اشک کسی کا گہر گوش ہوا

پابرہنہ نہ جنون مین بھی خدا نے رکھا | آبلہ بڑھ کی مری پاؤن مین پاپوش ہوا

چاہ مین بہیک کی یوسف شدہ روئی اخوان | کیا غضب ہی نہ کبھی خون کا بھی جوش ہوا

نقد افلاس رہا اور نہ عصیان باقی | مہربان جب وہ عطا پاش و خطا پوش ہوا

جس کو دیدار دکھایا ہمہ تن چشم کیا | بات کی آپ نی جس سی ہمہ تن گوش ہوا

ٹھیک آیا نہ مری تن پہ کوئی اور لباس | رخت عریان بدنی زیب بر و دوش ہوا

وصل ادنا کا نہوگا کبھی اعلا سی نصیب | ذرہ خورشید سی کس روز ہم آغوش ہوا

سر مین کس زلف کی گیسو کی ہوا ہی پس مرگ | کہ چراغ آکی مری قبر پہ خاموش ہوا

پھس گئی ایسی حوادث مین عدم سی آکر | وعدۂ روز ازل ہمکو فراموش ہوا

قیمتی رخت سی کیا اہل صفا کو درکار | دیکھہ لو آئینہ بنتی ہی نمد پوش ہوا

بیہوشی خوب تھی کچھہ فکر زمانہ کی نہ تھی | ہوش جاتی رہی جب سی ہمین ہوش ہوا

کون کہتا ہی نہین کرتی صحبت مین اثر | جل اٹھا پنبہ شرر سی جو ہم آغوش ہوا

رنج مین بھول گئی صحبت احباب بہم | دام مین لطف چمن خواب فراموش ہوا

عشق کامل کہو کہان دیدۂ اغیار سی شرم | شمع سی بزم مین پروانہ ہم آغوش ہوا

نشترۂ نالۂ بلبل سی یہہ گلشن مین ڈرا | دام کو اوڑھ کی صیاد زرہ پوش ہوا

سر جو اترا تو یہ دی حلق بریدہ نی صدا | شکر صد شکر کہ مین آج سبکدوش ہوا

وہ صریر قلم اپنی ہی کہ جسکو سنکر | چہچہا باغ مین بلبل کو فراموش ہوا

قحط روزی کا زمانہ مین ہی سارا رونا | شیر دایہ جو پیا طفل بھی خاموش ہوا

فصل گل آئی جما صحبت احباب کا رنگ — باغ مین مجمع رندان قدح نوش هوا

عمر بهر مین جو کیا جرم تعجب کی هی جا — ان کو بهولا نه کوئی همکو فراموش هوا

حرف مدغم کی طرح اوس بت کو خط سی اسیر
پهر جدائی نهوی جیسی هم آغوش هوا

دیی جا جام بهر بهر کر شراب ارغوانی کا — یهی هی ساقیا روغن چراغ زندگانی کا

جو عاقل هی اوٹها دنسی تعلق بهر جانی کا — دم آیا یا نه آیا کیا بهروسا زندگانی کا

نه پوچهو ضعف دلمین حال اشکونکی روانیکا — جهان تها توڑ پاتیکا وهین توڑا هی پانی کا

پنهچکر یار تک چاها کهون کچهه درد دل اپنا — نه نکلی بات تک شته سی جرا هو ناتوانی کا

سکان باقی رکهین حسرت یا مشکل قتان تها — کبهی تان دیکهی دیوار کو چهلا نتانے کا

کهڑی مین منتظر سیکش که اک اک جلم هاته آکر — الهی جهم کوئی توڑی شراب ارغوانی کا

تمهارا طالب دیدار هو وه صورت موسی — گوارا هوا وٹهانا جسکو نازلن ترانے کا

وه چشم آسمانی اوڑه کر وه روبرو آئے — الهی سامنا هی کس بلا ئی آسمانے کا

شب تاریک غربت نے بهت همکو ستایا هی — چمکتا هی مهر محشر وقت هی یه مهر پانے کا

سی اوسکی لب بیان تحقیق پر دیکهی تو سمجهی هم — نهان ظلمات مین چشمه هی آب زندگانی کا

نگا هو نمین هر اک زنگی کیچهی صورت یوسف — سیاهی جسی کهتی هین عالم هی جوانی کا

کسی گل کا هون کشته بید باغی پهیری خاطر هی — لسه پیلیان کرتے هین کیون عمل نوحه اسکا

وه بیکش هین کرشل چشم اپنا دل هی بر جوانا — یه ساغر هی تو وه شیشه هی شراب ارغوانے کا

کهاهو یار کی جو کچهه بیان کر جلد اے قاصد — بڑا خبط هون بهت مشتاق پیغام زبانے کا

چٹک کر گل هوا غنچه تو اوس سی یه صدا آئی — ارکل وچا ده دن جهان هی جوبن توجوانیکا

خضر اسا جہان مین زندہ ہی نام سکندر بھی
مگر آئینہ بھی چشمہ ہی آب زندگانی کا

اسیر اپنی زبان سے گرم سب مضمون نکلتے ہین
زمانہ کس طرح قائل نہو آتش زبانی کا

سفر در پیش ہی ہر روز یہ عالم ناتوانی کا
کٹی کس طرح دیکھین مہمت میدان زندگانی کا

نکالا چشم بد دور آپ نے جوبن جوانی کا
مبارک سامنا عاشق کو مرگ ناگہانے کا

دل خرسند اپنا ہی عجب گلزار داغون سے
خلیل اللہ کو عہدہ جہان ہی باغبانی کا

بڑی ہی جو بات ہی ہرگز نہین اچھا مآل اسکا
جتانا زخم کی حق مین سفر ہوتا ہی پانی کا

جوان تھی جبتلک پیری تصور مین آتی تھی
نظر آتا نہین اب خواب مین عالم جوانی کا

وصیت ہی کہ کشت زعفران مین قبر ہو میری
کہ کشتہ ہون کسی گل کی لباس زعفرانی کا

ہمین تو یار کی زلف عرق آلود نے مارا
غلط سنتی تھی خالی زہر سے ہی سانپ پانی کا

نکلتا ہی نہین ہرگز سوا ہی جنگ کچھ منہ سی
تری باتین ہین قاتل تجربہ شمشیر خانے کا

جہان مین نام اگر چاہی تو کر کوئی ہنر پیدا
فن تصویر سی شہرہ ہوا بہزاد مانے کا

ہماری پیاس کیونکر بجھ سکیگی اس حرارت سی
تپی کی بوند بنتا ہی زبان پر قطرہ پانی کا

کہین کیونکر نہ ہم صیاد خامی کو کہ سطرون سی
بچھایا ہی ورق پر دام مرغان معانی کا

بھر آئی بزم ماتم مین جو چشم یار سمجھا مین
لپیٹا ہی ارخ بیمار پر یہ ناتوانے کا

ادب رستا ہی ہم سات موسی کی اگر ہوتی
جواب اپنی زبان سی کب نکلتا لن ترانی کا

کسی کی سامنی جو دست خواہش وا نہین سکتا
یہ احسان ہم عالم افلاس مین ہی ناتوانی کا

جوانو کیون تلف کرتی ہو عصیان مین جوانی کو
بہت یاد آئیگا پیری مین یہ عالم جوانی کا

یہ گھبرائی ترانی ہو منہ سی نکلا حرف کن سنتی
بنانا بھی نہ آیا تمکو فقرہ لن ترانی کا

بہار باغ کی مستی اسیر اپنی زیادہ کی
کہلا جو گل ہوا ساغر شراب ارغوانی کا

کہاں شہرہ نہیں عالم میں خوش بیانی کا
فغانی ایک بلبل ہی مری باغ معانی کا

تلاشی مربع امید ہی خود ایک پانے کا
کہو ابر کرم سے وقت ہی یہ مہر باسنے کا

کہا مطلع جو وصف آدم و حاتم میں سمجھی ہم
ملا اول سے بہتر قافیہ مصرع ثانی کا

تمنا و رکو کہاں طاقت کہ محشر عشق میں سر کو
یہ وہ دریا ہی جس میں ہر جگہ ہی ڈر نہ پانی کا

فقط نقصان نہیں کچھ نفع بھی ہی درد فرقت میں
گھٹایا تن بڑھایا زور سستی ناتوانی کا

جگر لب تھا کہ ہوتی ایسی آفت میں نہ ہم مضطر
نہیں ملتا جو دل اپنا سبب ہی ناتوانی کا

کبھی ہوتی نہ دیدار خدا کی حشر میں قائل
سمجھتی قائل رویت جو مضمون لن ترانی کا

قلم لرزی پڑی ہاتھوں میں رعب حسن سے عشقہ
تری تصویر کھینچیں سو نہی کیا بہزاد و مانی کا

عبث ترک فلک کو ہم سے قصد جنگ رہتا ہی
اثر نالی میں ہی اپنی وہ نشتر کا دیا پانی کا

توقع رکھنے دینداری کی ہرگز اہل دنیا سے
نشان الفاظ مہمل میں نہیں ہوتا معانی کا

تری آگی نکھولی آنکھ غش سے شاہد گل نے
دیا شبنم نی چھینٹا لاکھ اوسکی ہو نہ بیانی کا

اوٹھا سکتی نہیں دل سے کسی صورت حسینوں سے
یہانتک حال پہنچا ہی ہماری ناتوانی کا

اوٹھوں گا حشر کی دن بھی کفن پہنے ہوئے گلگوں
کرشمہ ہوں کسی کشتہ کی لباس زعفرانی کا

الٰہی خیر ہو مکتب نہ بنجای کہیں مقتل
معلم سے سبق پڑھتی ہیں وہ شمشیر خانی کا

اسیر اندیشہ روزی جو رکھتی ہیں وہ نادان ہیں
کہ ضامن ہی خدا رزق اقاصی و ادانی کا

کبھی جو ملک شہادت کا بندوبست کیا
قضا نی خنجر قاتل کو پیشدست کیا

زخم بدن کی شکر ہی اتنا تو خون دیا
رنگین حنا سی ناخن شمشیر ہو گیا

کیوں ہمنی آہ موہہ سی نکالی غضب کیا
برہم مزاج زلف گرہ گیر ہو گیا

تربت پہ پھر نہ آیا وہ سیمتن
مرنا ہماری واسطی اکسیر ہو گیا

پوچھو نہ عشق ابروی قاتل مین حال دل
اس سرزمین پہ قبضۂ شمشیر ہو گیا

حیرت ہوئی یہ اوسکی نظارہ سی خلق کو
عالم تمام عالم تصویر ہو گیا

زائل ہوا نہ سردی ایام کا اثر
کھایا جو داغ قرص طلا شیر ہو گیا

غازہ ملا تو اوسنی کیا ارادہ قتل عام
چہرہ چمک کی صورت شمشیر ہو گیا

بیٹھی ہین جاکی پہلوئی قاضی مین میپرست
مسجد کی پاس میکدہ تعمیر ہو گیا

دیکھوں ہوں کس قدر مجھی حیرت حضور یار
تصویر یار کو مین دیکھہ کی تصویر ہو گیا

پہنچا نہ اشک گرم فلک تک رہی کرم
قصر بہشت مین گھر تعمیر ہو گیا

کی عاجزی جو ہمنی گئی سرکشی نفس
یہ دیو اس لباس مین تسخیر ہو گیا

دکھلا کی اوسنی خال رخ اپنا چھپا لیا
پنہان چمک کی اختر تقدیر ہو گیا

جبتک مین نوجوان تہا وہ کمسن تہا
اب وہ ہوی جوان تو مین پیر ہو گیا

کوچ و مقام ایک ہی اس راہ مین اسیر
گھر بن چکا کہ مقبرہ تعمیر ہو گیا

جھوکا ہوا کا آتش گیر ہو گیا
لب ہل گئی تو وارد تاثیر ہو گیا

مجھ سی چھٹا جو یار مین نخچیر ہو گیا
قد خمیدہ حلقۂ زنجیر ہو گیا

تدبیر جب کوئی نہ چلی وصل یار کی
انجام کار قائل تقدیر ہو گیا

جاتا رہا کی اوسکی صحبت جا جو کہان
الفت کا سلسلہ ہمین زنجیر ہو گیا

جان آب دم شمشیر سے بچتی کے نہیں
ڈوبتا ہوں کہ گلی تک مری پانی آیا

تیغ لیکر رخ قاتل سے گیا دل زخمی
دہیان گیسو کا لیے مشک فشانی آیا

نشۂ بادہ ہوا غازۂ رخ گلگون کو
رنگ پر اور ترا باغ جوانی آیا

میری نزدیک گیا باغ سے زندان گذر
جو عدم سے طرف عالم فانی آیا

اک جہان ہوگا خریدار زلیخا کی طرح
سر بازار جو وہ یوسف ثانی آیا

حق تو یہ ہے کہ کیا موت نے احسان مجھپر
قبر پر یار لیے فاتحہ خوانی آیا

بیوفائی مین بھی ہوتا ہے وفادار کوئی
کام مسلم کی بہت کوفی مین ہانی آیا

سوکھی ہونٹین ہماری کبھی پانی نہ پڑا
کبھی پوشاک پہنکر نہ وہ دہانی آیا

بزم مین دیکھ کی عاشق کو وہ کیا کہتی ہین
کوئی پوچھے تو کہان یہ خفقانی آیا

وصف اوسکی رخ سیمین کا لکھا ہے جو اسیر
آج قبضہ مین مری گنج معانی آیا

جب کسی جانب چلا مین زار جل کر رہگیا
اپنے دروازے سے بس باہر نکل کر رہگیا

حرص ہے شکل مگس بیجا کہ آخر اے حریص
خوان نعمت اوٹھ گیا تو ہاتھ مل کر رہگیا

کس جگہ کی بیجا اونکی مقدر نے کمی
میان سے وہ نیمچہ آدھا اوگل کر رہگیا

دیکھنا قسمت لگائی ایک بھی مجہپر نہ چوٹ
پھیری وہ قاتل عالم بدل کر رہگیا

ہے پیام مرگ عاشق کی لیے وصل حبیب
شمع تک پہنچا جو پروانہ تو جل کر رہگیا

چھا گئی حیرت جو اوس پائیکی مچھلی دیکھکر
جوشش دریا رک گیا میڈکا اوچھل کر رہگیا

پھولتا پھلتا مرا نخل تمنا کس طرح
بچ رہا بجلی سے تو پانی سے جل کر رہگیا

دست و پائی یار مین جب غیر نے مہندی ملی
آگ سی دل مین لگی مین ہاتھ مل کر رہگیا

قصد اوٹھنی کا تو تھا اوسکو ہماری پاس سی
چار آنکھین ہو گئین زانو بدل کر رہ گیا

گرمی خورشید روی یار کا دیکھو اثر
برف کی مانند آئینہ پگھل کر رہ گیا

لب لی کی معجز نمائی کچ گئی دلمین جان
سحر سمجھیں نرگس جادو کا چل کر رہ گیا

گریہ مجنون سے خاک نجد ای لیلی تھی گل
خیر گذری پاؤن ناقی کا پھسل کر رہ گیا

کام کیا وحشت مین آئی گرمی داغ فراق
تن ہیولی کی طرح جیتی جی جل کر رہ گیا

کیسی کیسی گل تر انکی جو بسے رچھا گئے
پتا پتا اس چمن کا ہاتھ مل کر رہ گیا

جم گیا کیا رنگ غربت میانسی نکلی تیغ
آستین سی ہاتھ قاتل کا نکل کر رہ گیا

جسم خاکی بھر نہ نکلا گور مین جاکر اسیر
کیا کھلونی کی طرح سانچی مین ڈھل کر رہ گیا

زبان خاموش رکھ ای دل کہ قابو ہو نہ دشمن کا
حقیقت مین ہی رنگ کارواں جاسوس رہزن کا

وہ ہون راحت رسان خلق مر کر بھی ہے حسرت
چراغ اگر کوئی مفلس اوٹھا لیجای مدفن کا

معاذ اللہ کیا زخم زبان خلق کاری ہے
گلی شمشیر مین بھی کاٹ ہی شمشیر آہن کا

کسی لعل مسی آلود کی تعریف لکھتے ہین
دوات اپنی قلمدان مین ہی گویا پھول سوسن کا

نہین ای چرخ بعد مرگ حاجت شامیانہ کو
کہ مدفن کو مری کافی ہی سایہ نخل ایمن کا

نہین عریانی وحشت مین فکر پیرہن لیکن
کبھی آنکھین جو روتی ہین خیال آتا ہی دامن کا

خداوندا نہین ہی دیدہ احول خیانت گر
نگہ کر دیکھنا منظور ہی اوس روی روشن کا

خیال زلف ہی کیونکر مری آنکھون مین آیا ہی
کہ رستہ بند کر دیتا ہی کھٹکا راہزن کا

ابھی کوتہ آیا حکم میری ناتوانی سی
کہ مٹی دیکی ناحق بوجھ ڈالا اسکی گردن کا

ادہر ہی پیاس کی شدت تو مر بھی جا تجھی حسرت
ترا خنجر ہی پیاسا خون کا مین ہی آہن کا

کہیں ہو کر بیمار ہی تیغ قاتل جا نہیں سکتا
پڑا ہی پاؤں میں پہندا مری رگہای گردن کا

زمانہ دی اگر راحت پیام مرگ جان اسکو
کہ جلوا زہر سے خالی نہیں ہی دست دشمن کا

روئی کو کاٹتی ہی تیغ لیکن سخت مشکل سے
جو نرمی ہو طبیعت میں چلی کم زور دشمن کا

فراق یار آسان ہی وصال یار مشکل ہے
نکل کر شیر سی دشوار پہر ملتا ہی روغن کا

جو اہل حرص ہیں نعمت بہی محروم راحت ہیں
دہان بند ایکدم کہلتا نہیں ہی گاو خرمن کا

اسیر اس باغ میں ہی کون طائر جو نہ ہو ایسا
جلا جل ہی ہر اک پتا مری شاخ نشیمن کا

بہار آئی ارادہ قید خانہ سی ہی گلشن کا
ٹہا ہو پاؤں کی بیڑی او تار و طوق گردن کا

سپید ایسا ہوا خون جو ہلکی پاری ہمری [illegible]
کہ پردہ حشر کی دن رہ گیا قاتل کی دامن کا

جگر [illegible] آفت اب [illegible]
نہ چہوڑا جو میٹوں نی ایکدانہ میری خرمن کا

غذی ساقی لی ہی سکو جو دنیا سی کیا شکوہ
قصور اس تنگدل کا ہی نہ اوس کوتاہ گردن کا

دہواں چھایا ہی ایسا آہ کا گور غریباں پہ
فرشتوں کو نہیں ملتا ہی رستہ میری مدفن کا

کسی ممکن نہیں زیر بہار اسکی [illegible]
چراغ دل ہی یاد ہنا کسی دیبا میں روغن کا

جگر میں چھید ہوں غم سی تو پا ہی [illegible]
کبہی خواہاں نہیں خیاط بی سوراخ سوزن کا

نہیں تنہا ہم اوس لعل سی آلودگی [illegible]
گریبان چاک ہی گلزار میں گلہای سوسن کا

قدم سی جو لگی ہیں آج کل دیوانگی [illegible]
جنون آتی دیکہا ہی آلہ داغ توسن کا

دم قلیان کشتی اوس ترک [illegible]
[illegible] کا نہ چاندی کا ہی خنجر میری گردن کا

گلا کیا خشکی ایام کا کرتے ہیں پروانے
[illegible] ایک [illegible] تنک شمع میں ہی موم روغن کا

نہ کیونکر اہل دنیا ہوں مطیع نفس امارہ
لباس دوست میں پہچانتا مشکل ہی دشمن کا

فردوس مین پیچ کی جو یاد آگئی وہ زلف / گیسوی حور مجکو سیہ مار ہو گیا

مضمون جو کہی دیدۂ گریان کا بندھ گیا / دریا مرا سفینۂ اشعار ہو گیا

گرمی مین دہوپ سر کی مجہ پہونچا جنون ہوا / آسیب مجکو سایۂ دیوار ہو گیا

آخر جو فتنۂ قد و گیسو ہوا دراز / عمر خضر بنا شب بیمار ہو گیا

احسان راہزن کا ہی رخت سفر لیا / ہم تو سبک ہوی وہ گران بار ہو گیا

وہ نالہ کسکی ہمدمی کا آیا چمن مین یاد / اژدر عصای نرگس بیمار ہو گیا

گہیرا ہی مجکو آگی مقدر کی پیچ نی / مین بہی اسیر نقطۂ پرکار ہو گیا

ہوا جو خاک بدن ساغر شراب بنا / ہزار شکر کہ ذری سی آفتاب بنا

عروج بخت خرابی ہی کوی الفت کر / بگڑ گیا جو یہان وہ مری حساب بنا

سبو شکست سی ہم میکشون کا کیا نقصان / سبو جو ٹوٹ گیا ساغر شراب بنا

نہین جو تیر کسی ناتوان کی دریا مین / تو سطح آب پہ کیون گنبد حباب بنا

بہت قریب اجل ہی کہو یہ منعم سی / مکان کی ساتہ کوئی مقبرہ شتاب بنا

وہ کشتہ ہون مین کسی جامۂ معطر کا / کہ سنگ گور بہی شیشۂ گلاب بنا

گرا جو پاؤن پر اوس شہسوار کی مین ضعیف / تن خمیدہ مرا حلقۂ رکاب بنا

کہا جو خالق عالم نی خلق دل میرا / خلیل نی یہ کہا کعبی کا جواب بنا

ہماری گہر سی در میکدہ تلک زاہد / سڑک بنی کہ کوئی جادۂ ثواب بنا

اجل نی دی ہمین مہلت نہ عہد طفلی مین / ہوا جنازہ جو گہوارہ بہر خواب بنا

تڑپ کی لاشہ گرا پای اسپ قاتل پر / بگڑ کی کام مرا وقت اضطراب بنا

اوس چشم شوخ سی نہ غزالونکی چل سکی
شیر دن کا بلکہ نشہ جرأت ہرن رہا

عریان تنی ہی پردہ نقاہت نی رکھہ لیا
پنہان نظر سی روح کی صورت بدن رہا

پایی نہ ایک قطرہ ملا اسپہ رات دن
پیاسون کا جمگھٹا لب چاہ ذقن رہا

رخصت ہوا وہ مہر تو تا شام صبح سے
اپنی سیاہ خانہ مین سورج گہن رہا

جبتک کہ ہم جیی کبہی بہولی نہ موت کو
تکیہ مین مری مری ہمارا کفن رہا

اہل وطن سی شوق ملاقات رہ گیا
موت آئی جب قریب ہمارا وطن رہا

ٹکڑی ہا اوڑائی دست جنون نی برنگ گل
ثابت کبہی نہ تن مین مری پیرہن رہا

ای عشق زلف تجہہ سی ہی نقصان کیسکا گیا
ہر روز کچھہ نہ کچھہ تری سودی مین بن رہا

ہم دل سی ہم سخن ہی دل اوسی ہم سخن
خلوت مین بہی مکالمۂ انجمن رہا

دونون کو ہی زوال یہان حسن ہو کہ عشق
شیرین رہی نہ ولولۂ کوہکن رہا

وقت سخن جو بی دہنی اونکی کہل گئی
اہل سخن کو کچھہ نہ مقام سخن رہا

مشتاق مرگ کون ہی مجہسا جہان مین
باندہی ہوی مین سر پہ ہمیشہ کفن رہا

جنت مین قصر لعل و زمرد ملی اسیر
اسوجہ سی کہ عشق حسین حسن رہا

جہکایا سر ہوا رتبہ میسر سجدۂ عابد کا
گمان شمشیر قاتل پر ہوا محراب مسجد کا

وہ طائر ہون کہ ہی بالکل طریقہ مجہمین عابد کا
نشیمن ہی منارہ آشیان گنبد ہی مسجد کا

نہ ہوا آزردہ سیر گل کو آیا مین جو گلشن مین
بہت مشتاق تہا ہی باغبان بیگانہ وارد کا

شناہی غیرت نوشابہ ہی وہ حسن و خوبی مین
چلون مثل سکندر مین بدل کر بہیس قاصد کا

ضیا چاہی تو دل مین حرص دنیا کو نہ آنی دی
چراغ ایسا نہ ہو یہ سگ اوڑہا لیجای مسجد کا

کبھی بھیجا نہ ہو لی کھینی کو سنت آئی ہیں
بنا لا رنگ ساقی زردی رخسار زاہد کا

شہادت نامہ لکھو دیر کو شاید وہ خط لکھی
عدم کا قصد ہی پر انتظار اب تک ہی قاصد کا

نماز صبح پڑھنی کو جو وہ گل رو نہیں آتا
موذن کی نظر میں خار گلدستہ ہی مسجد کا

نہیں کچھ عذر ہمکو دولت دنیا کی لینی میں
خدایا پر نہیں دل کو گوارا رنج حاسد کا

جہان کا حال آتا ہی نظر سب فیض ساقی سی
ہوئی جمشید تالی ہم پیالی کی مرشد کا

مزا دی خوب اوس قاتل کی خط شوق لکھنی کا
جواب خط کی جا سر کاٹ کر بھیجا ہی قاصد کا

تواضع اوس کی سب کرتی ہیں جو صاحب تواضع ہی
خم محراب میں سر ہی نگون ہر ایک ساجد کا

شیاطین نفس امارہ میں سب پیش آتی ہیں
کری گا سامنا کیا کوئی کافر اس مجاہد کا

برا کہتا ہی مجکو غیر اگر کیون سچ سمجھتی ہو
گواہی کیا ہو جبتک کہ ثابت عدل شاہد کا

مقرر کیجیی دو چار دوسون کا تو روزینہ
توقع پر کرون دربار کب تک پیر و مرشد کا

تری چشم سخندان پر نہیں سطرین یہ پلکون کی
نظر آتا ہی ہمکو حاشیہ شرح مقاصد کا

کناری سی غرض ہی کیا کرون مینہ کی دو اشکون کی
بہت بہتر ہی ہوئی سی نہ ہونا امر زائد کا

ندی ای چرخ ساغر دولت جمشید کا مجکو
گلاؤن خاک منہ اسکو نہیں چھوڑا ہی ملحد کا

وہی مغشی ہی منشی وصف جو اوس زلف کا لکھی
شرف لی شبہ مرح سنبلہ میں ہی عطارد کا

مرا دیوان ہی یہ مثنوی کب ہی غنیمت کی
بیان اس میں کہاں عشق عزیز و حسن شاہد کا

ہوی وہ آگ فورا پانی پانی دیکھ کر مجکو
غضب کی برخلافی ہی ٹھکانا ہی ہی اس ضد کا

نہیں موسیٰ علی و مصطفیٰ کو جو جدا سمجھی
اسیر ایمان سی باہر ہی وہین ہوتا موحد کا

تمہاری قد کا صنوبر جواب کیا ہوگا
یہ مصرع نظری انتخاب کیا ہوگا

ایا حسین ہین اوسکا جواب کیا ہوگا
غلام لیجئیگا آفتاب کیا ہوگا

خدا سی شرم نہین ہی جسی گناہ کی وقت
لگا کی خلق سی اوسکو حجاب کیا ہوگا

وہ شہسوار کبھی پاؤن تک نہین رکھتا
چمک کی بدر ہلال رکاب کیا ہوگا

خلاف وقت ملیگا نہ رزق تقدیری
کریگا لاکھ کوئی اضطراب کیا ہوگا

ادھر گناہ ادھر بیحساب سی رحمت
عبث ہی فکر کہ روز حساب کیا ہوگا

ہوین کا شوق سجود کعبہ لیچلا ہی مجھے
یہی جو حج ہی تو حاصل ثواب کیا ہوگا

یہ میری رونی سی گھبرا گئی ہین حضرت نوح
خدا سی پوچھ رہی ہین حباب کیا ہوگا

زبان غیر پہ ہی ذکر روی یار عبث
پڑھیگا گبر جو قرآن ثواب کیا ہوگا

عبث چھپالی ہو زلفون مین عارض روشن
حجاب ابر پریشان سحاب کیا ہوگا

نہین ہی کچھ دل سوزان کو خوف دوزخ کا
سمندر آگ مین گر کر کباب کیا ہوگا

ملیگی پیر مغان سی ضرر ملی کم و بیش
در سخی سی گدا کو جواب کیا ہوگا

رہیگی پیر نہفتہ فنا سی راز دار تری
بیان گنگ سی احوال خواب کیا ہوگا

کتابتی گذری کی خبر کو دل سی ملتی ہی
جو خط کا وہ نہ لکھینگی جواب کیا ہوگا

مجھی توقع کری آپ ہی نہ دینا خط
اوسی نہین تو مجھی اجتناب کیا ہوگا

ہی نقاب وہ رخ آفتاب محشر ہے
کھلی جو یار کی بند نقاب کیا ہوگا

ترے سبب کی بعد تنا ہون گی خلد مین داخل
لحد مین ہم نہ رہینگی عذاب کیا ہوگا

غلط ہی نہ خط اوس روی صفا پہ نکلا
وصال شپرہ و آفتاب کیا ہوگا

ازل کی روز ملی ہی تجھی جو عمر قلیل
تو جیسی دم سی بہی مثل حباب کیا ہوگا

امیدوار عنایت رہینگی کیا محروم
شہر آسمانہ مین قحط شراب کیا ہوگا

بنا ہی جود و کرم سی یہ آب و گل کی جگہہ
اسیر خانۂ احسان خراب کیا ہوگا

جھومتی آتی ہی کیا سوی چمن کالی گھٹا
دختر رز سی سوا ساقی ہی متوالی گھٹا

ہون وہ دیوانہ جو آئی میری زندان کی طرف
پھر ڈرن سی اپنا دامن کر گئی خالی گھٹا

قاصدا جلدی روان ہو صاف مطلع ہی ابھی
تار بارش کا ہی دم مین باندہنی والی گھٹا

کشت میری ہی ابھی تک قابل نشو و نما
کیا تکلف ہی جو برسی بعد پامالی گھٹا

درفشانی چاہتی ہی میری کشت آرزو
لائی گی ایسی کہان سی ہمت عالی گھٹا

دن بڑہائی قید کی میعادین صیاد نے
شکر اللہ کچہہ تو سنجہلی پر و بالی گھٹا

زلف چہری پر تمہاری دیکھہ کر کہتی ہی خلق
واہ کیا چہائی ہوئی ہی باغ پر کالی گھٹا

ہو گیا اک جام پیکر دو جہان سی بیخبر
دی گئی جسکو پیام فارغ البالی گھٹا

اسکی سر مین بہی ہی سودا کیا کسی کی زلف کا
کر لی ہی میری طرح رو کر جو دل خالی گھٹا

کیون کیا تمنی توقف کنج عزلت مین اسیر
سیر کو تب آئی تم جب باغ سی جالی گھٹا

بوی خوش دیتا ہی محفل مین پسینا یار کا
عطر کھینچا خوب گرمی نی گل رخسار کا

غیر کیون کرتا ہی وصف اس ابروی خمدار کا
باندہنا نامرد کو زیبا نہین تلوار کا

برگ نخل طور ہلتی ہین تو آتی ہی صدا
آنکھہ کر پیدا اگر ہو حوصلہ دیدار کا

جوش حیرت کا یہ عالم ہی کہ گر سکتا نہین
ہی [illegible] میری آشنا آئینہ دیوار کا

مرد عالی قدر سی دنیا کہ رکہی کیا خلش
پا ہی راکب کو نہین رستی مین کھٹکا خار کا

موذیون کی ہین شریک حال اصغر بعد مرگ
چیونٹیان آتی ہین او ٹہوا شیوہ رفتار کا

دولت ہمسایہ کر دیتی ہی لذت مین شریک
آنکھہ دیکھی دل اوٹھاتی ہی ذائقہ دیدار کا

آنکھہ کا حلقہ سجاتی طوق گردن چاہیی
ہو نہین دیوانہ کسی کی نرگس بیمار کا

بھوک مین سنگ شکم سی نفس بد کو دون شکست
چاہیی سنگ گران سی سر کچلنا مار کا

ایک سی ہون جاہ بن کا دشمن ہو چھوٹا یا بڑا
کام وقت ذبح کرتی ہی چھری تلوار کا

اسفل و اعلی ہین دونون ایک سی حاجت سی شہر
کام خندق کرتی ہی گرد چمین دیوار کا

صحن محشر سی ہمین کرتی ہی باہر کیون ملک
ہم بھی آئی ہین تماشا دیکھنی بازار کا

اہل دنیا حرص زر مین ہو گئی کیا کیا ہلاک
زہر قاتل ہو گیا شربت اونہین دینار کا

تیرگی کہتی ہین اوسکو نور سمجھا ہی سواد
چشم اعمی ہی چراغ اپنی مکان تار کا

ہین تماشائی جو گلزار محبت کی اسیر
پھول سر منصور کو کہتی ہین نخل دار کا

ڈر نہین مجھکو کسی قاتل کسی خونخوار کا
مہر جنر ہی مجھہ سخت جانکی ہونہ یہ ہی تلوار کا

سب ہین طالب دیکھتا ہی کون جلوہ یار کا
چشم مردم سی نہان ہی یوسف اس بازار کا

ہستی نقاش قدرت صاف ظاہر ہو گئی
موسم گل مین مرقع دیکھہ کر گلزار کا

ہی کہی میخانہ مین یون گلزار جنت کا جو نام
ساتھ زاہد کی ہو ساقی حشر مجھہ میخوار کا

شکل اپنی کب نظر آتی ہی اپنی آنکھہ سی
آئینہ مین ہی نظر رکھہ دیدۂ اغیار کا

تیری گریان کو خوشی سی دیکھتا ہی زخم
کیا ہمسائی کا نظارہ قہقہہ دیوار کا

میری چشم تر سی جھکی دوری جانا نکی بہار
باعث آب چاہ ہی شادابی گلزار کا

حلقہ گیسو لی رکھا بوسہ عارض سی باز
ہو گیا قفل در مینخانہ غنچہ مار کا

ناتوان بینی ہی اون آنکھونکی نرگس سی عیان
حال کہلتا ہی جیسی نبض سی بیمار کا

ملا جو کعبۂ ابرو کا اوس سے اذن طواف
کسی نے قصد نہ کعبے کا ایک سال کیا

سواد شام کو سمجھے سواد مرقد سم
جو خواب آنے لگا مرگ کا خیال کیا

رہی زبان فلاطون جواب میں قاصر
کبھی جو مسئلۂ عشق کا سوال کیا

اسیر مجھ سا کہاں کوئی کشتۂ بیکس
ہوا میں قتل تو جلاد نے ملال کیا

دم بھر وہ مہرخ پوش جو کشتی نشین ہوا
ہر غنچہ حباب گل آتشین ہوا

اون کو کبھی نہ عشق مرا دلنشین ہوا
مونہ پر بہی جو اشک عرق کا یقین ہوا

انگشتری جو یار نے پائی یقین ہوا
سارا جہان اب مری زیر نگین ہوا

چھوتا تو اوسکی ساعد سیمین و ساق پا
دامن ہوا جہان میں زمین آستین ہوا

بزم جہان مین میں بہی ہون ہم شکل آئینہ
دیکھی ہزار عیب نہ چین بر جبین ہوا

نالون سے میری یہ تہ و بالا ہوا جہان
گردون زمین بنگئی گردون زمین ہوا

جاسوس اونکی ساتھ رہی میری وقت سیر
پہنچی گھڑی گھڑی کی خبر مین کمین ہوا

آخر تو ہوگا گور کا تہ خانہ خوابگاہ
بس دل مین یہ سمجھکے مین عزلت نشین ہوا

رکھا زمین پر آپ نے اس ناز سے قدم
ہنگامہ حشر کا تہ چرخ برین ہوا

عاشق کا سوگ چاہیے زینت نہ کیجیے
چہلم کیا سم ہی ابھی تو نہین ہوا

احوال دور دور کا دیکھا کتاب مین
ہر صفحہ مثل آئینہ دوربین ہوا

لوٹا خزان نے جامۂ زیبائے چمن
ہر نخل شکل ساعد بے آستین ہوا

مضمون عیان ہوا نہ عبارت پڑہی گئی
خط یار کا بھی خط لوح جبین ہوا

کھایا جو تیر یار تو ہم نامور ہوے
خاتم دہان زخم تہ پیکان نگین ہوا

گئی یہ دولت بصورت وصل کی دولت بھی ہاتھ سے
ابھی تو کام تمام اپنا ہی لیجاتا ہو جاتا

سیہ طالع وہ تھا گھر سے اگر شب کو نکلتا میں
ہوا کچھ ایسی چلتی کہ گل چراغ راہ ہو جاتا

گلستاں میں جو بازی کو یہ طفلان حسین جاتے
گلوں کا رنگ اڑ جاتا رخ گرد بازی نگاہ ہو جاتا

شب وصلت کی کوتاہی سے دل کو سخت ایذا تھی
یہ بڑھ جاتی جو روز ہجر کچھ کوتاہ ہو جاتا

اسیر اہل جہاں کی نوکری سے ہاتھ کیا حاصل
اگر تنخواہ سے اٹھتے کم رزق تنخواہ ہو جاتا

وہ یہاں آ جائے اگر اونکو خود آرائی کا
فاش پردہ ہوا بھی چشم تماشائی کا

دیکھ صحرا میں سماں لالۂ صحرائے کا
رنگ لایا ہے لہو یہ تری سودائی کا

ہی یہ سرسبز گلستان سخن آرائی کا
کلمہ پڑھتی ہیں طوطی مرے گویائی کا

تنگ کر نیکو نکیرین یہاں بھی آئے
گور کو سمجھی تھی ہم گوشہ ہی تنہائی کا

پنجۂ غم سے جو یہ چاک رہا کرتا ہے
دل مرا کیا ہے گریبان کسی سودائی کا

خوب سمجھا وہ ہوا جو سمجھنے کا مقر
ماعرفناک ہے حق اوسکی شناسائی کا

خون اپنا ہی جہان کا ہی یہاں تک لہو سفید
شیر مادر یہ سمجھتے ہیں لہو بھائی کا

سجدہ بھی وحشت دربان سے نکرنے پائی
لیچلی داغ تری در سے جبین سائی کا

آگیا موسم پیری علم قد ہے نگون
دانت گنتی ہیں نہیں وقت صف آرائی کا

تاب باقی نرہی دیکھ کے وہ زلف دراز
سلسلہ ٹوٹ گیا صبر و شکیبائی کا

آشنا جان کی قاتل نے مجھے قتل کیا
کشتہ ہوں جوہر شمشیر شناسائی کا

ہوں وہ عاشق مجھے سوز غم فرقت ہی ملی
دل ہی پروانہ چراغ شب تنہائی کا

بھر گئی سر میں سیہ اوس کاکل مشکین کی ہوا
مغز سر نافہ ہوا آہوئے صحرائے کا

نصیب جوش کدورت میں وصل یار ہوا
اوٹھا غبار تو پیدا وہ شہسوار ہوا

غرور اہل جہان سے میں دل فگار ہوا
کھچا جو مجھسے میں بھی تیغ آبدار ہوا

پیام مرگ تماشائے روی یار ہوا
چمک کی تخت جیسے داغ سرفراز ہوا

بہ رنگ آئینہ روشن ہے میری یکرنگی
اوسی کی شکل بنا جس سے میں دوچار ہوا

وہ کون ہے جسے نعم البدل نہیں ملتا
درخت میں ثمر گل تو میوہ دار ہوا

ہلا دیا فقط اس فراق ساقی نے
سبو ہے سر قدح دست رعشہ دار ہوا

در حقیقت عیش سے اس بزم میں ہے مجھے غم
جو نقش ایک گھڑی دو گھڑی غبار ہوا

ہلی ہوا اسکی ملک دل مرا ہوا زخمی
چلا تھا ابھی ناوک کہ میں شکار ہوا

سیہ کہکی دیتی ہے تسکین مجھکو مجبوری
پڑا ملا میں اگر کچھ بھی اختیار ہوا

فقط میں رند نہیں عرش خیال رندی ہے
پلی شراب نہ جس روز رعشہ دار ہوا

قضا کی بعد فلاطون کا مرتبہ پایا
خم شراب مرا کعبہ مزار ہوا

اثر ہے بعد فنا بھی یہ عشق گیسو کا
اگا جو سبزہ لحد پر زبان مار ہوا

حسین وہ اور نظر آئی خشمگین ہو کر
پری بنے جو کبھی سر پہ جن سوار ہوا

فراق یار میں مشتاق مرگ ہوں ایسا
کسی کے آئی قضا میں امیدوار ہوا

کبھی نہ ترک وطن کر جو زندگی چاہی
بجھا جو سنگ سے باہر کوئی شرار ہوا

دل ابرو و مژہ یار کی کیا زخمی
کمان میں تیر رہا اور میں شکار ہوا

بغیر اسکے نہ آ گئی ہوئی قوت
دوا سمجھ کے میں پیری میں بادہ خوار ہوا

پری وشوں کی ہوئی شکل دلنشین ایسے
کہ سکۂ درم داغ چہرہ دار ہوا

دبا رہا ہے مجھے پست بین فلک جیسا
زمین میں یوں کسی مردہ کی پشتار ہوا

دولت بے غیر یا ہاتھ آئی بھی تو کس کام کی
تنگ دل ہوتا ہے اکثر صاحب اکسیر کا

بے اثر ہے کون اپنی آہ کا مصرع اسیر
حسن مطلع ہے اسی میں نظم حسن تاثیر کا

شاد ہے دل قید کی لذت سے پیر کا
ہاتھ آیا ہے حصار عافیت زنجیر کا

خوب دل الفت سے صید افگن سے نخچیر کا
تیر نکلا رہ گیا سینے میں پیکان تیر کا

میں وہ دیوانہ ہوں گیسوی سیہ پیر کا
ہے دہان مار حلقہ میرے زنجیر کا

پر لیتا تھا سے گلرنگ تیری تیر کا
رنگ لایا خون اسی نازک افگن نخچیر کا

آرزو جو ہوتا ہے منہ میں قاتل کی زبان
ہے دہان زخم لب بوسہ لب شمشیر کا

فرط حیرت سے ہیں جس تن بولنے ہیں بے زبان
پابگل جیسے سفینہ قلزم تصویر کا

زلف چھوٹی جیسی وہ چہرہ نظر آتا نہیں
سب پہ پیدا راہ ہی خورشید عالمگیر کا

بیریاں ہی فکر سے بچیان قانع نہیں
ہے برائی شیر رونا کودک بے شیر کا

ہوتی ہیں جب گرم صحبت خوش ادایان جہیں
ذکر کرتی ہیں تری رنگینی تقریر کا

سیمتن محبوب کا کشتہ ہوں ہاتھ میں مجھے
خاک کی بدلی اوڑانا چاہیے اکسیر کا

اہل حیرت سے نہ کھ اندیشہ افشای راز
بولنا ممکن نہیں ہے مردم تصویر کا

تو بچا رسی خون کی وحشت سے لازم احتراز
دار اندازی شرک ہو جاتی نہ چھل شمشیر کا

کر رہا ظالم کہ ہوں دیوانہ نازک مزاج
اب زیادہ غل سنا جاتا نہیں زنجیر کا

غیر اگر دیکھی تو غیرت سے ہوا آب اسقدر
رنگ صفحے سے ٹپک جاتی مری تصویر کا

اہل دولت سے سمجھ اہل شجاعت کو سوا
زر سے آہن بیش قیمت ہے کہ جوہر شمشیر کا

اہل حق سے ہوتی ہیں اعجاز بعد مرگ بھی
قاری سے قرآن رہا تنہا ہی سید شبیر کا

رکھدیا یار نی شانہ تو لا بوسہ لیف
نہ ہا پیچ مین دل الٹو سودا ٹھہرا

کوچہ یار کا تھا شوق جو قاصد کو بھی
نہ کہیں راہ مین کہولی نہ کبھی جا ٹھہرا

تیری دانتونسی جو دعوی دریکتائی کا
سچ ہے یہ ہی سب کی نگاہون مین جہوٹا ٹھہرا

روز دفن اسکیطرف آئی مسیحا مین بھی کتم
تیسرا دن ہی مگر آج ستمگر ٹھہرا

جب تلک فکر کی ذہن مین آیا نہ کبھی
وہین یار کا مضمون بہت ٹھہرا

دم جو نکلا تو دم تیغ نی بخشی ہمین زیست
مر کے زندہ ہوئے جب قاتل مسیحا ٹھہرا

گرم بازار قیامت نظر آیا جو ادہر
مین بھی دو چار گھڑی ہو کے تماشا ٹھہرا

جھکا جو سر وقد سجدہ کو تا کا
مثل سچ ہی کہ سجدہ ہا کہ خدا کا

مری بالین سی اٹھ جاؤ طبیبو
دوا کیسی کہ ہے وقت اب دعا کا

فشار گور سی تن کانپتا ہے
ارادہ اسلیے ہے کربلا کا

بتادے راہ تنہائی کی ہمکو
کوئی ایسا بھی بندہ ہی خدا کا

تری تیغ ادا نے سب کو مارا
قضا کو سنا ہے اب قضا کا

سوا آہون کے کچھ اسمین نہین ہی
ہمارا دل گرہ ہے کیا ہوا کا

مریض اچھی ہون لب سی دی جو وہ بت
سنا ہے کالبد خاک شفا کا

تری گیسو کا مضمون باندھتی ہین
یہ شاعر ذہن سے کہتے ہین بلا کا

پڑی یارب کف پا مین وہ چھالا
کہ ڈر بیٹھ جائے گوش نقش پا کا

ہوئین یہ آرزوئین قتل دل مین
پھر آنکھون مین نقشہ کربلا کا

گئی جان ابتدائی عاشقی مین
اٹھایا ہمنے صدمہ انتہا کا

ایسے ہیں ظلم سی جو ہیں ظالم کی ہمنشین
زخمی نہ تیر سی کبھی زاغ کمان ہوا

تحریر خط شوق ہیں کسدن کمی نہ کی
ای کلک لاکھہ بار ترا امتحان ہوا

قاصد خراب پھرتا ہی ملتا نہیں پتا
اوس حور کا مکان نہوا لامکان ہوا

ہین اس چمن مین طائر نکہت ہون اے صبا
جو گل ہوا شگفتہ مرا آشیان ہوا

ہی اوسکی ملک شعر کہ شاعری اسیر
عالم مین مثل کلک جو صاحب زبان ہوا

بیجا نہین جو پیر دو بالین جہان ہوا
ٹہرا جو خواب آنکہون مین اگر گران ہوا

جس روز سی ہین عاشق موی میان ہوا
لاغر ہوا ضعیف ہوا ناتوان ہوا

بگڑی گا اوس صنم سی اگر دل کری گا کیا
شیشہ ترا جو سنگ سی اوسکا زیان ہوا

چاہا بہت مگر نہ کبھی اوسنی بات کے
مہر سکوت یار کا خال دہان ہوا

دیکہا نہ چشم کم سی کسیکو جہان مین
ذری پر آفتاب کا ہم کو گمان ہوا

دولت ملی جو ہم کو نہ اوسکا ہوا قیام
آیا جو گنج ہاتہ مین گنج روان ہوا

گلگل ہین جو سینہ چاک تو غنچی گرفتہ دل
یارب یہ کس چمن مین مرا آشیان ہوا

پائی جو ریخ تجہہ سی نہ بہاگی وہ کس طرح
سر پر اوٹہائی ضرب تو سکہ روان ہوا

ہی میزبان سپہر تو آسودگی کہان
بہکار تیغ بخیل کا جو میہمان ہوا

صحرا کی ابر و مری چہالونسی بڑہ گئی
ہر خار آبدار برنگ سنان ہوا

کہاتا جو بعد مرگ سگ یار تہا مزہ
کیا فائدہ جو رزق ہما استخوان ہوا

شاید کہ یہ بہی گلشن جنت ہی ساقیا
میخانی مین جو پیر بہی آیا جوان ہوا

مجروح اوسکی ہاتہ سی ہوکر ہوی نجات
جو زخم کہل گیا در باغ جنان ہوا

کرتا ہی میٹھی باتین بہی ہم سی وہ آج کل | شیرین دہن تہا شکر ہی شیرین زبان ہوا

دشنام دی کی بوسہ دیا ہمکو یار نے
حلوا اسیر مرہم زخم زبان ہوا

نہ پوچھو حال میری دل سی جوش قلزم غم کا | کہ جو گرداب اس دریا مین ہی حلقہ ہی ماتم کا

بنات النعش ہی تابوت وہ سامان کی ون غم کا | بتاؤن ابلق ایام کو دلدل محرم کا

خداوندا اٹھوالی ہاتھ سی دل سن کبھی غم کا | رہی سایہ مری تابوت پر بھی نخل ماتم کا

پہونچ کر خدمت پیر مغان مین دل یہ کہتا ہے | کبھی کس چیز کی مہمان ہون یان ایسی حاتم کا

عطا کرتی ہی شاہی کا مزہ چلو مین مینوشی | یہ ساغر جس کو ہاتھ آئی وہ پائی مرتبہ جم کا

ہو ظالم سی مال سخت کہا کہا کہ جو بہولا ہی | کہ ہوگا جسم فربہ ایکدن کندہ جہنم کا

ہوائی حاسہ یا رب ہی کیا گلعذار دن کو | بنا کرتی ہین آنکھین آنسوؤں سی تہان شبنم کا

مری مضمون تو پابند ہی غیر اپنی شعر مین کہدو | نہین زیبا کہ دست زال مین ہو گرز رستم کا

زمانہ شادی غم کسی کو دی یہ کیا ممکن | بہی تخت عروسی بہی تو چوب نخل ماتم کا

مین وہ دیوانہ ہون جب قید خانہ مین قدم رکھا | بچھایا بیڑیون نی ہر طرف غل خیر مقدم کا

کسی تیری سی قد لی کر دیا ہی ہمکو دیوانہ | مناسب پاؤن مین ہی سلسلہ گیسوی پرخم کا

دو رنگی رنج و راحت کی مٹی کب اس گلستان مین | ہنسی ہی ہنسنا ہی پھولون کا دہی رونا ہی شبنم کا

یہ نفرت وصل سی اونکو ہی نا چاک کر دلین | جو فقر و نہین کسی جا دخل پائین حرف غم کا

کسی دن آکی سینی پر حنائی ہاتھ رکھدیجی | علاج داغ دل ہو جائی پہاہا لال مرہم کا

جہان مین کون ہی وہ جو یہان پھر کر نہین آیا | در دولت حقیقت مین ہی مرجع سارے عالم کا

غنی ہین ہم غرض نخل و سخاوت مین نہین رکہی | ہماری بزم مین ہی ذکر قارون کا نہ حاتم کا

جان لینی کو کم نہین شب ہجر
ملک الموت تو کدہر آیا

بوسہ سیب ذقن کا اوس نے دیا
نخل امید مین ثمر آیا

دخت رز سر چڑہی جو ساقی کی
میری آنکھون مین خون اوتر آیا

صورت یاس ہی غلاف امیر
تو ہی قرآن سی بخیر آیا

کمر سی تیغ جو اوتر کے شستہ کر لینا
تو سب کو بعد مجہی پہلی یاد کر لینا

نصیب ختم سوی یار اوڑ چلا نامہ
پکارتا ہی رہا مین کہ نامہ بر لینا

ہی نصیب زلیخا کو چاہ یوسف کی
کسی قبول ہی زر جو بکی ورد سر لینا

متاع طاقت دلکو تو کر چکی غارت
اب آگی آپ کو ہی کیا کسی کا گہر لینا

بدن مین رعشہ ہی پر ہوش ہاتہ مین ہی ساقی
گری جو ہاتہ سے میری قدح تو بہر لینا

نگاہ چشم عنایت اودہر سے ہو کہ نہ ہو
یہین تو سجدہ ادہی پانچ وقت کر لینا

چلا جو دل طرف زلف کہہ گیا اتنا
کسی بلا مین پہنسون تو مری خبر لینا

ذرا سی بات مین ہوتی ہین اپنی بیگانی
بڑا کمال ہی اپنا کسی کو کر لینا

گرسنہ ہی سگ منزل تو فاقہ کش ہی ہرن
ہوا ضرور مجہی توشۂ سفر لینا

عبث ہی خوف تڑپنی کا حکم دی صیاد
جو رشتی دام کی ٹوٹین تو دام بہر لینا

مریض عشق بس اب صبح ہی یا تو شام نہین
گہڑی گہڑی کی تمہین چاہیی خبر لینا

کرم کیا ہی جو سائل پہ غم نہ کہا منعم
خسارہ کیا ہی جو دنیا ادہر ادہر لینا

لحد کہان عزیزو مقام وحشت ہی
اوتارنا جو مجہی پہلی تم اوتر لینا

گدا و شاہ ہین دو چار روز لقمۂ گور
زمین کو نشام تلک اپنا پیٹ بہر لینا

کمال شوق تماشا ہی ای عروس اجل
جو قبض روح کو آنا تو زرا ٹھہر لینا

ابھی تو ہی تری قابو مین بلبل ای صیاد
رہا قفس سی جو کرنا تو پر کتر لینا

غریب ہی نہین تکلف کی احتیاج نہین
جلا کی چند چراغون کو عرس کر لینا

کبھی تو فاتحہ خوانی کو آتی پس مرگ
ضرور دوست کو ہی دوست کی خبر لینا

قبول فیض مین حائل نہین ہی کچھ چرخ دغا
سمجھ کی مہر کا احسان ای قمر لینا

اسیر بندہ ہی تم یا علی ہو دوست خدا
نکالنا حلق سی گر آسی یہ خبر لینا

حال کھلتی کس سی فرقت کی شب تاریک کا
آدمی ہمکو نظر آتا نہین نزدیک کا

وقت پیری پر نہین پاتا ہی گر اہیک کا
حکمران توران کا ہویا ما جور تاجیک کا

کعبہ و دل دونون گھر اوسکی ہین پیا تشنگی
دور کی وہ راہ ہی یہ راستہ نزدیک کا

دید کی مانع نہین ہرگز نقاب روی یار
پشت سی پڑھ لیتی ہین خط کاغذ باریک کا

کوچۂ گیسو مین تو رکھتا ہی اے دل قدم
ٹھوکرین کھلوائی گا رستہ تنگ تاریک کا

جب ہوئی گرم سفر وہ ہوکی گاڑی پر سوار
ہم بھی منزل تک گئی پیچھا نہ چھوڑا لیک کا

ماہ نو دکھلا کی کرتا ہی اشارہ یہ فلک
ہاتھ کی گردش نہین آتا ہی ٹکڑا بھیک کا

اور جھنجلا کر جو تلوارین لگاتا ہی وہ تیر
ہی مگر زخمون کی ہنسنی پر گمان تضحیک کا

ہی شہادت نامہ جو میری کفن مین بعد مرگ
یہ قبالہ ہی ریاض خلد کی تملیک کا

چاک توحید کو اسطرح سینا چاہیی
فکر کی سوزن ہو رشتہ معنی باریک کا

جیسی مستی سی ہمارے سخن ہی عیان
جلوہ گر یون تنک ہی اوسکی گلی سی پیک کا

حرص دولت سی ہی اہل حرص کو شوق کباب
کاسۂ طنبور مطرب ٹھیکرا ہی بھیک کا

کیون کسی استاد کی دیوان کو دیکھین وقت فکر
حاکم مردہ کا دستور العمل پایا تو کیا

مجکو انواع سخن مین ہی ید بیضا اسیر
میر کی اچھا جو انداز غزل پایا تو کیا

قاصد تلاش کر کی گہر اوسکا جو بہک گیا
آخر وہ میری خط کو میری سر پٹک گیا

رخ کو چہوا تو وہ مژہ دل مین کھٹک گیا
گل توڑنی مین خار سی دامن اٹک گیا

گرمی بہی یہ سخن مین کہ ارباب طبع نے
چہاپی جو میری شعر تو پتھر چٹک گیا

ادنا یہ فیض ہے تری دریای فیض کا
اب گہر سے کاسۂ سائل چھلک گیا

معنی جو میری شعر کی ملتی نہین مجھے
شاید زمین مین گر کی خزانہ سرک گیا

شکوہ مری دہن سے جو نکلا خفا ہو
پیمانہ ہو چکا تہا لبالب چھلک گیا

ای ترک ابتو ہاتہ اوٹھا قتل عام سے
دوڑی کہان تلک ملک الموت تھک گیا

محرو مین وہ تہا جو ملک لیگئی مجھے
دل کی جلن سی اور جہنم بھڑک گیا

اچھا ہوا کہ آپنی دی گالیان مجھی
مصدوقی دہن کا مری دل سی شک گیا

اللہ ری بدگمانی ساقی کہ پیاس سے
کانٹی مری زبان پہ پڑتی وہ کھٹک گیا

گردون کو ناگوار ہو البعد مرگ بہی
کافور سے کفن جو ہمارا مہک گیا

نعمت کی ای فلک مجھی پروا نہین ہے
کہایا ہی غم یہ گرسنگی کا کہ جہک گیا

دریا مین گر پڑا جو مرا کوئی اشک گرم
بطن صدف مین دانہ گوہر چٹک گیا

مین رند تہا کہ نشہ مین پہنچا سر فلک
ملانی کی جو دوڑ تو مسجد تلک گیا

آنکھون مین ان بتون کی مروت نہین رہی
کیا ان تلون سی تیل الہی ٹپک گیا

سرگشتہ یون ہی کوچۂ گیسو مین دل مرا
ظلمت مین جیسی راہ سکندر بہٹک گیا

سمجھو نہ اعتبار کلام اسیر کو
دیوانہ وار منہ مین جو آیا وہ بک گیا

زینت ہوئی بدن کی جو ہر بال پک گیا
گویا پھری مکان مین سپیدی چمک گیا

جس صبح روی یار سی پردہ سرک گیا
خورشید طالع شفہ خاور چمک گیا

زردہ ہی اہل حق کو بھی دنیا ہی آبرو
لوح طلا ہی صفحۂ قرآن چمک گیا

ای دست مرگ تیری ستم کا بیان ہو کیا
ملبوس جان ہزار جگہ سی مسک گیا

کوٹھی پہ چڑہ کی باندہ دیا مینی خط شوق
قسمت سی اوس پتنگ کا پتا اٹک گیا

آیا مرض مین یار عبادت کی واسطے
چمکا جو درد دل تو مقدر چمک گیا

اروت سان پہ دلکو ہوئی اوس ذقن کی چاہ
اولٹا کنوین مین جا کی یہ اندہا لٹک گیا

تاثیر سو الفت پستان سی بعد مرگ
مثل انار گنبد مدفن چٹک گیا

پہنچا مجھی عداوت قاتل سی اور نفع
چھڑکا جو مشک زخم کا کوچہ مہک گیا

وارو کوئی حسین ہی تو ہی غمکدہ بھی باغ
یوسف کی بو سی خانۂ زندان مہک گیا

لکھا نزاکت کمر یار کا جو وصف
خامہ برنگ شاخ گل تر لچک گیا

کس خط سبز کا تھا مین کشتہ کہ بعد مرگ
آبحیات خضر لحد پر چھڑک گیا

دیکھا جو حسن یار تو الله ری غش دل
آئینہ مثل جام لبالب چھلک گیا

می کیا فراق یار مین پانی اگر پیا
اوترا نہ گھونٹ میری گلی مین اٹک گیا

کامل وطن مین اپنی ٹھہرتا نہین کبھی
پختہ ہوا تو شاخ سی میوہ ٹپک گیا

اوس شوخ ماہ سی جو جدائی ہوئی اسیر
ایسا جگر جلا کہ دھوان تا فلک گیا

برہمن نے کہا تھا حال سب مجھ نیم بسمل کا
لڑکپن ہین کسی نے ہاتھ دیکھا تھا جو قاتل کا

گذر نجر چمن پر آج ہی کس ترک قاتل کا
کہ فواروں مین ہی عالم گلوئی مرغ بسمل کا

رگ گردن کہین تھوڑی سی کٹنی ہین بچائے
الہی خیر کرنا کانپتا ہے ہاتھ قاتل کا

اوٹھاتی نجد مین کس ہوس سی ہم قیس کا مرقد
اگر صندوق ملجاتا کہین لیلی کی محمل کا

الہی کسکی لوٹ جاتی ہی ایسی تیر کی چھاتی
کہ شکل دیدۂ اعمی ہی حلقہ اپنی محفل کا

رہ ایمان مین بینائی نہین ہر ایک کو حاصل
مسافر کور دیکھا بیشتر قرآن کی منزل کا

برا انجام ہی جو ہین فروغ دہر پر نازان
سحر کو قسمت سک استخوان ہی شمع محفل کا

موئی پر بھی نہ پائی گردش افلاک سی مہلت
ابھی کہتا ہے چکر چاک پر کاسہ مری گل کا

لحد مین آ ہی نکیرین آگئی کیون مجکو جگاتی ہو
ذرا آرام کرنی دو تھکا ماندا ہون منزل کا

سوا تذلیل کی کیا ہی غرض جب درمیان آئے
کہ اونچا ہاتھ منعم کا ہی نیچا ہاتھ سائل کا

پتا حسن جوانی کا نہ ڈھونڈھ ایام پیری مین
کٹی شب صبح کو جلوہ کہان وہ ماہ کامل کا

حضور حق دم محشر نشان کیا دینگی حیران ہین
نہ صورت نقش دل کر لی نہ پوچھا نام قاتل کا

تصور جب کیا عمر دوروزہ کو ہوا ثابت
کہ ہستی سی عدم تک فاصلہ ہی ایک منزل کا

مری افلاس کو ہی فرق سرداروں کی دولت پر
کہان ہے آب دریا مین چمکنا ریگ ساحل کا

اسیر آئی ہی عمر شصت سالہ اب کہان طاقت
ہوئی ماندی سفر طے کر چکی ہم ساٹھ منزل کا

بجا اسد کہ وقت ذبح نکلا حوصلہ دل کا
گلی پر تیغ دست شوق مین دامن ہی قاتل کا

نہ پوچھو حال ہمسے اضطراب طائر دل کا
کیا سینے کو اسنی آشیانہ مرغ بسمل کا

اگر بجلی کبھی ابر سیہ سی نجد مین چمکے
کہا مجنون نے پردہ اوٹھا گیا لیلی کی محمل کا

زیادہ نالۂ عشاق سے ہے حسن کی رونق
ہوا ہے جمع گل میں رنگ آواز عنادل کا

وہ رہرو ہوں کہ ہے کام میرے پیش نظر تربت
ہر اک نقش قدم مجکو نشان دیتا ہے منزل کا

قیامت تک نہ گل ہو دامن باد بہاری سے
کسی غنچہ پہ پڑ جائے اگر سایہ مری دل کا

یہ میری بعد فارغ ہو گئے ظالم ابھی گھر بیٹھے
کہ خنجر میان میں ہے آستین میں ہاتھ قاتل کا

قمر میں جیسے پڑا خورشید کا پرتو ہوا روشن
کرے ناقص کو بھی کر دیتا ہے کامل فیض کامل کا

سر سلطان پر افسر دیدۂ عبرت سے جب دیکھا
خیال آیا کہ یہ اولٹا ہوا کاسہ ہے سائل کا

فروتن احب التعظیم ہیں کچھ شک نہیں اسمیں
جھکی مقتول کی گردن تو اوٹھا ہاتھ قاتل کا

ہوا ثابت ہمیں طفلی و پیری و جوانی سے
کہ ہستی سے عدم تک فاصلہ ہے تین منزل کا

یزیدی فوج لاکھوں یاور شبیر تھوڑے سے
بہت کم حق کی طالب ہیں کہ جہاں پر ہجوم باطل کا

گریبان قیس کا پھاڑا تو کیا اے پنجۂ وحشت
جو ہمت ہو تو پردہ چاک کر لیلی کی محمل کا

سفر میں بسکہ وہ زلف سیہ آنکھوں میں پھرتی ہے
گمان جادون پہ ہوتا ہے بیابان میں سلاسل کا

اسیر احباب گل میری لحد پر کیوں چڑھاتے ہیں
دماغ اہل فنا رکھتے نہیں شور عنادل کا

بتا قاصد یہی ہے بوستان کوچہ قاتل کا
چھٹا کرتا ہے فوارہ گلوئے مرغ بسمل کا

کیا ہے غازۂ رخسار جب سے خون بسمل کا
ستارہ اوج پر ہے جوہر شمشیر قاتل کا

کہو احباب سے کیوں قبر میں شانہ ہلاتے ہیں
ذرا راحت سے سونے دیں تھکا ماندہ ہوں منزل کا

حذر ایسا جو میری خون کی چھینٹوں سے ہے اوسکو
گریبان گیر ہوں گا حشر میں دامان قاتل کا

حریصوں کا شکم بھرتا ہے کوئی جمع دولت سے
کہ تاج زر یہی رونا وہی ہے شمع محفل کا

کوئی ذرہ نہیں ہے پرتو خورشید سے خالی
تماشا دیکھ لے صحرا میں اوسکی فیض شامل کا

کسی سی کب مٹی زنار تسبیح سلیمانی
جدا کرنا بہت ہی اب مشکل حق سی باطل کا

گداز عشق نی سو بار دل کو کر دیا پانی
ہوا اتنک نہ شعلہ سرد لیکن آتش دل کا

فراق یار مین کبھی وہ میری لگی بیتابی
تماشا جسکو منظور نظر ہو رقص بسمل کا

پڑی ہین نقش غم سی سعد و سواغ داغ رنگین
کرہی زنبور خانہ چہین کی کاشانہ میری دل کا

بجا ہی آسمان حسن ہم تجکو جو کہتے ہین
خط شبرنگ گرد رخ ہی ہالہ ماہ کامل کا

برا ہی ایک سی جو دوسری کی پاس جاتا ہے
کبھی کب بحر وافر مین رکن آجای کامل کا

جو تم اٹھہ جاؤ جای دشمنی سی اور یار یکی
دہوان بنکر یقین ہی نور ہیلی شمع محفل کا

قیامت ہی بنہی ہی ذبح کی دم آنکھہ پر بہ سے
رہا دل مین تلاطم حسرت دیدار قاتل کا

جو ظاہر مین عداوت ہو تو باطن مین محبت ہو
اسیر آنکھین لڑین پر دل سی ملنا چاہیی دل کا

دہن عیان حسینون کی ہی کمر پیدا
کئی ہین ایسی ہی اللہ نی بشر پیدا

زیادہ بالش پر کی نہ فکر کر صیاد
ٹہہر ٹہہر کی ہوتی ہین بال و پر پیدا

برا ہی مشق اوسی صندل کی جا ہی تختی
صریر کلک سی ہوتا ہے درد سر پیدا

مقام رنج نہین ہو بشر جو بی اولاد
بہت خدا نی کئی نخل بی ثمر پیدا

سبب نزول حوادث کا ہی تو دولت بہر
کہ سنگ کہائی جو ہون نخل مین ثمر پیدا

حصول کیا ہے بنایا مکان جو منعم نی
کسی کی دل مین تو اوسنی کیا نہ گھر پیدا

شب وصال کب آئی کدہر گئی یارب
ادہر تو شام ہوئی اوس طرف سحر پیدا

عیان ہوا کہ جہان خانہ مصیبت ہی
جو طفل ہوتا ہے اٹھین وہ نوحہ گر پیدا

کرو جو غور عدم تو وہ ہی ہستی ہے
نہان ہوا جو ادہر ہو گیا ادہر پیدا

فراق یار مین دن رات گھر رہا تاریک
نہ دن کو مہر نہ شب کو ہوا قمر پیدا

دعائین کین ہین کی داغ عشق او نہا کرتا
کیا ہے قوت بازو سی آہنی زر پیدا

طمع جو لذت دنیا کی ہو فقیرون کو
کری ابھی تو سے بوریا شکر پیدا

روان کرون مین جو قاصد کو سوی کوچہ یار
ابھی تو صورت طائر ہون بال و پر پیدا

پڑھی جو اوس لب لعلین کا ہجر مین پرچہ
سوا ای لعل صدف مین ہون گہر پیدا

شب وصال جو دیکھی صباحت رخ یار
گمان یہ ہے کہ ہوا پھر گئی سحر پیدا

خدا کی شان تو دیکھو عدم ہی ہستی مین
وہ بت ہوا ہی زمانہ مین لی کمر پیدا

رقیب خاک اوٹھائین گی تیغ عشق کی زخم
کہو سے نہ جگر جوان کی کرین جگر پیدا

جگہ جو کعبہ مین ملتی نہین ہمین نہ ملی
بتون کی دلمین تو ہم نی کیا ہی گہر پیدا

عرق کی قطرہ ہو تری وہی آتشین نہین
ہوئی ہین چشمہ خورشید مین گہر پیدا

جنون کی جوشمین تا لامکان پہنچ جاؤن
فلک کی گنبد بی در کا ہو جو در پیدا

اسیر مہر و مہ و نجم کی حقیقت کیا
نبی کا نور ہوا سب سے بیشتر پیدا

ماتم ضرور تھا تمہین مجھ دردمند کا
کہنا تھا مرثیہ کوئی دس بیس بند کا

جنت ہی عکس روی بت دلپسند کا
طوبی نے ہی سایہ یار کی قد بلند کا

پیچ پیچ کی روز آتی ہین محبوب شوخ جو
کرتا ہے کام جذبہ کامل کمند کا

کیا حاصل اسپ عمر اگر ہی سبک خرام
چلتا ہی اپنی پاؤن سوار اس سمند کا

نشتر ہی ہجر یار مین آک ایک موی تن
پی فصد بہ رہا ہے لہو چاربند کا

سولی ہوا ہی تجھکو اشارہ کی بولنا
منصور وار گشتہ ہوا قد بلند کا

محشر کی روز بھی نہ کھلی گی لحد مین آنکھ
کشتہ ہون اک نگاہ تغافل پسند کا

گر سعی ہی بلیغ جو مطلب بزرگ ہو
زینہ دراز چاہیئے بام بلند کا

پہنچا نہین جو ہاتھ مین میری ہی ہتکڑی
وہ بولنا ای پری ہون تری دست بند کا

اوس سرو قد نی بوسۂ ابرو عطا کیا
ہاتھ آگیا ثمر مجھے شاخ بلند کا

طی کر چکی ہین منزل ہستی کو ضعیف
باقی ہی فاصلہ تو قدم ہاہی چند کا

رہتا ہی اپنی پستی طالع سی ہمکو خوف
گنبد نہ ہیٹ پڑے کہین چرخ بلند کا

آواز رعد سی جو دھڑکتی ہین سبکی دل
نالہ ہے یہ کسی نہ کسی دردمند کا

مضمون شوق ایک بھی لکھون مجال ہے
مکتوب جب تلک نہو دو چار بند کا

دیوان حشر مین بھی وہ مصرع ہی انتخاب
مضمون ہے جسمین یار کی قد بلند کا

تیری چلی ہو ونکو ستائی کا کیا فلک
محفوظ آسیا ہی دانہ سپند کا

صیاد آج کل ہی یہ بلبل پہ مہربان
پھر قفس غلاف بنا ہے پرند کا

تاثیر دیکھنا لب شیرین یار کے
پانی کا آبخورہ بھی کوزہ ہی قند کا

اورون کا ذکر کیا کہ مری سامنی اسیر
چلتا نہین کمال کمال خجند کا

پروا تری کچھ ای مہ کامل نہین کرتا
مین داغ اوٹھانیکی بھی دل نہین کرتا

کسطرح گریبان سیا وٹھی فرق تجمل
سر سجدۂ محبوب کی قابل نہین کرتا

سیراب ہون کیا تشنہ صحرای محبت
یہ دشت کنوان سیکڑون منزل نہین کرتا

لائی اجل آخر مجھی ہستی سی لب گور
وہ کون سا دریا ہی جو ساحل نہین کرتا

ہی ہمسی غریبون کا بھی ای مرگ گذارا
صد شکر کہ دربان در قاتل نہین کرتا

جس قافلہ کی ساتھ ہی تنہا کوئی یوسف
رہرو گلہ سختی منزل نہیں کرتا

سب طرحکی طاقت ہی نہیں ضعف کی باعث
سب کچھ ہی مری پاس مگر دل نہیں رکھتا

کیا بڑھکی چلی گا تری شمشیر نگہ سے
یہ تاب یہ دم خنجر قاتل نہیں رکھتا

ہی مد نظر الفت گیسو کا چھپانا
جھنکار ہو جسمین وہ سلاسل نہیں رکھتا

فاقی مین بھی مانگون نکبھی چشم سی نعمت
مفلس ہون مگر عادت سائل نہیں رکھتا

تر ہو جو زبان خنجر قاتل کی سر مو
اتنا ہی لہو جسم مین بسمل نہیں رکھتا

ہر چند ہی عالم مین بہت شہرۂ یوسف
تیری سی مگر شکل و شمائل نہیں رکھتا

ہی خلق سی سر روز بیان حسن برابر
باقی نہیں رکھتا ہو تمہین فاصل نہیں رکھتا

کرتا ہی فلک چاند کو اوس رخ سی مقابل
ہی سیر مگر عقل یہ کامل نہیں رکھتا

زخمون پہ مری کون کری مشک فشانی
وہ چہرۂ شفاف کوئی تل نہیں رکھتا

ہمراکی درد و نفسی ہی غربت مین گلہ کیا
ہڈی مری باقی سگ منزل نہیں رکھتا

معلوم اسیر اوسکو ہو کیونکر مری حیرت
جو شرم سی آئینہ مقابل نہیں رکھتا

جو پہنچی دوڑکر مقتل مین ہم اپنا قدم ٹھہرا
دم شمشیر قاتل پر گلا رکھا تو دم ٹھہرا

بنا ماتم کا حلقہ گرد سینا ایکدم ٹھہرا
ترا دیوانہ قامت حشر کا علم ٹھہرا

نہ آئی مین بی محنت نہ جانی ہو گئی قیمت
وجود و نیستی کا فاصلہ کل دو قدم ٹھہرا

بجا کرتا ہی بلبلین رات دن ناقوس نالی کا
خدا کا گھر نہ ٹھہرا یہ کوئی بیت الصنم ٹھہرا

ترا مقتل بھی اے قاتل تہا کوئی محلہ شاید
سر و گردن کا جھگڑا ایک کیا خنجر حکم ٹھہرا

کبھی ہم بھی اگر قد بلند یار سی ناپیا
بہی اونچا رہا سرو چمن وہ ہاتھ کم ٹھہرا

حباب اہل جہان بحر تلاطم خیز ہے دنیا
بہت ٹھہرا جو اس طوفان مین گویا اک دم ٹھہرا

شب وصل اے قمر کیا تو نکلتی ہے ہوا غائب
ترا چلنا نہ ٹھہرا آہوی وحشی کا رم ٹھہرا

جلا دل جب وہ مرگ غیر کی سنکر خبر روئی
ہمارے واسطے برق غضب ابر کرم ٹھہرا

شرار اشک نکلی پھر جلا سبزہ بیابان کا
جہان دم بھر ترا دیوانہ آتش قدم ٹھہرا

نہین ہے سرکشون کو امن جوش بحر رحمت مین
جو آب زندگی برسا تو آتش مین سم ٹھہرا

نمونہ ہے صراط حشر کا یہ دار فانی بھی
وہان بھی ہے وہی ثابت یہان جسکا قدم ٹھہرا

بہت ماندہ ہے مجنون دوڑتا آتا ہے اسکے پیچھے
خدا کے واسطے ناقے کو لیلی کوئی دم ٹھہرا

سوائے غم کہان راحت مرض آلود ہستی مین
گمان فربہی جسپر تھا وہ آخر ورم ٹھہرا

گلہ ہم لکھ چکے تھے اوسکو نامے مین کہا وسکا
نہایت خیر گذری خود سر کاغذ قلم ٹھہرا

اسیر اہل جہان جتنے ہین زرکی حرص کرتے ہین
یہ وہ ہے نقد جسمین نقش حب درم ٹھہرا

دنیا سے اوداس دل ہے کب کا
ہون دیر سے منتظر طلب کا

اے آہ نہ عرش سے بڑھ آگے
سمجھا کہ مقام ہے ادب کا

محفل مین وہ شمع رو نہ آیا
پروانہ بھی لکھ چکے طلب کا

اے گور فشار دے نہ اتنا
مہمان تری گھر ہون ایک شب کا

آئینہ پہ ہے نگاہ شفقت
کیسی یہ ہے روشناس کب کا

عاشق نہین ہوتے بیوفا یار
اپنا سا نہ جان حال سب کا

گلشن مین ہے کیا گلون پہ جوبن
بلبل کو ہے سامنا غضب کا

شیرینی لب نے مجھکو مارا
ہو نخل مزار پر رطب کا

حق حق تو یہ ہے کہ روح پر ہے
اطلاق صحیح حکم رب کا

کرتے ہین کلام بے دہن وہ
عنقا یہ مقام ہے عجب کا

اب عشق مین جان کی ہی رخصت
دل سینے سے جا چکا ہی کب کا

وہ گیسو و رخ ہے یا ختن سے
ڈانڈہ ہے ملا ہوا حلب کا

کس دہوم سے موسم گل آیا
کچھ رنگ بدل گیا ہے سب کا

ساقی سے یہ پوچھتا ہی قاضی
کیا مہر ہے دختر عنب کا

مشتاق ہون مین اسیر اوسکا
محبوب ہے جو حبیب رب کا

ضبط گریہ جو نکرتا تو کہو کیا کرتا
مجھ سی ہوتا کہ تمہین خلق مین رسوا کرتا

ساری عالم کی رقابت جو گوارا کرتا
دل مرا خواہش معشوقۂ دنیا کرتا

دل اوسی آپ دیا چھوڑ گیا اب ہی یہ شوخ
مین نہ دیتا تو وہ کیا مجھسے تقاضا کرتا

آپ کرتی جو اونہین اپنی مریضون مین شمار
ملک الموت تو کیا فخر مسیحا کرتا

کاش شہرستانہ ابھی دام مین صیاد کی مین
چارون اور گلستان کا تماشا کرتا

لیگئی اک نگہ ناز مین یہ بت دل و دین
کون بتخانے مین کعبی کا ارادہ کرتا

ضبط نی روک لیا خوب ہوا ورنہ یہ دل
دو ہی نالون مین دو عالم تہ و بالا کرتا

گردش بخت زبون جور فلک رنجش یار
درد لاکھون تہی مین کس کس کا مداوا کرتا

مرض غم کا کہان پاس طبیبونکی علاج
رحم اللہ نکرتا تو کوئی کیا کرتا

بچ گئی جان ہوا آج ہی دیدار نصیب
تہی قیامت وہ اگر وعدۂ فردا کرتا

داغ ہوتا جو مرا داغ لگاتا مرہم
درد ہوتا جو مرا درد مداوا کرتا

صاف کہتا نہ اگر ہی لاشۂ عاشق مجہ مین
دہن گور کو اللہ جو گویا کرتا

رشک کا نہ ہی کی فرشتون سی ہی مجکو ورنہ
لیکے تصویر تری ہاتہ مین دیکہا کرتا

صاف کہدونگا اگر حشر مین پوچہیگا کوئی
عمر تہوڑی تہی بہت آہ مین کیا کیا کرتا

کوئی رہتی ہین نہان چشم تصور سی حسین
لاکہہ پردی مین ہو ہوتی مین تماشا کرتا

دل مرا کانپکی یون چاہ ذقن مین گرتا
جذبۂ شوق اگر اوسکو نہ اندہا کرتا

سخت جان ہون کہ خود شرم سی کٹ جاتا مین
مجہ سی ہوتا کہ ترے ہاتہ کو جہوٹا کرتا

جیتے انہون نے کیا سر و چراغان مجہے
شاید اگر وہ کسی روز تماشا کرتا

ہی جدائی مین جو بنیا تو جگر کٹ جاتا
قطرہ قطرہ اثر ریزۂ مینا کرتا

جان بر ہی کی تہی کب امید غم گیسو مین
کیا سمجہ کر مین علاج تپ سودا کرتا

مین ٹہرتا جو کسی نخل کی سایہ مین اسیر
تیغ تقدیر کا اوسکو ہی بگولا کرتا

حسن کہو یا خط شبگون نے رخ پرنور کا
زاغ کو ہی پی گئی روغن چراغ طور کا

چہرۂ روشن مین عالم ہی خدا کی نور کا
شک اگر ہو دیکہہ لو آئینہ برق طور کا

اجر طاعت کیون نہ پائین سست ہی ہر کر قوی
پیر سی افزون ہی ورنہ جوان مزدور کا

اسقدر راہ تلاش دخت رز مین ہم چلے
ہر قدم چہالون سی خوشہ بنگیا انگور کا

کیا ہوا غالب اگر چہوٹی یہ ہو جائین بڑی
خاک سی سایہ اوٹہا دیتا ہی بستہ نور کا

اوٹہ گئی کو جیسی تمہاری کون جائی سوی خلد
ناتوانی سی ہی یون دوش پہ حال گردن
جس طرح دست شکستہ ہو وبال گردن

سبکبار کہین جلد مجہی کاٹ کی سر
ہی یہی خنجر قاتل سی سوال گردن

تیز ہی تیغ اجل ہی جو یہی فرقت مین
سر سی دم بھر نہین رہنی کا وصال گردن

قطعہ

صاف وہ رخسار ہو پر جا سی جسپر انکی نگاہ
خاصہ ہی موج دریا کا نگاہ پاک مین

آبرو جاتی ہی تو کر جلد ہی در یجا تہ بند
محتسب آیا ہی ساقی دخت رز کی تاک مین

کیا موافق اوس پری پیکر کا ہو جسمی مزاج
سرکشی ہی آگ مین افتادگی ہی خاک مین

تیری دانتونکی چمک نی بسکہ روشن کردیا
گم ہین ریشی شعاع مہر سی مسواک مین

دولت دنیا سی ہین محروم ارباب ہنر
سیم و زر دیکہا نہ ہمنی کیسہ دلاک مین

فتنی برپا ہوتی ہین کیسی سر رہ ہر قدم
عطر فتنہ مل کی نکلی ہین جو وہ پوشاک مین

غیر نی شانہ کیا اوس زلف مین سمجہا یہ مین
سانپکا مسکن ہی یہ ہی شانہ ضحاک مین

ہجر کی شب یکیہ کر سوی فلک روتا ہون مین
ہین نمک افشان ستاری دیدہ نمناک مین

رنج راحت ہی فقط رنگ شرافت کی سبب
خندہ زن ہون مثل گل پیراہن صد چاک مین

رزق کی تنگی نہ کیونکر ہووی اہل زمین
ایک خوشہ ہی فقط نہ خرمن افلاک مین

ذرہ ذرہ کیون نہ دکہلائی چمک خورشید کی
مل گئی ہین کیسی کیسی مہر طلعت خاک مین

پستی طالع ہی مرقی پر نصیب اہل کفر
مردہ کس ہندو کا لپٹا اطلس افلاک مین

میری رونی سی نہو کیونکر جہانکو خوف غرق
نوح کا طوفان بہرا ہی دیدہ نمناک مین

ہی گرانپانی بہت گرداب بحر عشق کا
دست و پا ماری یہان طاقت ہی کس تیراک مین

لغزش پا سی صراط حشر پر کیا کام اسیر
ہاتہ اپنا ہوگا دست صاحب لولاک مین

خوش ہین ہمسی جو وہ بات نہین کرتی ہین
ہم بہی ایسون سی ملاقات نہین کرتی ہین

بیٹہکا آٹہ پہر ہی در جانان اپنا
کون دن ہی کہ وہان رات نہین کرتی ہین

لگ گئی چپ سی جو مجکو سبب اوسکا نہ پوچہو
بات اتنی ہی کہ وہ بات نہین کرتی ہین

کیا بیان ہو تری کوچے کی فقیروں کا شکوہ
بادشاہوں سی ملاقات نہیں کرتی ہیں

ہم وہ ہیں دیتی ہیں حوریں ہمیں کوثر کی قدح
فخر اے پیر خرابات نہیں کرتے ہیں

رہنے والے تری کوچے کی جو کہتی ہیں باغ
جا کی کعبہ میں مناجات نہیں کرتی ہیں

بہشتی کا وہ نہیں کچھ لطف نہیں اے ساقی
جو بسر باغ میں برسات نہیں کرتی ہیں

کام رہتا ہے انہیں بادہ پرستی سے مدام
رند ضائع کبھی اوقات نہیں کرتی ہیں

شور و ہیاہات نکریں دور سی دیکھیں جو مجھے
پاس اتنا بھی یہ بدذات نہیں کرتی ہیں

بنت صاف سی ہیں معتقد اونکی ہم رند
مغبچی کوئی کرامات نہیں کرتے ہیں

منتظر رہتی ہیں ہم شام سی تا وقت سحر
وہ قدم رنجہ کبھی رات نہیں کرتے ہیں

بندہ و عشق بتوں میں فرق ہے اتنا کہ تمہیں
سجدہ اے قبلۂ حاجات نہیں کرتی ہیں

باغ جنت میں وہ رضوان سے بھی کہیں بیدا
میہمان کی وہ مدارات نہیں کرتی ہیں

اب تو برسوں سی وہ اگلا سا نہیں بطا انہیں
عید کی دن بھی ملاقات نہیں کرتی ہیں

کس قدر تازہ مضامین ہمارے ہیں اسیر
راست کہتی ہیں مباہات نہیں کرتی ہیں

نجات ان کو بعد موت حاتم ہیں وہ سقیم ہو گئیں
گدا تری در دولت کا یا کریم ہو گئیں

دکھائی مجھے دیدار ہو چکا انکار
جو آپ برق تجلی ہیں تو کلیم ہو گئیں

شفا نہیں جو مقدر میں ہی دوا بیسود
قضا کو روک لی تو قائل حکیم ہو گئیں

بہشت نزکہ آدم ہے سوچ تو زاہد
مجھے بھی اس میں جگہ دی ترا سہیم ہو گئیں

ملی ازل سے مجھے آبروی یکتا ئے
نہ آسمان میں صدف کو ہر یتیم ہو گئیں

مری صدا کی ہیں مشتاق گوش اہل فلک
دعای اہل دل و نالۂ سقیم ہو گئیں

کسی گل کی تصور نے رلایا اسقدر مجکو
رگ ابر بہاری بن گیا ہر تار بستر میں

فراق یار میں کچھ لطف مے خواری نہیں باقی
سجا ہی بادہ بھر دی زہر ساقی میری ساغر میں

فقط ہی زندگی تک اختیار عشرت و حشمت
نہیں کچھ فرق زیر خاک درویش و توانگر میں

تیری گیسو کا میں دیوانہ نازک طبیعت ہوں
عوض زنجیر کی کر قید مجکو موج عنبر میں

پھری گرد آتش رخسارۂ محبوب سے آکر
نہ پروانیکو تاب ایسی جان اتنی سمندر میں

لکہا ہی جسنی بیتابی کا جو احوال نامی میں
ہوا ہی طائر سیماب کا عالم کبوتر میں

اسیر اندیشۂ تربت نہ ہمکو خوف محشر ہی
ہوا ہی خاتمہ بالخیر اپنا عشق حیدر میں

آتی گلشن میں جو ہم آور ہوائیں ہوتیں
پتی پتی میں جلا جل کی صدائیں ہوتیں

بیکسون کی جو نہ مقبول دعائیں ہوتیں
کالی کالی نہ گلستان میں گھٹائیں ہوتیں

روز محشر تو گناہون کا نہ کھٹکا رہتا
یہیں اے کاش جو ہوتی تھیں سزائیں ہوتیں

آکی دنیا میں فرشتی بھی گنہگار ہوئے
ہم تو انسان تھی نکیون ہم سے خطائیں ہوتیں

سب شب ہجر میں خاموش جو ہوتی شب وصل
بولتی مرغ اذانون کی صدائیں ہوتیں

پوجتی صاحب اسلام بھی ہندو کی طرح
یار تیری سی بتون میں جو ادائیں ہوتیں

باغبان تونی دم سرد سے روکا مجھے کیون
ٹھنڈی ٹھنڈی تری گلشن میں ہوائیں ہوتیں

میں جو آیا مری ساتھ عدم سے آئیں
میں نہوتا تو جہان میں نہ بلائیں ہوتیں

ملک الموت ہی ایسا تھا طبیبو ورنہ
تم سے فرقت کی مریضونکی دوائیں ہوتیں

ابر مژگان کو جو میں رخصت بارش دیتا
پانی پانی ابھی ساونکی گھٹائیں ہوتیں

کیا کرون فوج حوادث نی مجھی گھیر لیا
ٹالتا اونکو جو دو چار بلائیں ہوتیں

بیٹھنے رہتی مری مرقد پہ مجاور بن کر
لاکھ مین وہ جو او نہین یاد دعائین پڑھتین

لطف کرتا جو وہ عیسی تو نہ مرتا کوئی
مقبری تو بھی نہ موقوف قضائین ہوتین

تم دکھاتے اگر چہرۂ گلگون اپنا
چاک پھولون کی نہ گلشن مین قبائین ہوتین

تندرستی مری دشوار تھی پی شربت مرگ
لاکھ بیماری فرقت کی دوائین ہوتین

یار کی تیغ کی محراب مین کرتا جو سجود
زندگی بھر کی ادا مجھ سی قضائین ہوتین

عید گہ سی جو نہین غیر ونکو نکرتا باہر
تیری تیرون کی نہ موقوف عطائین ہوتین

گرد رہ کاش دکھاتی اثر سرمہ اسیر
بند غولون کی بیابان مین صدائین ہوتین

کاسۂ فقر لین کلاہ نہ لین
تیری درویش تخت شاہ نہ لین

کب ہو ہمسی کسی کی دل شکنی
ہو دو راستہ تو ایک راہ نہ لین

گھر بہا ہون تو ہم چمن سی ترے
باغبان ایک برگ کاہ نہ لین

سایہ تیغ کے سوا قاتل
تیری زخمی کہین پناہ نہ لین

ہاتھ نہ رکھ کر کمر پہ یون نہ چلو
رستے والے عدم کی راہ نہ لین

تیرے گالون سی اونکو کیا نسبت
دون کی آفتاب و ماہ نہ لین

بولے دربان سی دیکھ کر وہ ہمین
کیون یہ ٹہرے ہین گھر کی راہ نہ لین

مر ہی جائین دکھائے آنکھ جو یار
دم تہ خنجر نگاہ نہ لین

جنس دل بیچنے کو نکلے ہین
خواہ اسی مول لین وہ خواہ نہ لین

تہمت ہے کہ لوٹتا ہے سبو
اپنے ذمی یہ ہم گناہ نہ لین

پیر ہو کر فلک کی کیا پروا
نام مسک و دم پگاہ نہ لین

جس میں تو ڈوبیں وہ ناخدا ہو کر
خبر کشتی شکستہ پا نہ لیں

خسرو سیاہ ہمکو دی جو فلک
وہ غنی ہیں کہ برگ کاہ نہ لیں

ملک دل ہے یہ حکم ہے اوس کا
کہ خراج اور بادشاہ نہ لیں

قلزم عشق ہے عمیق اسیر
آشناؤں سے کہدو تھاہ نہ لیں

پرتو فگن جو چہرۂ ساقی ہو آب میں
عکس غدیر خم ہو مکان حباب میں

چھنی گئی ہیں اوسکی مژہ کی نقاب میں
جالی کئی ہی یا ورق آفتاب میں

ای اہل حشر مژدہ کہ تمکو ملی نجات
دن ہو گیا تمام ہماری حساب میں

زاہد نہ طعن کر جو کرون میں ثنا ی مے
بنت العنب کا ذکر ہی ام الکتاب میں

رہتی ہیں شوق کعبہ ابرو میں جان بلب
قصد ثواب کر کی پڑی کس عذاب میں

عقدہ دو کون کا ایک ہی جز ما ہو یا حکور
جو نور ماہ میں ہی وہی آفتاب میں

مدہوش ہم سے دولت دنیا ہی اسلئے
رہتا ہی روئی زشت کا پردہ نقاب میں

جل کر ہوا ہون آتش می میں ہی ناتوان
نہلاؤ میری گرد کی گو اشک کباب میں

ساقی شریر ہون ان میں جو دریائی می ہیں
ہم کس شمار میں ہی سبو کس حساب میں

افسانہ ہی سنا ی کی مجکو پیام یار
نازل ہمیرون پہ ہوئی وحی خواب میں

ای کلک لکھ مقابل ہر بیت ایک بیت
تعمیر ہو مکان مکان کی جواب میں

نالان ہوا تھا میں لب دریا جو ایکدن
انگشت موج رہتی ہی گوش حباب میں

ہی کون کہہ سکے جو اب زبانی میں جز خدا
تیرا دہن ہی تیری کمر کی جواب میں

دل اتنا تاب جلوۂ جانان نہ لا سکا
پانی یہہ نخل موم ہوا آفتاب میں

دیکھیں جو اوسکی قامت دلجو کو خواب مین
گڑ جای سرو ڈوب مرے جوی آب مین

یون چشم تر ہے یاد رخ بے حجاب مین
رکھتی ہین جیسے ظرف گلاب آفتاب مین

مسکن مرا جدا ہے جہان خراب مین
آب گہر صدف مین ہوا ہون حباب مین

ساقی کا عکس خط نہین جام شراب مین
خط شعاع ہے قدح آفتاب مین

تکیے سے ہو علیحدہ جو نالہ کش کی قبر
مردے غریب مفت پڑین کیون عذاب مین

توسن پہ جب سوار ہو وہ آفتاب حسن
گردون نہین سماتا ہے چشم رکاب مین

دولت مین چاہیے کہ رہے فقر کا خیال
پیری کو یاد کیجیے عہد شباب مین

آفت مین کون کون نہین میری قید سے
بیڑی ہے پا مین طوق پڑا ہے عذاب مین

کم ہے کشون کا مرتبہ جمشید سے نہین
ساری جہان کی سیر ہے جام شراب مین

بیمار اوسکی نرگس میگون کا یہ بھی ہے
ہو جو کچہ ورم نہین چشم حباب مین

دہوؤ جو بال ساحل دریا پہ آکے تم
لہرائین موجین سانپ کی مانند آب مین

سایہ فگن نہین تو نہو سائبان ابر
ہالہ اپنا سائبان ہے آئین آفتاب مین

ہر ایک زخم تن سے جو آتی ہے بوئے گل
شاید کہ تیغ یار بجھے تھے گلاب مین

اوس طفل کی ہے شکل عجب شکل دلپذیر
پڑتا ہے عکس آئینہ اسا کتاب مین

غفلت مری کہائی گی مجکو جہان کی سیر
کہلتا ہے دور دور کا احوال خواب مین

پچتا رہا ہون خط عبث اوس ترک کو لکہا
بہیجا ہے کاٹ کر سر قاصد جواب مین

سرکش مین پختہ مغز کی جوہر کہان اسیر
موتی صدف کیطرح نہ دیکھی حباب مین

وہ دست ہین کبھی خست کو ہم نہ کام کرین
ملی جو دولت جمشید صرف جام کرین

خدا کرے کہین دیدار کو وہ عام کرین | کہ جا کی طور پہ موسی کو ہم سلام کرین

ضرور کیا ہی کہ وہ تیغ بے نیام کرین | اوٹھائین چھری سی پردہ تو قتل عام کرین

زمین مین آپ ہی گڑ جائے کا مرا مرقد | کرین عزیز تو شکلت برای نام کرین

جنون کا ہی یہ تقاضا کہ مثل شبنم گل | جو ہنس کی صبح کرین ہم تو رو کی شام کرین

یہ آسمان کی ہی خواہش کہ صورت پرکار | جہان سے کوچ کرین ہم نہ اپنی مقام کرین

کسی کی ہاتھ وہ سیب ذقن کب آتا ہی | وہ پختہ کار نہین جو خیال خام کرین

اثر دکھائی سگے اتنی نالہ ہائے فراق | یقین ہی وصل کا اولٹا وہ اب پیام کرین

وہ ناتوان ہین اوٹھائی جو ہمکو بزم سی یار | تو گھر سی در تلک آتی ہی آتی شام کرین

لگا تین تیغ کہ چھوٹین عذاب سی بسمل | وہ کام آئین جو اسوقت ہین تو کام کرین

ہر ایک داغ بدن پر ہی شبہہ دینار | فقیر کیون نہ مرے گرد ازدحام کرین

ہین لکھہ رہا ہون خط شوق کہتی ہین قاصد | یقین ہی یہ کہ یہ محشر تلک تمام کرین

مری لحد مین نکیرین سنگئے تصویر | زبان بند ہی حیرت سے کیا کلام کرین

مریض اوس رخ و گیسو کی لٹ گئی ایسی | کسی طرح نہ کٹی شب جو دن تمام کرین

ابھی تو خاک کا تختہ ہو صفحہ تصویر | لگا سکے پاون مین مہندی جو وہ خرام کرین

کبھی وہ خط ہی جو مجکو لکھین تو بی سہرا | ہوا الحذر نہ تحریر والسلام کرین

برا کہین نہ اوسے جو برا کہے ہمکو | بری کرین اوسی تب قصد انتقام کرین

تمام سال تو دشوار ترک می ہی اسیر
ہر ایک ماہ کو کیونکر مہ صیام کرین

رہا باقی نہ مرنی پر تفاوت دوست و دشمن مین | مقام صلح کل پایا یہ جکر ہمنے مدفن مین

نبی کا معجزہ سبطین کو بھی حاصل ہی
قمر کی طرح سے دو ٹکڑی اک گہر کی ہین

خدا شناس جنھی سرِ غیب کہتے ہین
مری حساب وہ مضمون تری کمر کی ہین

ہماری تازہ مضامین کو دیکھہ باغ نجا
گلون کی انمین ہی چھ نشو مری ثمر کی ہین

ملا وہ ہمکو تلون کا قصر رنگا رنگ
ستون جسمین زمرد کی در گہر کی ہین

جو بد ہین اونکو عداوت ہی حق شناسون سے
عدو علی کا ہی بہل تلخ جس شجر کی ہین

چھپیگا ہمسی کہان کوئی معنی باریک
اسیر وہ تکنی والی ہم اوس کمر کی ہین

شاہی کرون قبول مین ایسا گدا نہین
بہتر مری گلیم سے بال ہما نہین

جز ضعف اور توشہ راہ فنا نہین
تہ کر وہ نان کہ جسمین ہی پشت دوتا نہین

ابروی یار سے طلب بوسہ ہی عبث
اس کعبہ مین قبول کسی کی دعا نہین

چاہون ابھی تو ساتہ صدا کی نکل چلون
زنجیر پا مری مجھی زنجیر پا نہین

کشور سپاہ طبل علم چتر تاج تخت
دل پادشاہ چاہیے موجود کیا نہین

بیگانہ آشناسی مین ہون ہی محال عقل
بیگانہ کون ہے جو مرا آشنا نہین

افتادگی اب آئی ہی ایسی مزاج مین
جز خاک تن مین آتش و آب و ہوا نہین

ہون ہر قدم جو گرمی تن سی عرق عرق
ہین دیدہ پر آب مری نقش پا نہین

بی عقل ہین فرار جو کرتی ہین روز جنگ
مرتا نہین وہ جنگ مین جسکی قضا نہین

پستی مین جھالی کیون ضعف دانہ ای جنون
چکر ہمارے پاؤن کا کچھہ آسیا نہین

وہ چشم کیا ہی جس سے روان ہو نہ غم مین اشک
ہاتم مین جو قبا نہ قبا ہو قبا نہین

کشتی ہماری رکھتی ہے طوفان سی کیا خطر
اللہ ناخدا ہے اگر ناخدا نہین

مشتاق ہون تو چاہ زنخدان یار کا
ہین مثل خضر تشنہ آب بقا نہین

ٹھہری میان شہر وہ دیوانہ کسطرح
جسکو پسند صحبت مردم کیا نہین

کثرت ہی برق و سیل حوادث کی ہر طرف
مورا نہین کسطرح مری خرمن مین جا نہین

واقف ہی سحر چشم سخنگو سی گوش دل
ظاہر ہے یہ کہ کوئی سخن بی صدا نہین

غافل ہون رہروان عدم کیون نہ ای اسیر
عمر روان کی تیز روی مین صدا نہین

عاجز ہین سب غرور کسیکا بجا نہین
آفاق مین خدا کا کوئی دوسرا نہین

عمر روان روان ہے کوئی جانتا نہین
یہ طرفہ کاروان ہی کہ جسمین درا نہین

یاور غریب کا کوئی اوسکے سوا نہین
وہ آشنا ہی جسکا کوئی آشنا نہین

صوفی سی کہدو فہم سی تو آشنا نہین
جامے مین ہر بشر کی ہوا ایسا خدا نہین

ای شیخ جا کی جانب کعبہ کرون مین کیا
کیا بتکدہ مین جلوۂ نور خدا نہین

دار العمل سی دار جزا کا ثبوت ہی
ظاہر یہ ہی کہ شرط کوئی بے جزا نہین

مخلوق سب یہ اوسکی ہین لا ہو خواہ لا
اس ہست و نیست مین کوئی اوسکی سوا نہین

منکر رجوع رکھتے ہین جو سوی غیر رب
کیا اونکو یاد جملہ قالو بلے نہین

جبریہ سے کہو کہ ہی ظلم اور عدل اور
تیرا خدا ہے جو وہ ہمارا خدا نہین

ذری ہین کس شمار مین خورشید کی حضور
اوسکے سوا ہمین طلب ماسوا نہین

سمجھی جو اوسمین مجھ مین جدائی ہی بی بصر
دریا سے موج موج سے دریا جدا نہین

موسی سنین کلام شجر کو ذرا لغور
طوطی ہی پشت آئینہ اصلی صدا نہین

سجدہ خدا کو کیجیے کیا خلق کی حضور
مقبول وہ نماز ہے جسمین ریا نہین

تیغ کی مثل تری ابرو بھی پر خم کی ہی یار
اصفہانی ہین یہ خم ہی نہ خراسانی ہین

سنکر خرق فلک کیلئی ہوتا ہی حکیم
اہرمن و خلل ندی قدرت یزدانی مین

شعر تھوڑی ہین غزل مین تو مناسب ہے اسیر
مرتبہ حسن کا گھٹتا ہے فراوانی مین

رہا ہی یاد ابرو مین مجہی شغل فغان برسون
وہ مومن ہون کہ دی ہی جا نہ بھی کعبہ مین اذان برسون

سبب یہ تہا کہ فرقت مین جیا مین ناتوان برسون
بہت ڈہونڈہا نہ پایا موت نی میرا نشان برسون

وہ بلبل ہون رہا دشمن ہمارا باغبان برسون
جلائی آگ راتون کو قریب آشیان برسون

مزہ عشق جوانی کا کوئی جاتا ہی پیری مین
جو زخم اچہا ہی ہوتا ہی تو رہتا ہی نشان برسون

صبا واقف نہین ہم ہی بہتی بہتی بوٹی بوٹی ہی
ہمارا ہی رہا ہی اس چمن مین آشیان برسون

یقین صیاد کو مشکل سی آیا میری الفت کا
کہلا رکہا قفس کا در برائی امتحان برسون

خموشی خوب ہی اپنی وگرنہ ایک نالی مین
رہین گی یہ ہم و درہم زمین و آسمان برسون

نہ کعبہ کا نہ ہمسی دیر کا ہی حال پوشیدہ
یہان ہمنی مہینون عمر کاٹی ہی وہان برسون

تو ہی سی جلد اہل ضعف مٹجاتی ہین آفت مین
کہ گل جاتا ہی تن رہتی ہین باقی استخوان برسون

نہین کچہ امر آسان عشق اوسکی زلف پیچان کا
ہوا جسکو یہ سودا اوسنی پہنین بیڑیان برسون

جو خط نکلا تمہاری آتشین رخ پر تو زیبا ہی
کری پیدا سمندر آگ روشن ہی جہان برسون

لبان آسیا دل کی وہی باقی رہی نالی
دبائی گو کہ دانتون کی تلی ہمنی زبان برسون

کبہی وہ فاتحہ کو بہی نہ آئی لوح تربت پر
جو ہم آغوش تہی مانند خط توامان برسون

نہو گا دوسرا ہمسا پرستار ابی خدنگ افگن
کئی ہین ہمنی سجدی زیر محراب کمان برسون

تلاطم خیز ہی ایسا اگر دریای اشک اپنا
تباہی مین رہیگا یہ جہاز آسمان برسون

وفور ضعف یہ ہی ناتوانی اسکو کہتی ہین
کیا جب یاد اوسنی ہمکو آئین ہچکیان برسون

رہی جاری ہمیشہ اشک بی تاثیر آنکھون سے
نہ پہنچا منزل مقصود تک یہ کاروان برسون

ہماری اشتیاق دل کی طول ایسی کہانی ہی
نہو ختم بیان کبھی اگر یہ داستان برسون

نہ آنا تھا نہ آیا اپنی تربت پر سگ جانان
امانت کیطرح رکھی زمین نی استخوان برسون

عجب کیا ہی جو انکو رتبہ جمشید حاصل ہی
قدح نوشون نی کی ہی خدمت پیر مغان برسون

قدم تہک جائین گی جسدم تلاش تیغ قاتل مین
یقین ہی سر پہ رکہیگا حدوت سنگ آستان برسون

اسیر اندیشہ اعداسی ہین عزلت نشین ہم بہی
میان غار ابراہیم تہی جیسے نہان برسون

تیغ تولی ہوئی نکلی جو وہ بازارون مین
ہم بہی ہین جنس شہادت کی خریدارون مین

ایک عیسی ہی ہین اوس چشم کی بیمارون مین
ایک یوسف بہی ہین زلفونکی گرفتارون مین

وہ ہجوم محشر مین ہوئی جب تری آمرزش کی
بیگنہ مل گئی چہپ چہپ کی گنہگارون مین

کچھ تو انصاف پرائی ہی طبیعت اونکی
کہ در انداز جنی جاتی ہین دیوارون مین

کبہی مژگان کی کبہی ابرون کی یاد رہی
نکلے تیرون سے تو ہم گہر گئی تلوارون مین

اعتماد اپنی عناصر پہ ہو کیونکر ہمکو
ایک کا ایک مخالف ہو جب ان چارون مین

کو مکدر رہین گرد رتہ جام کیطرح
لطف اوٹہتا ہی جو ہم بیٹھتی ہین یارون مین

گشت کرتی ہو جو تم کشت مین بڑہتا ہی یہ رشک
روز چل جاتی ہی بندوق زمیدارون مین

تیر سی توڑ سوار کہتی ہی مظلوم کی آہ
رخنی کرتی ہی یہ فولاد کی دیوارون مین

جتنی قاتل تہی مری بعد ہوئی سب بیکار
توڑ تیرون مین نہ اب بارہ ہی تلوارون مین

اپنی بندون مین تہی ای لطف رخ سیمین بی نقاب
کچھ تصدق بہی ہو تقسیم گرفتارون مین

کیا چھپاتا ہی مری خون کو اے تیر فگن
ہی مری خون سی سرخی تری سوفارون مین

غم نہین بند جو دربان نے دربار کیا
جہانکنی کے لیے روزن تو ہین دیوارون مین

خوگر غم کو زمانی مین خوشی سی کیا کام
عید کی دن بہی محرم ہی گرفتارون مین

ہاتھ آیا ہمین فردوس نہ دوزخ دم حشر
بیگناہون مین نہ ٹھہری نہ گنہگارون مین

لڑکھڑاتی ہین قدم کیون نہ دہن مین اسکے
زاہد خشک تو ساقی نہین میخوارون مین

کسکی آنکھین نہین دیدار بتان کی طالب
سیکڑون تار نظر الجھی ہین تارون مین

نہین برسا جو یہ ابر مژہ ترا امسال
حبس کا قحط ہی ٹھہر تا ہی انبارون مین

تیری وحشی گئی ہستی سی عدم کو عریان
دھجیان ہو گئی یار رخت بدن خارون مین

تنگہ دنیا غم دین پاس احبا سر دست
اتنی کامون پہ بھی ٹھہری ہین بیکارون مین

غسل دریا مین بہی ہی ابروی جانان کا خیال
گھیر لین آکی نہ موجین مجھی تلوارون مین

روح فرہاد سے شاید ہو ملاقات اسیر
روز اسکے لیے پھرتا ہون مین کہسارون مین

کیا کرون اشک اگر صاحب تاثیر نہین
طفل سے ہو جو خطا لائق تعزیر نہین

نہ پڑھا ہی یار تو اوسکی کوئی تدبیر نہین
ورنہ مکتوب ہمارا خط تقدیر نہین

بھاگتی ہین تری بو سی جنگل مین غزال
ہمہمہ شیر کا ہے نالہ زنجیر نہین

قبضہ حیران ہون ہو سارے جہان پر کیونکر
بڑھ کی وہ ہاتھ سی قاتل تری شمشیر نہین

کمر آتی نظر اوسکی تو کسی دل پہ ہو نقش
شکل نادیدہ کبھی قابل تصویر نہین

ای جنون ہمکو وہ جنون کی بھی قسمت نہ ملی
بید مجنون ہے اگر پاؤن مین زنجیر نہین

ستم چرخ کی شاکی ہین عبث مردم دہر
حکم سلطان ہو تو جلاد کی تقصیر نہین

ہوں وہ طائر کہ ملی بے پروبالی میں بھی پر
کس جگہ جسم میں پہنچا کہ وہاں تیر نہیں

خواب غفلت سے ذرا کھول مسافر آنکھیں
شب کٹی صبح ہوئی کوچ میں تاخیر نہیں

خط رخسار چھپاتی ہو عبث عاشق سے
کاغذ زر یہ نہیں نسخۂ اکسیر نہیں

تمسے کیا دوں میں مہ چار دہم کو نسبت
ایسی ابرو نہیں یہ زلف گرہ گیر نہیں

اٹھو اوس قید میں لایا ہے مقدر کہ جہاں
آب شمشیر نہیں دانۂ زنجیر نہیں

ہاتھ اٹھاتی ہیں دعا کو مگر اتنا ہے یقین
قابل محو ہمارا خط تقدیر نہیں

اہل حیرت کو ہے کیا عشق مجازی سے غرض
گل کی مشتاق کوئی بلبل تصویر نہیں

سیر میخانے کی زہاد کو لازم ہے اسیر
خلد میں ایسی کوئی قصر کی تعمیر نہیں

لب پہ جز تذکرہ زلف گرہ گیر نہیں
پیچ کچھ جس میں نہو یاد وہ تقریر نہیں

کیا وہ سینہ ہے جو سینہ ہدف تیر نہیں
کیا وہ گردن ہے جو گردن تہ شمشیر نہیں

نامہ بے حال جو دیکھا ہے زبانی کہنا
خون روتا ہے قلم حاجت تحریر نہیں

اے برہمن جو سنیں بت ابھی دل پانی ہو
بانگ ناقوس مرا نالہ شبگیر نہیں

ہوں وہ مقتول کہ قاتل سے ہے الفت مجکو
آب خنجر سے لہو کب شکر و شیر نہیں

راستی ساتھ تواضع کی ہے انسان میں خوب
ہے کمان ہاتھ میں بیکار اگر تیر نہیں

یہی تیزی جو زبان کی ہے تو بندے کا سلام
قطع الفت کی بھی حاجت شمشیر نہیں

دل نہ دیتا تو بلاؤں میں نہ پھنستا ایسا
میری تقصیر ہے کچھ آپ کی تقصیر نہیں

دیکھ تو بزم حسینان کو مصور چلکر
کون سی شکل سے ہے جو قابل تصویر نہیں

الفت قید نکلنے نہیں دیتی باہر
تیرے دیوانے کو کچھ حاجت زنجیر نہیں

ذبح ہو جاؤنگا آنکھین تو ملا اے قاتل
نگہ ناز تو ہی پاس جو شمشیر نہین

کون دنیا مین ہی ایسا جسمین نہین تیری جگہ
تجکو رہنی کی لیے حاجت تعمیر نہین

دوڑکر خود مری آغوش مین آتی ہین حسین
کون کہتا ہے مری آہ مین تاثیر نہین

گالیان لکھہ کی نہ کہلاؤ زبان کو کہولو
کام تقریر کا ہے حاجت تحریر نہین

باغبانون سے یہ بحث کہ گلشن مین مرے
شام سوسن کی سوا صبح طباشیر نہین

شوق رہبر ہی تو چل جلد زیارت کو اسیر
ہند سی دور بہت روضہ شبیر نہین

مردہ نہ یون دبا کوئی دشمن دفینون مین
تیرا ہی ایکبار وہ تن اے زمین زمینون مین

مذہب ہی پا ہوا عشق عاشق روی حسینون مین
کس پیرہن مین بت کہ برہمن نشینون مین

فرقت مین ایک ہی مری ہستی و نیستی
ثابت یہ خود مجھی ہی کہ گویا یقینون مین

یارب یہ کسکی سجدہ در کا ہی اشتیاق
مانند آفتاب سراپا جبینون مین

جز عجز کبر جنمین ذرا بھی نہین رہا
آگی تو آسمان تہا اب زمینون مین

سیفی سی سینہ لب سی ہوتی تہی بیجا جھلک
قدرت خدا کی ہی کہ ہمین کم کمینون مین

گھر سی نکل کی کیا مجھی پھر نکی ہو امید
اسرار گفتہ ہون نفس واپسینون مین

دیکھو نگاہ کم سے نہ مجھ خاکسار کو
وہ خاک ہون کہ سرمہ عین الیقینون مین

غصہ مین ہی جو اسکی مژہ جیسی پوچھی
جوہر شناس خنجر چین جبینون مین

کیا کہینچی دست شوق نی ہاتہ پاؤن تک
دامن ترا ہون مین تری آستینون مین

قابل نہین جحیم کی ہی فعل زشت سی
منہ ہی مرا کہ طالب خلد برینون مین

اعلی کیا ہی تجکو نہ ادنی نصیب سی
بالا ہی آسمان ہو تو زیر زمینون مین

اتی تنگی جہان سے کسی انجمن کا لطف — اتی جگہ نہین ہی کہ خلوت نشین ہون مین

آتا ہون بدگمان تو یہ کہتا ہی نامہ بر — خط دو کہ جبرئیل کی صورت امین ہون مین

اسباب خانہ ہی تو خم و ساغر و سبو — وہ گہر شراب خانہ ہی جسمین مکین ہون مین

ظاہر مین ہون مقیم تو باطن مین ہون روان — دریا ہی یہ زمانہ تو کشتی نشین ہون مین

لیلی کی ساتہ ہوتی ہین مجنون کی تذکرے — اللہ رے اتحاد جہان تم وہین ہون مین

بڑہکر کوئی زبانی مین اس سے نہین رفیق — تقدیر میری ساتہ ہی میری کمین ہون مین

بسمل کی ہچکیان ہین کہ میری سوال اسیر
مجروح خنجر لب نان جوین ہون مین

فکر توصیف دہن مین شعرا رہتی ہین — روز مضمون نئے غیب سے آ رہتے ہین

صورت سبزہ بیگانہ ہین اس باغ مین ہم — سب مین رہتے ہین مگر سب سے جدا رہتے ہین

قطع امید عطا ہی مری مذہب مین گناہ — ہاتہ شل ہوگئی ہین مصروف دعا رہتے ہین

صائم الدہر جو ہین ان کو ہی کیا فکر معاش — سالہا سال یہ مہمان خدا رہتے ہین

کب توجہ نہین وسواس برو پیر خم کی طرف — رو بقبلہ صفت قبلہ نما رہتے ہین

خاک ہوتا ہے رہ عشق مین اکسیر ایسا — جو بگڑتی ہین یہان کچہ تو بنا رہتے ہین

تنگ آیا ہون مین افلاس مین اتنا نون سے — استخوان تن مین نہین گرد ہما رہتے ہین

منزل گور سے ہر دم ہین یہ آمادہ کوچ — کان اپنی طرف بانگ درا رہتے ہین

خون پیا داغ سے صبر کیا کچہ نہ کہا — خوش ہین ہمسے جو اب بہی وہ خفا رہتے ہین

کذب دعوی یہ نہین حال مہ نو ہی دلیل — جتنی ناقص ہین وہ انگشت نما رہتے ہین

ہر شب ہجر کو کرتا ہون مین مرکی سحر — روز ہنگامی قیامت کی بپا رہتے ہین

بت ہین کہ زر رو ہو تو ہوون ہمسے اللہ تو خوش
بتکدہ ترک کیا کعبی مین جا رہتی ہین

ای اجل کر نہ کرم اونپہ جو تجھسے ہین نفور
لی خبر اونکی جو جینی سی خفا رہتی ہین

فرش مخمل پہ اسیرونکو مبارک رہی خواب
خارزارون مین ترے آبلہ پا رہتی ہین

صحبت اہل فنا انکو خوش آتی ہی مگر
گہر جو تکیے مین بنا کر فقرا رہتی ہین

آنہ یار کی مشتاق نہین کچھ بہی راہ
منتظر دیدۂ نقش کف پا رہتی ہین

چشم نرگس ہی نہین طالب دیدار تری
کان پہولون کی بہی مشتاق صدا رہتی ہین

پوچھتی کیا ہو پتا آئینہ رخسارون کا
دل عاشق مین یہ ارباب صفا رہتی ہین

میری نالی ہین ستون خیمہ ہی اتنی ورنہ
ہفت افلاک زمین پر ابہی آ رہتی ہین

چشم انصاف کشادہ ہی ہماری ایسے
گوش دل منتظر دخل بجا رہتی ہین

تعزیہ خانہ ہی کہتی ہین جسی کوچۂ عشق
جو یہان آتی ہین مصروف بکا رہتی ہین

واہ کیا صاف طبیعت ہین قدح نوش اسیر
ہم انہین لوگون کی خاک کف پا رہتی ہین

پہنس گئے خط ذقن کی چاہ مین
غوطے کہائی آب زیرکاہ مین

کیا کرم ہے ایک ہین اچہی برے
آپ کی سرکار عالیجاہ مین

وہ مسیحا ہو جو کی تمنے نظر
جان ڈالی مرغ بسم اللہ مین

بوریے سے ہاتہ بہر اونچا ہی تخت
فرق کتنا ہی گدا و شاہ مین

ہون وہ مضعف توڑ ڈالون اپنی پانون
ہو اگر پامال کانٹا راہ مین

حاجیو دوس سرو قد کی یاد ہے
رکن اعظم حج بیت اللہ مین

ساتہ ہین عاشق ہزارون ننگے سر
آتے ہین کسکے علم درگاہ مین

بند کر کے آنکھ چل سوی عدم
ہے کہین بتخانہ اونچا راہ مین

عشق لایا آنسوؤن کو سوی چشم
کاٹ کر دریا گرایا چاہ مین

بے کعبے چلتا ہون پر اتنا تو بتا
میکدہ کوئی ہے زاہد راہ مین

اہل حق ہی ہین یہان پست و بلند
چرخ پر عیسے ہین یوسف چاہ مین

ای فلک دے قبر تو ہمکو وسیع
عمر گذری خانۂ کوتاہ مین

اب تو ہی روپوش وہ خورشید رو
دیکھئے آئی نظر کس ماہ مین

دل جلائے کیون نہ وہ چاہ ذقن
معدن گوگرد ہے اس چاہ مین

طرفہ عریانی مین پایا ہی لباس
تن چھپا رہتا ہے گرد راہ مین

منہ چڑہی گا کیا رقیب حیلہ جو
شیر کی جرات ہی کب روباہ مین

مہربان وہ بت ہوا ہمپر اسیر
شکر ہے اللہ کے درگاہ مین

لگی نہ ہاتہ جو اوسکی کمر تو عیب نہین
ہماری قبضہ قدرت مین دست غیب نہین

مقام فکر ہی نیرنگئی ریاض جہان
وہ کون غنچۂ گل ہی جو سر بجیب نہین

وہ بت ہی صاف کہ ہمسی خفا خدا جانے
بجز خدا کوئی دانای حال غیب نہین

جری کو جامہ میسر اگر نہین تو نہو
برہنگی پی شمشیر کوئی عیب نہین

ہماری دل کو مصائب کی تاب ہو کیونکر
جناب شیث نہین حضرت شعیب نہین

دکھا رہا ہی مجھی دل وہ باغ یکرنگی
جہان بہار شباب و خزان شیب نہین

ہی ایک شکل بد و نیک دوست دشمن سے
وہ آئینہ ہی یہ دل جسمین رنگ ریب نہین

تمہارا سینہ ہی یا تختہ بہشت برین
در بہشت برین ہی یہ چاک جیب نہین

اسیر آج ہے پھر عیش باغ کا میلا
چلو چلو کہ حسینون کی ٹولیان آئین

کرین اشعار موزون اسکی تعریف قد موزون مین
بلندی شاعرونکو ہو اگر درکار مضمون مین

پھنسا ہی دل مرا جاکر کبھی زلف شبگون مین
جنونکی جوش سی زنجیر ڈالی پانی مجنون مین

پھرا ہون عالم وحشت مین سوانکو و ہامون مین
رہا ہون اشتیاق صحبت فرہاد و مجنون مین

سواد فہم کا پردہ پڑا ہی چشم حاسد پر
کرے گی موشگافی کیا مری پیچیدہ مضمون مین

تری خال رخ گلگون سی تشبیہ دی ہمنے
زیادہ کسطرح نشہ ہو دانی کی افیون مین

زمین مین گاڑتی ہین چشم زر بینا ندہ ممسک
عبث کرتی ہین اپنی گنج داخل گنج قارون مین

ہوا بانت جنون مین بھی بستر مری فقط ایذا
نہ دیکھی ایکدن زنجیر اپنی بید مجنون مین

کیا ہون گلشن مین جو اوسکی قد موزون سے
ہوا قمری کو سکتا سرو کی مصرع موزون مین

دکھا دو اپنی ظرف کی اسی مے کشو وسعت
پیو بھر بھر کی مے پیمانۂ خورشید گردون مین

چلی کچھ بیہ تحسین کی ہوا تو رنگ اڑجاے
نزاکت سی نزاکت ہی گلہای موزون مین

سنگ جانان سے کیونکر دین کسی ماہ کو نسبت ہم
تفاوت ہی بہت گاو زمین و شیر گردون مین

یہ آنکھین چل رہی ہین اب جہان مین یاں ہم کو آ
بنا دیکھو تماشا اوڑ رہی ہی خاک جیحون مین

مکان آباد تھی جتنی ہوئی گی مکان آخر
نہ کوئی طاق کسری ہی نہ ایوان فریدون مین

جنہین اہل زمین سب رات کو انجم سمجھتی ہین
یہ رخنی میری تیر آہ سی ہین سقف گردون مین

حنا گلزار سی اک بیسوا سی کیا حاصل
ڈبولی اونگلیونکو اپنی قاتل مری خون مین

مقام عافیت پایا جو خم مین بیٹھہ رہنی سے
یہ تیری فیض سی ساقی تہی فقط عقل فلاطون مین

درازی اپنی کہلاتی یہ کسکی دست وحشت سے
کہ جا ڈونڈتی ہین اودہر جا کے دامان ہامون مین

اسیر امید عشرت آسمان سی سخت بیجا ہی
فقط یارونکی دہوکا ہی کہان جام واژون مین

کوئی میخانہ ایسا ہی کہان اس دور گردون مین
بھرا ہی بادہ مستی تمہاری چشم میگون مین

خمار آلودہ ہون کیونکر نہ جی گہبش ربع مسکون مین
شراب عیش ای ساقی نہین مینائی گردون مین

ہماری چشم خونفشان نی کیا رنگ مقتل مین دکہایا ہی
کہ عالم شاخ مرجان کا ہی اوسکی تیغ پرخون مین

عنایت کوئی کر مینا ہمی ہمکو بہی ای ساقی
خم و پیمانہ ہین قابو نہی جمشید و افلاطون مین

ترقی تجکو ہر دم ہی وہ ہر روز ایک صورت پر
مقابل مہر کیا ہو تجہسی حسن روزافزون مین

بجائی دل فی فی لیکن نہ پہنچا اوسکی گیسو تک
یہ انگلی ہاتہ آتا کچہ اثر ہوتا جو افسون مین

کیا گردون نے میری اختر طالع کو پست ایسا
ہوا اک اوردہ ہم جاکی داخل گنج قارون مین

کلام اللہ شاہد ہی کہ قدر نظم بالا ہی
تردد کیا ہی بسم اللہ کی مصرع موزون مین

کسی دل مین اثر پیدا کری تیغ ہم گدا جاتین
تکلف کیا عمل پائی جو سلطان ربع مسکون مین

زمین دشت دریا ہی پئی وحشی کی روانی
کہ تا دشت جنون دریا کی چل نکلی ہی ہامون مین

نہین ہی لخت دل آنکہون سی جو آنسو نکلتی ہین
کہی یاقوت بہی شامل ہین سلک در مکنون مین

تصور اوس کمر کا بسکہ وقت فکر باندہا ہی
زیادہ بال سی باریکیان ہین میری مضمون مین

چڑہین ای چرخ قبر کوہکن پر شیشۂ شیرین
مناسبت ہی مجنون ہی ظل بید مجنون مین

روانی دیکہہ تو خون سر فرہاد کی شیرین
یہ سرعت اور یہ گرمی کہان خسرو کی گلگون مین

گر اس سلطان خوبان دنیا مین کیونکر اوسکی سایہ سی
ہمارا رہتا ہی تیری سایہ بخت ہمایون مین

عجب کیا ہی اگر پہنچا ہی دامن مستقل آتش
جلن ہی بڑ گئی آنکہ سی مژہ پر قطرۂ خون مین

ہنسی کیا کیا سمجہکر اوسکو کشت زعفران لیلی
ہمارا رنگ رخ ہو صرف اگر تصویر مجنون مین

نہ کیونکر شاد ہو باریکی مضمون سی دل میرا
سمایا ہی نگاہ میرا مضمون چشم فرد مضمون مین

کیا ہی تیری قد موزون کی آگی اوسکو ناموزون
نکالین نہی شاخین ہوگی مصرع موزون مین

سر مو لکھہ سکی کوئی اسیر اسکو یہ کیا ممکن
سیہ تختی کی نسخی ہوتی ہین جو زلف شبگون مین

امید وصل سے دل ہجر مین ہلاک نہین
بہت قریب ہی جدائی اجل سی باک نہین

بشر نہین جسی اندیشۂ ہلاک نہین
وہ کون خاک ہی جسکا مآل خاک نہین

وہ کون پست ہی کلفت سی جو ہلاک نہین
سوای گرد نجم آسمان مین خاک نہین

نکال آج حسینونکی سرخ سرخ ہاتہ
مری لہو کا تو مہندی مین اشتراک نہین

خیال وصل حسینون سی اور ستی ہی
خرید جنس کا سودا گرہ مین خاک نہین

یقین نہین ہی ترے زہد کا ہمین زاہد
قسم تو کہا کہ تجہی دختر زر کی تاک نہین

بری گناہ سی کیونکر رہین یہ دولتمند
شراب خانہ مین دامن کسی کا پاک نہین

جو تب ہی آئی عیادت کی ہی امید کسی
ہماری اونکی وہ اگلا سا اب تپاک نہین

نگاہ بہر کی اوسی کوئی آنکہ کیا دیکھی
کہ آفتاب ہی وہ روی تابناک نہین

فدا ہین اوسپہ سب اہل زمین اہل فلک
کہ ہر کو غلغلہ روحنا فداک نہین

علی کا نام ہی سلمان صفت جو ورد زبان
وہان شیر مین بہی دہشت ہلاک نہین

ہین ایک دیدۂ مادر مین طفل خرد و بزرگ
گدا و شاہ مین کچہہ فرق پیر خاک نہین

عجب نہین ہی گنہگار آدمی ہین اگر
یہان تو آگی فرشتی خطا سی پاک نہین

صفای ساعد سیمین کو کیا کوئی دیکھی
کہ آستین مین تری پیرہن کی چاک نہین

لٹک رہی ہین ستارونکی سیکڑون انگور
پہر کیا سبب اگر اونکو نسبت تاک نہین

دنیا مین لٹا کی ہم گھر اپنا
عقبیٰ کا ثواب لوٹتے ہین

ہم دام اجل مین ہوتے ہین قید
احباب اسیر چھوٹتے ہین

کچھ جدا نور مصطفیٰ و احمد مرسل نہین
ایک کو دو کس طرح سمجھون کہ مین احول نہین

دیکھ لی ای دل مطلع کو یہ کیسا دو لخت
مصرع ثانی سی ربط مصرع اول نہین

شعر پڑھکر اشک افشان کس لیے ہین اہل درد
میرا دیوان ہی ابو مخنف کا یہ مقتل نہین

ابر سیاہی مین مجھی کیونکر نہ خوف آ
اژدہا کہسار سے آیا سیہ بادل نہین

ہر رخ خال کی نقطون کا بہی لکھا ہون صفت
صورت فیضی مری تفسیر کچھ مہمل نہین

مین یہ سمجھا روشنی مین شب کو نکلا جو اسیر
غول مشعلچی چراغ غول ہی مشعل نہین

پستی طالع یہ میری دور رہا ہی اسعد
بحر تقویم منجم نہر ہی جدول نہین

کاٹ ڈالون سر کہ ہو مطلق زوال درد سر
درد سر کیو اسطے درد سر صندل نہین

ہجر کی شب میری آنکھون سے جو آنسو ہین روان
مشک پانی سی بھری ہی تکیہ مخمل نہین

تیری تیغ امتحان کی کون کہا سکتا ہی زخم
مرد اس میدان کا جب جوہر اول نہین

ہی جو معشوق اسکو ہی عاشق کی صحبت سے گریز
میہمان طاؤس کی گھر مین کبھی بادل نہین

دشت غربت مین ہی اہل وطن کا ہی خیال
ساتہ میری آدمی کا کس جگہ جنگل نہین

داغ دل موجود ہی نان سفر درکار کیا
پاؤن مین چھالا ہی پانی کی اگر چھاگل نہین

بادہ کش رمضان کیون مجھی عورت مین آہی
گھر مین قاضی کی تو می کی ایک بہی بوتل نہین

ثابت اتممت علیکم نعمتی سی ای اسیر
جز علی کوئی وزیر احمد مرسل نہین

کون جانے عیب مبہم ہی جسپر یہ عقدہ حل نہین
جسکا ثانی ہو خدا کی ذات وہ اول نہین

کب تمہارے کلبے ای حاکم وا عدل نہین
آخر آخر ہے نہین یا اول اول نہین

غیر کا احسان اٹھاتی ہین کوئی اہل صفا
دل وہ آئینہ ہی جسکو حاجت صیقل نہین

نالی کرتا ہون نہین ہی نام تیرا آنکھون مین نم
ہی عجب تجلی چمکتی ہے مگر بادل نہین

انقلاب دہر ظاہر ہی عیان تغیر حال
آج جو ہی کل تھا جو آج [illegible] وہ کل نہین

چہرہ روشن چھپاتی ہو عبث دامن سی تم
شمع ہی فانوس مین [illegible]

گھر پر آکر ستاتی ہین مجھے کیون آشنا
بھاگ جاؤنگا مین جسدن [illegible] جنگل نہین

شہر آتی ہی کا نہین مدہوش ہون یہ جانا ہوت سوار
کون ہی تابوت کی ہمراہ [illegible]

کیون کپڑے پھاڑ کر رہی ہون صحرا کی طرف
دست [illegible]

آگیا ہے پردہ ابر تنک مین آفتاب
رقص مین رخسارہ محبوب پر آنچل نہین

ہون وہ میکش خم چڑھاؤن تو تو تسکین دل
باعث سیری بیان [illegible] نہین

قوت معنی عیان میری قلم انسی ہی رو
شیر سی خالی کبھی یہ کاک [illegible] جنگل نہین

گل گئی بازار مین بلبل گئی سوی قفس
قصہ صیاد و گلچین آجتک فیصل نہین

کسکی خوشبو آگئی جسنی معطر کر دیا
عطر دان صحن چمن مین کسی کی بغل نہین

سہل سمجھی ہو ہماری دل جلانی کو عبث
آہ سوزان ہی یہ دود آتش مشعل نہین

لاتی ہی وحشت ہمین کس دن اندھیری رات مین
منزل [illegible] دست غول [illegible] مشعل نہین

چاہتی ہین جو مزہ دنیا مین نادان ہین اسیر
نخل حنظل ہی یہ شیرین اسمین کوئی پھل نہین

اوسنی پیغام یہ بھیجا ہی کہ ہم آتی ہین
ایسی عالم مین کہ اولٹی ہین دم آتی ہین

کس نشہ خوبی نے ڈالی ہے عمارت کی بنا / شادیانے بج رہے ہیں خانۂ مزدور میں
گفتگو کیا سجدہ کی کرتا ایک ذرہ خاک کا / بولتا تھا حکم تیرا پیکر منصور میں
جو سنے نغمہ اوسے ہو جاوے ہے مطرب جنون / تار ہون میرے گریبان کی اگر طنبور میں
کیا دل پر سوز میں آوے خیال روے یار / کود پڑتا ہے کوئی جلتی ہوئی تنور میں
رنگ حنا نکلی تیری گوری ہتیلی میں ہے یون / بادۂ گلرنگ جیسے ساغر بلور میں
اوس رخ روشن کی مضمون کس طرح روشن ہون / نور کا ہر ایک فقرہ ہے دعاے نور میں
سو دیونکو پستی قسمت ہے دولت میں نصیب / سیکڑون ہین چاہ صحن خانۂ زنبور میں
واہ کیا اسم نے پھل تیری زخمی کو دیا / ذائقہ انگور کا ہے زخم کی انگور میں
روسیاہی کب تلک یارب مجھی گردش بد / صبح کی امید رکھتا ہون شب دیجور میں
ہے فروغ حسن ایسا نور ہو یا چاندنی / جب نکلتی ہیں ہمہ ملجاتا ہے سایہ نور میں
تھی جو قسمت میں گرفتاری وہی باقی رہی / مرگئی پر دل پہنسا زنجیر زلف حور میں
میری زخمونکو جو اے جراح ایذا ہے کمال / مشک کا تھا میل شاید مرہم کافور میں

لشکر افلاس سے اندیشہ کیا مجکو اسیر
ہون میں ظل رایت شاہ ابو المنصور میں

داغ دل کیا خیال نرگس مخمور میں / آفتاب آنی نپایا سایۂ انگور میں
تل نہیں ہیں جا بجا اوسکی رخ پر نور میں / غسل کو اوترے ہیں زنگی چشمۂ کافور میں
دل ہوا مجروح یاد نرگس مخمور میں / پنبۂ مینا کی بتی چاہیے ناسور میں
جانب جنت چلی ہے روح کس میکش کی آج / دست غلمان میں ہے شیشہ جام دست حور میں
آج کل ہی کچھ نہیں میں طالب دیدار حسن / آئینہ تھا دل مرا خلوت سرائی طور میں

ذرے جو افشان کی ہین یون الف سیاہ یار مین
جسطرح جگنو چمکتی ہین شب دیجور مین

تم اگر دعوی انا الحق کا کرو حق ہی وہی
جھوٹ کہتا ہون تو اُٹھون بہ ہب منصور مین

زادہ موذی سے موذی کو نہین کچھ فائدہ
جلتی ہی کب شمع مومی خانۂ زنبور مین

بام پر چڑھکر دکھایا کسنے جلوہ حسن کا
لوٹتی پھرتی ہی بجلی جلوہ گاہ طور مین

داستان یوسف کی سنتا ہی تجھے کہتا ہی شوخ
جی نہین لگتا مرا اس قصۂ مشہور مین

تیری گرمی سے ابھی زاہد کلیجا پک گیا
ذکر دوزخ کیون کیا فردوس کے مذکور مین

گرم بازار حسد کس جا زمانے مین نہین
آگ کی ہستی پہ روٹی جل گئی تنور مین

جسقدر اندھیر ہو عالم مین خبیث ہین بدسرشت
کیسی چورونکی بن آتی ہی شب دیجور مین

طور کو سمجھی ہین بازیگاہ طفلان شوخ
جھولتی ہین ڈال کر جھولا نہال طور مین

ہونگی ہم بیجان جو کوئی دست پہنی گلکفن
جا رہیگی روح اپنی مثل بو کافور مین

نقد جان سبکی ہی خدا مالک امانتدار مین
جیسی سلطان کا خزانہ قبضۂ گنجور مین

ہو کی غافل گر پڑی موسی جو مستونکی طرح
مے بھری تھی جو کہ وہ غش کیا چراغ طور مین

چاندنی مین صفت وصی یار کرتا ہون رقم
باندھتا ہون زلف کی مضمون شب دیجور مین

آبلی ٹوٹین گی دل کی اوسکی شفقت سی اسیر
زہر جسکو اہل بدعت نے دیا انگور مین

کون سنتا ہی عبث کسلیے فریاد کرین
اوسکو ہچکی بہی نہ آئی جسی ہم یاد کرین

ای اجل صبر کر ای تیغ گلی پر رک جا
کوئی دم اور بہی نظارۂ جلاد کرین

طائر رنگ حنا ہون چمن ہستی مین
لال ہو جائین جبھی صید جو صیاد کرین

اللہ اللہ عجب ان سرو قدونکی ہین باغ
سرو شیدہ ہو تو یہ صدقی مین آزاد کرین

کس طرح تنگ کی نہ ہم بیٹھے رہین مسجد مین
ڈہونڈہا مارا نہ ملا خانۂ خمار کہین

کوچۂ یار مین عشاق کہڑی رہتی ہین
دو کہین تین کہین پانچ کہین چار کہین

عاشق چاہ ذقن وہ تو یہہ وابستۂ زلف
دل ہی محبوس کہین جان گرفتار کہین

یاد ابرو مین ہی کچھہ اور ہی عالم دل کا
سخت مضطر ہی مگر چل گئی تلوار کہین

اوج حاصل ہو جو مفلس کو کری ترک خودی
پاؤن مین چبہتی ہین خار سر دیوار کہین

کشتی عفو کو آنا ہے اگر جلد آئی
عرق شرم مین ڈوبین نہ گنہگار کہین

حشر کی روز سحر سی یہہ رہیگا مجہی خوف
یہان بہی آجای نہ فرقت کی شب تار کہین

کوچۂ یار مین مجہہ سی یہہ ادب کا ہی کلام
دیکہہ پامال نہو سایۂ دیوار کہین

نقد جان دیکی ہین موجود خریدار ہی کو
کوئی یوسف نہین بکتا سر بازار کہین

سیر دنیا کی ہی منظور تو ہشیار اے دل
جال ہی جال ہی ہونا نہ گرفتار کہین

بزم جانان مین کسی دن نہ کہی پہنچی بات
وہ جو باتین کسی بدگو کی سنین چار کہین

طالب فاتحہ خوانی ہی نصیبن ہم پس مرگ
خوف ہی یار کی ساتھہ آئین نہ اغیار کہین

حرص کہتی ہی کہ پہرنا ہی زمانہ مین ضرور
ضعف کہتا ہی کہ جانا نہ خبردار کہین

ہین وہ عاشق ہمین کرلیتی ہین معشوق پسند
لائق کار جو ہین رہتی ہین بیکار کہین

گرم بزم شعرا ہو چکی چل جلد اسیر
ایسی جلدی مین کہی جاتی ہین اشعار کہین

ہی وصل گل و بلبل ناشاد چمن مین
دربند ہے گل چہرہ ہی یا نہ صیاد چمن مین

دیوانہ کری کیون نہ مجہی سیر گلستان
ہر گل نظر آتا ہی پری زاد چمن مین

معشوق سی بہتر ہی کہین رتبۂ عاشق
قمری کی جگہہ ہی سر شمشاد چمن مین

نہرین کہین لبریز کرا ے گریۂ بلبل
تختی گل و سوسن کی ہین برباد چمن مین

صیاد کی آتی ہی گری شاخ سی بلبل
کیا جانی پڑی کیسی یہہ افتاد چمن مین

گلگشت کا کیا لطف تری ہجر مین ای گل
نرگس ہی مجہی دیدۂ جلاد چمن مین

دل سی مری تعلیم لیا کرتی ہین غنچے
کرتی ہین گلستان کا سبق یاد چمن مین

اللہ نے بلبل کو اسیری سے بچایا
دیوانہ ہوا آتی ہی صیاد چمن مین

کیا سرو و صنوبر ہون قد یار سی ہمسر
اصل اسکی نہ کچہہ اوسکی ہی بنیاد چمن مین

گل توڑ کی کیون توڑ رہا ہی دل بلبل
گلچین نہ کر ایسا ستم ایجاد چمن مین

شاخون سی جدا گل نہین ہوتی ہین ہوا سے
اوڑتی ہوئی پہرتی ہین پریزاد چمن مین

کچہہ نالۂ بلبل مین قیامت کی ہی گرمی
تب چڑہتی ہی آتا ہی جو صیاد چمن مین

مستون سی کبہی یہہ نہ کہا پیک صبا نی
آؤ تمہین ساقی نی کیا یاد چمن مین

بی فکر بہی شاعر سی نکلتی ہین کہین شعر
موزون ہی ہر اک مصرعہ شمشاد چمن مین

کہدو کہ پہری ایسی دم سرد نہ قمری
سرد ہی سی اگر جا ہی نہ شمشاد چمن مین

لازم ہے اسیر اب کسی نذانین بہی چلیئی
خرم نہوئی خاطر ناشاد چمن مین

تاب سخن حضور تربت بید ہان نہین
اوسکا دہن نہین تو ہماری زبان نہین

کچہہ انتہای شفقت پیر مغان نہین
تعریف کیا کرین کہ ہماری زبان نہین

راحت نصیب اہل جہان ہو گمان نہین
اوسکی طلب ہی ہم مین جسکا نشان نہین

پہر دم ضرور کیا ہی چڑہانا اوتارنا
سوچو تمہین کہ مین تو بشر ہون کمان نہین

آئینہ جگر مین ہی نور جمال دوست
یوسف نہ جس مین ہو کوئی ایسا کنوان نہین

دیوانہ ہے اوسکے قد کا شاید — ہین طوق گلو سے نیشکر مین
دانتون کی چمک سے مجکو مارا — کیا تیغ کی آب تھی گہر مین
... ان کسی کا لون نہ سر پر — ٹھہرون نہ ہین سایہ شجر مین
... وز شب سے یہی تو شمع آسا — ہے عمر تمام رات بھر مین
... کر ہو یقین حشر واعظ — ہے صدق بہی کذب بہی خبر مین
... ر جاؤن مین قفس سوئی باغ — طاقت یہہ کہان ہے بال و پر مین
... تھم مین جڑی وہ مہر و شکیا — وہ بہا ہے نگینہ قمر مین
... یار سے کوئی حور قبر مین بہیج — لگتا نہین جی اکیلے گہر مین
... سبب ذوقن کہ ہے وہ نایاب — ہوتا نہین تخم کس ثمر مین
... مین وہ ہے نہ ماہ مین ہے — جو داغ کہ ہے مرے جگر مین

افسانہ عشق کو ندے طول
ہوتا ہے اسیر دردسر مین

... ہان گذران رکھتے ہین — نام رکھتی ہین ہم اونکو جو نشان رکھتی ہین
... حسل کا اتنا تو نشان رکھتی ہین — تنگ منزل مین تنگ مکان رکھتے ہین
... ہم اور ضعیفون سی جہان مین اٹہوا — ای فلک ہم تو ابہی تاب و توان رکھتی ہین
ساتھ غفلت کی ہین نافہم بہی یہ صاحب بخل — گنج کچہ عیب نہین جسکو نہان رکھتی ہین
بہوک کیون کہوئین نہ دیدار کہا کرتے حسین — پاس ابرو و ہلال رمضان رکھتی ہین
جلوہ دوست مناسب ... ہے — قابل پوشش مہتاب کتان رکھتی ہین
... دو اکی لئی خاک قدم ای رشک مسیح — پھول نرگس کی چمن مین یرقان رکھتی ہین

ڈر گئی ہین مری نالون سے موذن ایسے
انگلیان کانون مین ہنگام اذان رکھتی ہین

ہونگی محتاج وہ وہ ہاتھ زمین کی مرگ
سیکڑون ملک مین مخفی جو مکان رکھتی ہین

بوسہ اوس چشم کا لی کوئی یہہ کسکا ہی جگر
موئی مژگان نخاشش نوک سنان رکھتی ہین

دیکھتی ہین مرا احوال نگرتی ہین وہ بات
آنکھہ نرگس کی تو غنچی کا دہان رکھتی ہین

دختر رز کو بھو جھوٹون بہی لگاتی نہین منہ
رند باسب ادب پیر مغان رکھتے ہین

وصف کس منہ سی کرین اوس مژۂ ابرو کا
لب شمشیر نہ خنجر کی زبان رکھتی ہین

وصف زیبا ہی تری چاہ وقن کا ہمکو
صاف دہوئی ہوی کوثر سی زبان رکھتی ہین

رہ گیا اپنا تن زار جوانی نرسے
باغ سی ھم یہہ پرکاہ نشان رکھتی ہین

ہین اگر الفت ظاہر کی طلب گار حبیب
ہم بہی اک یار فروشی کی دکان رکھتی ہین

کتنا پوشیدہ جلاتی ہی تپ عشق ہمین
نہ شرارے نہ حرارت نہ دہوان رکھتی ہین

دشت وحشت مین کسی چشم کا ایسا ہی ادب
سجدی کرتا ہون ہرن پاون جہان رکھتی ہین

کاش کہاتی ہین جو موذی کبہی تی ہی ہین بات
ہو کی انسان یہہ افعی کی زبان رکھتی ہین

وصل مین ہجر کا کھٹکا نہین ہوتا موقوف
حسب بہار آتی ہی ہم خوف خزان رکھتی ہین

عیب مین عیب سمجھتی ہین ہنر کو بہی اسیر
آگ کا نام یہ نافہم دہوان رکھتی ہین

کوئی مزہ وہ زیر فلک چاہتا نہین
زخمون کی واسطے جو نمک چاہتا نہین

دل ہو کسی کا صاف فلک چاہتا نہین
بد شکل آئینہ کے چمک چاہتا نہین

ایسی ہی ناصم اتبو زماتی مین طرز تجل
ذرون کی آفتاب چمک چاہتا نہین

دیتا ہو بوسۂ لب شیرین مجھی ضرور
لیکن رقیب کو نمک چاہتا نہین

کیا دھوم کر یہ بنا ہین ہمسی مضامین بلند
طائر اوڑتی نہین وحشت کی بیابان مین

غیر ممکن ہی کہ اک روز نہ پیدا ہو فساد
چار اضداد کا مجمع ہی تن انسان مین

سچ ہی کوئی نہین ہوتا ہی مصیبت مین شریک
نیند کیا موت بہی آئی نہ شب ہجران مین

رتن ہیہ منظور نظر راز جنون کا اخفا
بیڑیان غل نہین کرتی ہین مری زندان مین

نہ ہوی نار و جنان مین مری زینسی نقیص
ہاتہہ مالک کا دیا ہیچ کف رضوان مین

گر ہی داغ ہی بعد فنا تو یارب
دہوپ کہلتی ہی مسافر کو بہت میدان مین

شعر مہمل جو پڑہین وہ تو ہون معنی پیدا
معجز لب سی پڑی جان تن بیجان مین

کہتی ہین چہرۂ محبوب پہ خط نکلا ہے
نامہ لکہین گی اب اوسکو تو خط ریحان مین

چشم تر تی تری چہری کا تصور کرکے
پہر دئی ہین گل خورشید مری دامان مین

قتل ہو خلق جو پہرا ہت قاتل او تری
تیغ عریان کی ہین جوہر بدن عریان مین

بانہہ ہی ہین ابروی جانان کی جو مضمون سینے
خانۂ کعبہ ہی ہر بیت مری دیوان مین

پہی معشوق ہین کیونکر نہ سمجہیں عاشق
تن ہی مٹی جو نہو روح تن انسان مین

مہ تری صورت کو بہی وہ عیب کی صورت سمجہا
ضعف سی مین نہ سمایا نظر جہان مین

نظر آتی نہین بیہ دیدۂ حاسد کو کبہی
کتنی باریک مضامین ہین مری دیوان مین

جسم سجیس کو مری دیکہہ کی اشکون مین اسیر
لوگ کرتی ہین مسافر کا گمان باران مین

خط نہوا ربہوا وصلکی راتین آئین
جنکا اندیشہ تہا منہہ پہ وہی باتین آئین

کبہی شادی کی نہ شادی نہوا رنجکا رنج
مژدی نکلی مری گہر سی نہ براتین آئین

شب بپردہ تری ہاتہو نسی ہوا خیمہ کا
رخنۂ گر چشم سی کیا تنگ قناتین آئین

رہا باقی عبادت مین علاقہ خاکساری کا
تیمم سی نمازین کین ادا جاتی وضو برسون

اوٹھا ہی کب قدم سی سر ارادی قیامت تک
رہا ہی حلقۂ زنجیر یا طوق گلو برسون

ریاضت چاہتا ہی تو مشقت بھی گوارا کر
گدا کی بھیس مین سلطان پہرتے ہین کو بکو برسون

قوی سی بیر کو آتی ہی آفت ناتوانون پر
لحد مین جلد گل جاتا ہی تن رہتی ہین ہڈیان برسون

مٹا دل سی کسی ساعت نہ اوسکا نقش یکتائی
کیا ہی گوشۂ عزلت مین ہمنی ذکر ہو برسون

نہ گھبرا نزع مین ای دل علی آئی ہین بالین پر
یہہ وہ ہنگام ہی جسکی دعا کرتا تہا تو برسون

نئی وحشت ہی وحشت مین ہمکو ایک مدت تک
گریبان پہاڑ کر دامن کیا ہمنی رفو برسون

بڑہا ہی قدر ریحانی کی ساقی جوش مستی مین
کیی کعبہ سمجھ کر ہمنی سجدی چار سو برسون

تری خاک قدم کی کب او نہین اکسیر ہاتھ آئی
رہی عشاق کو مثل ہوس جستجو برسون

اسیر اوس کا لب جانبخش مانع تہا یہہ کیا کرتا
رہی دلکو مری تدبیر مرگ آرزو برسون

تری گھر سی سوا زار و ناتوان ہون مین
فقط ہی نام کو ہستی مری کہان ہون مین

خدا کری کہ تری تیغ کا بنون چو رنگ
خدا کری کہ تری تیر کا نشان ہون مین

یہہ کسکی نقش قدم سی ملا ہی تاج شرف
زمین پکار رہی ہی کہ آسمان ہون مین

تمام شہر مین یارب ہی تیر خنجر حسن
شہید مثل تمنا کہان کہان ہون مین

اگرچہ جسم کیا قیمہ قیمہ قاتل نے
ہنوز طعمۂ شمشیر امتحان ہون مین

خدا سی ڈر نہ چہری پہیر پہیر ای صیاد
گر ایک مشت پر و مشت استخوان ہون مین

نہ تاب جنبش پر ضعف سی نہ طاقت آہ
قفس سی بڑہ کی گرفتار آشیان ہون مین

نہین ہی پرسم جہان مین مرا کوئی پرسان
ذلیل صورت ناخواندہ میہمان ہون مین

کرون نگاہ توجہ تو ہے ضرر میرا
کہ زال بیوۂ دنیا ہی نوجوان ہون مین

اوسی جواب سی نفرت مجھی سوال سی ننگ
وہ بیٹہ مین ہی خموشی سی بیزبان ہون مین

سنجانا مجھی صیاد ننگ دام و قفس
کہ فخر زمزمہ سنجان بوستان ہون مین

ہزار زاغ مری گرد ہین ہزار ہما
عزیز خلق ہون گو مشت استخوان ہون مین

عدو ہی خلق خدا ہی جو کاٹتا ہی مجھی
کہ نخل سبز سر راہ بوستان ہون مین

غضب ہی دل کی تکبر سی چاہتا ہی یہہ
کہ مثل طاعت ابلیس رائگان ہون مین

نہ پوچہ میری تباہی کہ اس گلستان مین
برنگ طائر گم کردہ آشیان ہون مین

قفس مین ہی نہ ٹہکانا مرا نہ گلشن مین
وبال خاطر صیاد و باغبان ہون مین

بقا تجھی کو ہی ای مالک زمین و زمان
نہ جاودان ہی زمانہ نہ جاودان ہون مین

زمین فشاندی صبح ہون گا داخل خلد
بس ایک رات تری گہر مین میہمان ہون مین

یہہ زرد ہو گئی رخ اوسکا مرض مین کہتا ہی
بہار جس پہ تصدق ہی وہ خزان ہون مین

جو شک نجات مین اپنی کرون تو کافر ہون
اگرچہ تیغ معاصی سی خستہ جان ہون مین

علی وسیلہ جنت نبی شفیع امم
خدا کا قول ہی بندون پہ مہربان ہون مین

مآل عشق سی آگاہ دل مرا ہی اسیر
مری کسی پہ جو کوئی تو نوحہ خوان ہون مین

کری یہہ مرگ سی پرہیز وہ سقیم نہین
تری مریض کو کچہ حاجت حکیم نہین

خدا کی فضل سی کچہ دہشت جحیم نہین
کہ ذوالفقار علی ہی دل دو نیم نہین

ہزار شکر گدائی کی ننگ سی چہوٹی
ہمارے عہد مین باقی کوئی کریم نہین

لکہا یہہ لوح پر اول قلم نی روز ازل
فنا ہی سب کو کوئی جز خدا قدیم نہین

دبا دیا مجھی کوہ سیاہ کی نیچے / شب فراق سی کوئی بلا عظیم نہین

قبول فیض کی خاطر ہی شرط استعداد / کوئی سہیل سی خوشبو بجز ادیم نہین

اٹھاتی ہی رنج تو بڑھ جاتی آبروی بشر / عزیز خلق کہان گو ہر یتیم نہین

ہزار رنگ جہان خراب کی بدلین / خلل پذیر مری رای مستقیم نہین

ہماری آہ سی افسردہ ہی دل عالم / شگفتہ جس سی ہون غنچی یہ وہ نسیم نہین

ذلیل مجکو نسمجھو تمہارا عاشق ہون / جو برق طور نہین تم تو مین کلیم نہین

جہان ہی بزم حسینون کی ہی گذر میرا / وہ کون باغ ہی جس مین کہ مین نسیم نہین

نگاہ کرتی ہین حسرت سی کیسلی مفلس / فلک پہ شمس و قمر کچھ طلا و سیم نہین

کبھی نہ نقل مین خصلت ہو اصل کی پیدا / کہ رنگ ہی گل تصویر مین شمیم نہین

جو دوست ہوگا نسمجھیگا عیب دوست کو عیب / کہ ناگوار خدا لکنت کلیم نہین

کرے نہ حور جنان ہمسی غمزہ بیجا / ابھی تو جاتی ہین ہم دور کچھ جحیم نہین

پسند طبع نہین ہی کسی کو وضع خلاف / کبھی خدا کا نہین دوست جو کریم نہین

انہین کی دست و قلم مین ہی صحت مضمون / وہ کون شاعر کامل ہی جو حکیم نہین

کرین نہ اسکی تمنا دوشالہ پوش امیر / سوا گدا کی کوئی لائق گلیم نہین

اسیر اپنے گناہون سی نا امید نہو / امیدوار جنان قابل جحیم نہین

مدت سی آگئی تھی خشکی سی چشم تر مین / باقی نہین رہی ہی اب آہ بھی جگر مین

ہی جسم زار اپنا یون اشک چشم تر مین / آجائی کوئی تنکا جیسی کسی بھنور مین

کیا کہین کسقدر رہی ہیری تن مین سلب طاقت / رہ رہ گیا ہی اکثر عکس آئینہ کی گھر مین

تھوڑی بلا بہت ہی کم حوصلہ کی حق مین / گربہ ہی شیر شرزہ گنجشک کی نظر مین

نادان کو ہو مبارک دنیائی دون کی دولت — دندان سگ کا موتی زیبا ہی گوش خر مین

لین ہاتھہ مین عصا کیا جب ہیچ کمر شکستہ — کیا آرزے ہم لگائین ٹوٹی ہوئی شجر مین

اچھی طرح وہ چہرہ رویا مین بہی نہ دیکھا — بجلی چمک چمک کر رہ رہ گئی نظر مین

نکلی ہین گو کہ گہر سی یارو نکلی گہر مین ان مین — سارا وطن ہماری ہمراہ ہے سفر مین

اللہ رے نزاکت پڑجائین بل ہزارون — ہو موج بوی گل کا جھٹکا اگر کمر مین

اللہ رے ناتوانی معدوم ہوگیا تن — کچھہ ہون تو مین سماؤن احباب کی نظر مین

خط اسکا خواب ہی پاپڑ سی وہ اوڑا کی — دیکھون کہ کیا لکہا ہی تقدیر نامہ مین

کب فرق سالکون مین کرتی ہین اہل ہمت — ذرّی ہین سب برابر خورشید کی نظر مین

برہم ہی طبع جانان کیونکر ہو راہ پیدا — مشکل سی ہوگا روزن گرجی ہوی کہر مین

پوشیدہ نقص باطن رہتا نہین کسی کا — آخر کہلی اگر ہو تانبے کا میل زر مین

محنت کشون پہ نازل ہو رحمت خدا کی ہرجا — قصر نماز جائز ہے اسلیے سفر مین

پیدا کسی طرف تو تربت مین روشنی ہو — کچھہ سوجھتا نہین ہی یارب اندہیری گہر مین

دیکھی تہی اوس مژہ کی جنبش کبھی جو ہمنی — اب تک کھٹک رہی ہی وہ پھانس سی جگر مین

تن پر مری نمایان جتنی ہین داغ وحشت — ہوتی نہین ہین اتنی پتّی کسی شجر مین

تاریک دل ہی جسکا ہی اوسکی پند بیجا — دیکھی نہ کچھہ بہی اندھی ہون جمع چراغ گہر مین

رخسار و لب کا بوسہ رکھتا ہی جو عدو بہت — یہہ ذائقہ نہ پایا ہمنی تو گل شکر مین

جا مین بہی ہیری دل سی اندیشہ ہای دنیا — اچھا نہین بتون کا قبضہ خدا کی گہر مین

روح روان عدم کو پہنچی جوان ہوی جب — راہ دراز طی کی قاصد تی دو پہر مین

پیر فلک سی کیونکر نفرت کری نہ یہ دل — ہین مہر و ماہ دونون داغ برص نظر مین

نسے ہے ثمرۂ مصیبت خاصان حق کا حصہ / کہتا ہے سرپارۂ کیسی امان شجر مین

نالہ سنی کسی کا کب ہے دماغ اوسکو / بانگ شکست دل سی ہوتا ہی جو رو شجر مین

بے اذن کیون تم آئی مرقد پرای [illegible] / آتا ہی بی اجازت کوئی کسی کی گہر مین

رحمت سی کب ہی خالی دنیا کی کوئی لذت / تلخی بہی زہر کی ہی شیرینی شکر مین

اوس آنکہ کی جو پتلی دیکہی نگہ نی تارا / کیا جانتی تہی پنہان ہے تیغ اس سپر مین

وقفہ شباب کو ہی ہیں زندگی مین اتنا / لی جیسی کوئی رہرو دم ٹہیک شجر تلی

آغاز اسیر جو ہے انجام وہ علی کا
مولد خدا کی گہر مین مشہد خدا کی گہر مین

عاقل ہے تو اس بہید کو حکمت سی نہ جان / ہی مال فدا جان پہ عزت پہ فدا جان

ہین چار عناصر ہین نئی چار عناصر / دل آگ ہی چشم آب ہی تن خاک ہوا جان

ابتک تو نہین روح کی معلوم حقیقت / تحقیق تو یہہ ہے کہ اسی حکم خدا جان

ہی موئی مژہ تیر تو شمشیر ہی ابرو / کہینچی تری تصویر مصور کی ہی کیا جان

ہی عالم کثرت مین بہی وحدت کی نمایش / عاقل ہی تو موجونکو نہ دریا سی جدا جان

آرایش دنیا ہی بزرگون کا تصرف / شاہونکی توجہ کو فقیرونکی دعا جان

کس کس کو کیا قتل نہ جلاد فلک نی / پہولے جو شفق سرخی خون شہدا جان

ایسی نہ صفائی نہ کسی مین یہہ لطافت / معلوم نہین ہمکو ترا جسم ہی یا جان

اللہ کا ہے ہاتہ محمدؐ کا ہے بازو / اللہ و محمدؐ سی نہ حیدرؑ کو جدا جان

وہ صاحب عزت ہی خدا دی جسی عزت / تعظیم کرے خلق تو تایید خدا جان

ہر دم ہی اوس ابرو کی طرف دلکو توجہ / قبلہ سمجہہ اسکو تو اوسی قبلہ نما جان

سادگی ہی گوش جانان کا قرینا اندنون
موتیون کو آئی کا دانتون پسینا اندنون

عید اضحی ہی نہ ہجر یار مین عید صیام
ہر مہینا ہی محرم کا مہینا اندنون

بعد مدت وصل کی دن ہمکو آئی ہین نظر
کیا جدا ہو لب سی لب پینی سی [illegible]

ہی نسبت ای شک گلشن وگہ تکو آپ سی
جی مین آجائی تو [illegible] شاہ [illegible] سینا اندنون

رند مفلس ہون ترپتا ہون بہت پینی کی لئی
یا الٰہی کوئی مل جاے دفینا اندنون

دور ہی برسات قاصد کیون سفر کرتا نہین
ہے نہ ساون کا نہ بھادون کا مہینا اندنون

فصل گل آتی ہی ساقی باغ میخانہ بنا
جام ہی ہر ایک گل ہر سرو مینا اندنون

رند یاد ساقی کوثر مین پیتی ہین شراب
کشتی ہی مغفرت کا ہی سفینا اندنون

کون ہی کہتی سی جو چاک گریبان کو سی
چاہتی ای وحشیو [illegible]

ورد ہی نام اوس پری کا اسم اعظم کی طرح
ہی مین سیر اسلیمان [illegible] نگینا اندنون

کیسی کیسی زر بکف فصل بہار انگلی ہین
خاک نی اوگلا ہی زر قارون کا دفینا اندنون

خست اہل جہان سی ہی یہ دولت منفعل
خود زمین مین گڑ گیا ہی [illegible] خزینا اندنون

خط سبز یار نی ایسا کیا مرنیکو عام
ہو گیا ہی خضر کو دشوار جینا اندنون

کہد گئی سارہی مکان کیا لکھنؤ برباد ہے
سوجھتا ہی دل کو [illegible] مدینا اندنون

عام ہی ظلم فلک دم مارنی کی جا نہین
رات دن اپنا وظیفہ ہی رضینا اندنون

جوش ہی یہہ اوس یم خوبی کی الفت کا اسیر
مثل ماہی ہی یہان داغون مین سینا اندنون

عنایت بعد مرگ اتنی تو یہہ جلاد کرتی ہین
کسی کو ذبح کرتی ہین تو ہمکو یاد کرتی ہین

کیا ضعف جنون نی خشک یہہ زنجیر کی صورت
جو ہل جاتا ہی سر سب عضو فریاد کرتی ہین

ٹھہر اے تیغ دم بھر کوئی ساعت ای قضا ہم
ابھی بسمل تماشائی رخ جلاد کرتے ہین

اوڑا اے باغبان مجھکو نہ گلشن سے وہ طائر ہون
پھنساتی ہین جو مجھکو رشتے نخل صیاد کرتی ہین

خزان باغ جوانی کی جو پیری ہین لاتی ہے
بہار خندہ ایام طفلی یاد کرتے ہین

ملے موتی تو ہم اوسکی گہر کا [illegible] پیتے ہین
نظارہ غیب کا مجذوب بادرزاد کرتی ہین

بلند اللہ نے ہمت بھی دی بازو بلند ہون کو
یہہ بندی مول لیکر سرو سی آزاد کرتی ہین

عیان ہین جابجا یون تل خط رخسار جانان [illegible]
پریشان جیسی دانی دام مین صیاد کرتی ہین

ماں کی تیغ مین صورت نظر آئی تو چھپ ہم
طلب کچھ آدمی آیا وہ ہمکو یاد کرتی ہین

مری اشکون نے کہویا نور آخر میری آنکھون کا
جو لڑکے ناخلف ہوتی ہین گھر برباد کرتی ہین

مقام سایہ و نقش قدم ہمسے کوئی پوچھے
فن افتادگی تعلیم ہمہ استاد کرتی ہین

زمانی مین بٹھین ہی کوئی طائر خوشنوا صبا
چھری دیتی ہین مجھکو کیا غضب صیاد کرتی ہین

لب بام اپنی لب پر [illegible] اپنی آنکھ مین [illegible] زبان
کبھی آنسو بہاتی ہین نہ ہم فریاد کرتی ہین

کوئی ملتا ہی وہ شیرین ادا [illegible]
عبث یہہ دردسر ہم صورت فرہاد کرتی ہین

الٰہی کیون نہین گرتی ہی دیوار قفس ہمسے
کہ نالی ہم خلاف مرضی صیاد کرتی ہین

رہا ای باغبان [illegible] گلشن [illegible]
پھری ہی چشم نرگس سرکشی شمشاد کرتی ہین

فقیرون کو نہ چشم کم سے دیکھین صاحب دولت
اسیر الفقر فخری مصطفے ارشاد کرتی ہین

وہ کشتہ ہون سر تیغ ستمگر [illegible] مجھکو یاد کرتی ہین
زیارت روز میری قبر کی جلاد کرتی ہین

ستم ایجاد [illegible] ستم ایجاد کرتی ہین
تو پھر امتحان پہلے ہمین کو یاد کرتی ہین

[illegible]
بہاتی ہین جو آنسو آبرو برباد کرتی ہین

مظالم جو ہماری تھی ہوتی سب غیر کی ذمے
خدا کا شکر زیر خنجر جدا کرتے ہین

ہوئی ہے یہہ سمجھ کر فاختہ شمشاد پر عاشق
کہ گیسو مین کبھی وہ شانہ شمشاد کرتی ہین

خداوندا رہے آباد جلسہ دوستدار و بھا
کبھی ہنس بول کر ہم وہ گھڑی دلشاد کرتی ہین

حرم مین آئی مدت سی مگر وہ چال تھی اپنی
کہ اب تک ساکنان دیر ہمکو یاد کرتی ہین

یہہ کثرت کو دکان اشک کی ہی صورت آدم
جہان جاتی ہین ہم بستی نئی آباد کرتی ہین

نہ دم چلنے کی قابل ہین نہ پرواز نیکی لائق
ستم کرتی ہین تجھپر جو تجھی آزاد کرتی ہین

کرون یاد رنہ کیونکر قاصد محبوب کا کہنا
خدا کا حکم ہو کچھ رسول ارشاد کرتی ہین

حسینون کی ستم سی چرخ ظالم تنگ ہے برگردان
جگر مریخ کا بہی خون یہہ جلاد کرتی ہین

جلا دنیا قفس کا بات کیا ہی ہم اسیرونکو
نہین کرتی جو نالی خاطر صیاد کرتی ہین

کرنی یا تو نسے اسکی مزرع دل جو نت ضائع
برستی ہین جو تیر کشت برباد کرتی ہین

یہہ کون آیا ہی ای ساقی کہ شیشی بزم عشرت مین
عوض قلقل کی تکرار مبارکباد کرتی ہین

جو کوئی پوچھتا ہی نام میرا تو تجاہل سی
وہ کہتی ہین کہ ہم روسو چتی ہین یاد کرتی ہین

سبکروحی مین یہہ لگو گرانجانی تصور ہے
ہوا بنکر ہم اپنی خاک خود برباد کرتی ہین

وہ نالان ہون جو میری طرح رونالی بہی کرتی ہے
بتون سی برہمن ناقوس کی فریاد کرتی ہین

اسیر احوال یاد آتا ہی جب شاہ خراسان کا
میری آنکھونکو آنسو دجلہ بغداد کرتی ہین

بجہاہی آنکہون سی گرم آنسو جو شمع کی طرح ڈہل رہی ہین
لگی سی اک آگ اپنی دل مین ہو رہی سی شعلی نکل [illegible]
کنار دریا پہ تشنہ لب پانی نہین پیا ایک بوند اسیر

گمان خط سبز کا ہے بیجا تمام ہے سبز جلد عارض

برنگ افعی تمہاری گیسو بلا کا کچھ زہر اگل رہے ہین

بدن سی میرے جدا کیا ہے جو آج مقتل مین میرے سر کو

ہوئے ہین کچھ شاد شاد ایسی کہ بیڑیان وہ بدل رہی ہین

یقین سے ہے حفت فشار مین ہو نہ زمین بعد مرگ اون پر

جہان مین مصحف رخون سے برسون جو لوگ دست و بغل رہے تہے

شب اونکی گہر تہا جلسہ عشاق سیمان تہے — اب دن ہوا تو ہم سی کہتی ہین تم کہان تہے
محبوب ہی حسین تہی مہرو تہی نوجوان تہے — یوسف تمہین سی شاید قرآن رسیان تہے
گردش نئی ہی تیری ای آسیای گردون — پہلی اونہین کو پیسا جو مشت استخوان تہے
وامق کا رنج فرقت مجنونکا جوش وحشت — فرہاد کی مشقت الفت کی امتحان تہے
اب کیا فشار تربت روکین کہ ہی نقاہت — دی موت کی فرصت جبتک کہ پہلوان تہے
مدفون ہوا جو مردہ اپنا زمین پکاری — مدت کے بعد آئی تم اب تلک کہان تہے
صیاد کا گلہ کیا شکوہ ہی لاغری کا — کیون ہمکو صید کرتا ہم صید ناتوان تہے
اب ہین وہ شوخ دیدہ دولت سی سرکشیدہ — جنکی تن خمیدہ اوتری ہوی کمان تہے
دیکہی بچشم عبرت جب کم سنونکی صحبت — آئی یہ دل مین حسرت ہم بہی کبہی جوان تہے

زیر زمین چڑھی ہین وہ آج کیسی غافل / گل تک و باغ جنکی بالا ہی آسمان تہی

ای چرخ سیر عالم ہم اور بہوک کا غم / کیا تیری خوان پہ ہم ناخواندہ میہمان تہے

صحرا مین کیا بہٹکتا دریا مین کیا بہکتا / الیاس و خضر میری مشفق تہی مہربان تہے

مدت کی بعد سمجہی وہ گہر مین ہی ہماری / ہم جسکی جستجو مین آوارہ جہان تہے

بزم سخن مین کیا ہی اب لطف نکتہ سنجی / خاموش ہو رہی سب جو اپنی ہمزبان تہے

اوصاف شاہ مردان کب ہین اسیر بیان
مقصود انس و جان تہی مطلوب کن فکان تہے

کس لئی غربت مین طوق کوئی لبر باندہے / گرد باد آسا کسی صحرا مین چکر باندہیے

قتل پہ میری کمر یون بندہ پرور باندہے / تیغ ابرو کہینچی مژگان کا خنجر باندہیے

قصہ فیصل ہو جو ہو دونون طرف سی جہد و جد / مین کمر مرنی پہ باندہون آپ خنجر باندہیے

کہینچی کیون اہل محفل سی سلول آب و نان / پیٹ پہ آئینہ کی مانند پتہر باندہیے

کہینچی پہ داغ اسکو گہر تمہارا ہی یہ دل / آئی مسجد مین گلدستی سر ابر باندہیے

ہی ارادہ قتل کا کچہہ خوف بدنامی نہ کیجی / شمر جی ناگوار ہو تو خنجر باندہیے

خط ہماری شوق کا بڑہی کیا ہمتی تو کیا / بازوئی قاصد پہ وبال کبوتر باندہیے

غیر دلتنگی نہین کچہہ باغ عالم مین نصیب / صورت غنچہ گرہ مین کس لئی زر باندہیے

شاید آجای ہماری گہر مین وہ خورشید رو / تکٹکی مانند روزن جانب در باندہیے

طائر مضمون کی ہی پرواز سلک نظم سی / ورنہ اوڑ سکتا نہین جس مرغ کی پر باندہیے

رک نہین سکتی کی اشک چشم تر رومال سی / توڑ پانی کا بہت ہی باندہ کیونکر باندہیے

کس طرح کہتی کہ عین ذات ہین اوسکی صفات / افترا اللہ پہ کیا بندہ پرور باندہیے

چاہیے ساماں نیا دربار شاہ عشق کو / گردش تقدیر کی دستار سر پر باندھئے

بزم میں آنے نہ دیجے پہر کچھ انصاف شرط / رشتہ ہائی شمع سے پروانوں کی پر باندھئے

ہے اگر دیدار سے محروم رکھنا وقت قتل / اک ذرا پٹی مری آنکھوں کی کسکر باندھئے

ایک دن مل جائے گا وہ گوہر مقصود بھی / صورت گرداب اس دریا میں چکر باندھئے

اس قدر پرواز ہے اس میں کہ رکتی کا نہیں / لاکہ اپنے طائر دل کے شہپر پا باندھئے

صورت اسود ہے نقطہ کعبہ دل میں اسیر / گرد اپنی صورت پرکار چکر باندھئے

وحشی ہوں زلف کا کوئی تدبیر چاہیے / زنجیر چاہیے مجھے زنجیر چاہیے

قاصد کی جا ہو کوئی مصور بلا زبان / بدلے جواب خط کے وہ تصویر چاہیے

تحصیل علم فہم فراست کمال عقل / انسان کو کچھ نہ کچھ ہنر تقدیر چاہیے

لکھوا کے خط کہا کسی یہ لایا ہے نامہ بر / ہمکو اوسی کے ہاتھ کی تحریر چاہیے

اسواسطے کہ پھر نہ کوئی نام عشق لے / قاتل ہمارے لاش کو تشہیر چاہیے

دیتے نہیں جو بوسہ مجھے وہ جواب صاف / کچھ قطع آرزو کو نہ شمشیر چاہیے

لازم ہے نوجوان کو پیروں سے ارتباط / معجون صحبت ہے گر ہم طباشیر چاہیے

منعم جواب قصر میں اک مقبرہ بنا / تعمیر اگر مقابل تعمیر چاہیے

کیا کیا جوان نہ خاک میں تو نے ملا دیئے / ایسا نہ تجکو اے فلک پیر چاہیے

مجرم ہوں عشق زلف کا دوری مجھے لگا / جیسا ہو جرم ویسی ہی تعزیر چاہیے

لاؤں کہاں سے خرچ کو ہر روز گنج زر / عاشق تمہارا صاحب اکسیر چاہیے

حاجت جواب نامہ کی بعد فنا نہیں / میری کفن میں [illegible] کی تصویر چاہیے

۱۲۱

مجھ پہ جو خانۂ تاریک میں گذری شب ہجر
کسی مردے نے نہ یوں گور میں ایذا پائے

دل نے پایا وہ مزہ یار سے خلوت کے بطور
داغ نے روشنی برق تجلی پائے

آتش ہجر سے جلنا ہی لگی مری تربت میں
کوچۂ یار میں گڑنے کی اگر جا پائے

کبھی تو نے نہ دیا بادۂ عشرت اے چرخ
ہم نے تکلیف تری دور میں کیا کیا پائے

وحشت وادی دل کا ہو بیاں کس سے اسیر
ذرے ذرے میں یہاں وسعت صحرا پائے

مونس شب غم میں نظر آتا نہیں کوئی بھی
بیمار ہیں ہم درد بٹاتا نہیں کوئی

دل نذر کروں کس کے جاناں کو میں کیونکر
بیمار کو آئینہ دکھاتا نہیں کوئی

اکسیر ہی کہتے ہیں جسے راحت دنیا
سب ڈھونڈتے ہیں اس کو پاتا نہیں کوئی

ممکن نہیں خورشید جہاں تاب ہو ذرہ
تو جس کو چڑھاتا ہے گھٹاتا نہیں کوئی

مرغ سحری ہے نہ شب ہجر موذن
سب مر گئے آواز سناتا نہیں کوئی

وہ شہر مقرر ہے کچھ اس شہر سے بہتر
دنیا میں عدم جا کے پھر آتا نہیں کوئی

کیا جرم ہے ہم نے جو لیا بوسۂ مژگان
اتنی لیے سولی پہ چڑھاتا نہیں کوئی

چشمۂ نہ سکندر کو ملے خضر ہو رہبر
بگڑی ہوئی تقدیر بناتا نہیں کوئی

دل بھی بازار محبت میں تو نکلی
پر سچ ہے کیا کچھ بھی لگاتا نہیں کوئی

خط ہائے لب و سیب ذقن پر ہو مائل
پھل دیکھنے کی ہیں اٹھاتا نہیں کوئی

در کھولے ہوئے ہیں مشتاق ہے رضوان
جنت میں تری کوچے سے جاتا نہیں کوئی

یارب خبر اہل عدم کس سے میں پوچھوں
جانی کو تو جاتی ہیں پھر آتا نہیں کوئی

کیا ظرف ہے مستان مے عشق کا غالی
منہ ساغر جم کو بھی لگاتا نہیں کوئی

قاتل تو مری قتل کو آئی ابھی اور ٹھہر کر / ہے شیر کی مانند جو تلوار کے ہوتی

ماخوذ ہوئی دل کی عوض حشر میں اعضا / پکڑی گئی بہر جسم گنہ گار کے ہوتی

کعبے کی طرف ہم تو نجا ہیں گی نجف سے / لے کون صدف گوہر شہوار کے ہوتی

گل باغ میں سنتی ابھی ہو کر ہمہ تن گوش / نالی جو رسا مرغ گرفتار کے ہوتی

مجھ سے یہ نہ ہوگا کبھی اے شیخ / مسجد کو چلوں خانۂ خمار کے ہوتی

جیو توں ہی وہ تعریف اسیر اسکی جو کرتا / آفاق میں شہرہ مری اشعار کی ہوتی

وطن سے نامہ بر آئیں تو پہنچائیں فشان غم کی / خط احباب بھیجا ہی ہوں کے گرد اغونکی ہم کی

وہ میکش ہیں تماشی دیکھتی ہیں عمر کی عالمگر / لکھی ہیں قبر کی تعویذ میں خط ساغر جم کی

تمہاری نخل قد سے ہمسری جو نخل کرتی ہیں / یقین ہیں روز محشر ہونگی وہ کندی جہنم کی

وہ عاشق صلح کل کی ہیں کہیں نفرت ہی لڑائی سے / نہ قد تیری کا بھاتا ہی نہ گیسو ہمکو پیچ و خم کی

بڑا فاو ریجا ہی پہ کار خانیکو وہی جانے / خدا جانے کہ گذری کتنی آدم قبل آدم کی

گوارا غیر کا احسان نہیں رنگین مزاجونکو / ہوئی داغ پر طاؤس کب محتاج مرہم کی

بہت روئیں جو ہجر یار میں عشاق سے ناصح / ندی الزام انہیں کیا نہیں فرزند آدم کی

نہیں ہیں ہجر میں یہ لکہ ابر سیہ ساقی / ڈرانی کو ہماری سانپ نکلی ہیں جہنم کی

چمنکے سیر کو وہ مہروش جب صبح آتا ہی / گلونکی ہوش اڑ جاتی ہیں قطری بنکی شبنم کی

ملیں کیونکر طبع گر مجھ صاف دل سی واسطے ہجا ہیں / کہ سیدے اڑھتی ہیں کاغذ پہ الٹی حرف خاتم کے

جو تولا ہم نے اپنی بے نیازی کی ترازو میں / برابر نکلی پلے بخل قارون جود حاتم کی

زمین کو بیجا نان ہی علینزا ایسے کہ سنتے ہیں / صدا آیا کی ہوں لنگ ساکن عرش اعظم کی

تپ غم کیا فراق یار مین چڑھتی اوترتی ہی — تن لاغر کی اسکی استخوان زینی ہین سلم کے

گیا وہ لون تبسمی سیر دل ساقی نی ہستو نکا — خم نشان قدح سیاہ نکی ہین جہ مہمان ایسی حاتم کے

الہی پیچ پیچ تقدیر یہ ہمکو پیچ دکہلاتے — سر ہین دو ایک حلقے اور اوس گیسوی پرخم کے

اولٹا پردہ رخسار آئینہ طور سی منہ سے — کہو برق تجلی سی ابہی چمکی وزرا تہم کے

اسیر اب عیدی عزیزون کی ہین لازم مرثیہ کہنا
ہوا سامان ماتم دن قریب آئی محرم کے

جو اونا ہین وہی اعلا ہین تنزو یک اہل عالم کے — گزند انگشت گہین سر ہاتہہ ہین لائق ہی حاتم کے

شریک اسکی غمین رز برا ریک ہین اہل ماتم کے — نظر آتی ہین گل خندان ہین دونی پہ شبنم کے

غضب پر صاف ظاہر ہی کہ رحمت اوسکی غالب ہے — کہ جنت آتہہ ہین کل ساتہہ ملتی ہین جہنم کے

کہو اہل زمین سمجھین نہ آسمان اسیر تا ہو نکو — ہلا دیتی ہین دل یہہ ساکنان عرش اعظم کے

پدر ہی قاتل فرزند جس ہین وہ یہہ دنیا ہی — اسیر کی خون سی جو ہر ہوئی تیغ ستم کے

کسی نی بزم مین ہمکو بچشم لطف سے دیکہا — رہی مشتاق کان اپنی صدائی خیر مقدم کے

گنہگار ونسی کہدو اوسکی رحمت نی ہوا بدلے — گل گلزار جنت بنگئی شعلے جہنم کے

الہی کشتہ کس چاہ ذقن کا ہون کہ تربت پہ — چڑہا جاتی ہین جاتی لا کی شیشے چاہ زمزم کے

سنبہلنے دیتی ہی کب بلق ایام کی شوخی — اوکہڑ جاتی ہین آسن شہسوارونکی یہان جم کے

جگر کی داغ دلکی آبلے دیکھی جو قسمت — تو سمجھے ہم کہ یہہ ہین پہول وہ پہل نخل ماتم کے

گمان کرتا ہون لوح عارض کا تسکین دلکو ہی — مہ و خورشید بہی ہین مری داغونکو مرہم کے

انہین علی کرکی جاتی عرش تک جب مرد میدان ہی — یہہ ساتون آسمان ہین ہفت خوان شیر ستم کے

نظارہ پہول سی رخسار کا کیا ہمکو مشکل ہی — کہ مرد ہین تر گری کی در دانہ ہین شبنم کے

تن بیجان مین ڈالی جان ای پیر مغان تو نے
نہین عیسی کی قائل ہم تو عاشق ہین ترے دم کے

اسیر اپنی طبیعت سے عجب راحت ہی مضمون کا
مقام امن روح اللہ ہی دامن مین مریم کے

وصل ہوتا بھی ہی تو ہجر کا ڈر رہتا ہی
عید کی دن بھی محرم مرے گھر رہتا ہے

گرم پیری مین کوئی داغ جگر رہتا ہی
شمع کا نور کہان وقت سحر رہتا ہے

چشم وہ چشم ہی جسکو ہی تری دید کا شوق
گوش وہ گوش جو مشتاق خبر رہتا ہی

آنے پاتا نہین میری دل مضطر کی پاس
درد پہلو مین ادہر اور ادہر رہتا ہی

غیر کے غم مین سو ہم تک وہ سیہ پوش رہی
تین دن جیسے کہ عقرب مین قمر رہتا ہی

چال ہے کوچہ شطرنج محبت کی نئی
جیت اوسکی ہی جو اس راہ مین مر رہتا ہے

کیون مری لاش پہ آئی وہ چھپائی منہ کو
مر کی آنکھون مین کہان نور نظر رہتا ہی

شش جہت جہان جھکی پر ہمین معلوم نہین
کسطرف ہی وہ کہان ہی وہ کدہر رہتا ہے

دل پہ داغ متقر ہی خدا کو بھی پسند
مصحف پاک مین طاوس کا پر رہتا ہی

مار ڈالا تری خنجر کی رکاوٹ نے مجھے
چل کہ ہر وقت سیہ گردن پہ ٹھہر رہتا ہی

شگفتگی خندہ گل چار پہر جلوہ مہر
کم بقا ہی وہ جسے نشہ زر رہتا ہی

دل ہم درد کی منزل جو ہمین سے گیا ہی
قافلہ ایک نہ ایک اسمین اتر رہتا ہی

زندگی کیون نہ کرین ایک لہو پانی ہم
سنتی ہین غیر سے وہ شیر و شکر رہتا ہی

کون ہین جنکو فراموش ہی دنیا مین خدا
ہم کسی کام مین ہون دہیان اودہر رہتا ہے

مرد کو تیغ سی شوق شہادت مین ہی شرط
پہر تو خنجر کا نہ جلاد کا ڈر رہتا ہی

زندگی تجہسے مین مرگ طلب کرتا ہون
روز ہنگامہ محشر مری گھر رہتا ہی

اوٹھ سکین داغ غم و زخم جگر ضعف مین کیا
زور گھٹتا ہی تو وہ دل نہ جگر رہتا ہے

خاک پر بیٹھ رہی چہرۂ انسان کا فروغ
دن جو ہوتا ہی کہان نور قمر رہتا ہے

بزم مین آئینہ مشتاق حسینون کا ہی آپ
چشم سایل کیطرح دست نگر رہتا ہے

کبھی کرتا ہون تمنا جو ہم آغوشی کے
ہنسکے کہتے ہین مجھی درد کمر رہتا ہی

شمع رو یار ہی قاصد مرا پروانہ ہے
یہی باعث ہے وہان جاکی جو مر رہتا ہے

نفس امارہ پہ آخر کو ہوا دل غالب
جو بہادر ہی وہی جنگ مین ور رہتا ہی

کوئی شاہد جو نہین عالم بالا پہ اسیر
وجہ کیا کیون رخ خورشید اودھر رہتا ہے

صبر و طاقت لئی جاتی ہی جدائی تیری
لوٹتا ہی مجھے قزاق دہائی تیرے

شدت غم مین تجلی نظر آئی تیری
دل جو ٹوٹا سے مجھے آواز سنائی تیری

نہ تو جنت نہ جہنم کی ہین قابل ہم لوگ
وصل جنت ہی جہنم ہی جدائی تیری

قید کو طول نہین تنگ نہین نہ گھبرا ای روح
اسی ہفتہ مین ہی اک روز رہائی تیری

ہار اب سیر ہی گلی کا نہ ہوا ای طوق گران
جبتلک جسم مین طاقت نہی اٹھائی تیری

بس اسی زور پہ یہ کبر یہ نخوت نمرود
چھین لے ایک ہی پشہ نے خدائی تیری

شان اپنی جو دکھانی ہوی منظور نظر
شکل اللہ نے بی مثل بنائی تیری

اتنے کشتون مین کسی کو نہ جلایا قاتل
دیکھ لی دیکھ لی اعجاز نمائی تیری

آستین مین جو چھپی کھلائی چمک جان ہی لے
ملک الموت کا پنجہ ہے کلائی تیری

نہ تو آغاز ہے تیرا نہ تو انجام ترا
تھی ہمیشہ سی ہمیشہ ہی خدائی تیری

دلمین تو آنکھو نمین تو جسم مین تو جا نہین تو
ہر جگہہ سے نہین واقف ہمہ جائی تیری

عشق پیدا جو کیا تو نی تو معلوم ہوا
بس یہہ ایجاد ہی تنہا صفت خاص تیری

قافلی سے کہین آگاہ نہ رہزن ہوجاے
ای جرس خوب نہین شہرہ درائی تیری

عبث ای نالہ بلبل ہی تجھی قصد فلک
گوش گل تک نہین گلشن مین رسائی تیری

سیر کرتو تسی صحرای جنونکی ای قیس
بوجہ کانٹون کو نہین آبلہ پائی تیری

نہ کرم عشق کی بندون پہ نہ رحمت کی نظر
ای صنم ہم تو نہ سمجھین گی خدائی تیری

یا علی کافر و مومن سی نہین تجکو غرض
صلح ہر ایک سے ہے جنگ لڑائی تیری

کس شہ حسن کی کوچی کا گدا تو ہی اسیر
بادشاہی ہی حقیقت مین گدائی تیری

پہنچ کی سامنی اوسکی یہہ حال ہوتا ہے
کہ ہمکو آپ مین آنا محال ہوتا ہے

جو رنج دی اوسی حاصل ملال ہوتا ہے
کہ خار چبھتا ہی جب پائمال ہوتا ہے

پلائی کیون نہ ہمین جام جام پر ساقی
سخی کا فیض علی الاتصال ہوتا ہے

سیاہ ہجر مین ہی کیا مرا سیہ خانہ
کہ پاؤن رکھتی ہی یوسف بلال ہوتا ہے

ارادہ یار کا ہمسے کبھی نہین چھپتا
صفائی تن سی عیان دلکا حال ہوتا ہے

تمہاری پاؤن مین ملتا ہی کیا حنا شب کو
سحر جو پنجۂ خورشید لال ہوتا ہے

سیاہ بخت ہون ایسا کہ میری تربت پر
چراغ جل کے زبان غزال ہوتا ہے

بجا ہی خوش ہی جو کشتونکو دیکھہ کر وہ کتا
کہ کھیت کاٹ کی دہقان نہال ہوتا ہے

ہوا ہون پیر دکھائین مجھی وہ کیا ابرو
کہین سحر کو بھی پیدا ہلال ہوتا ہے

ندہی گی دلکو رہائی کبھی پھنسا کو وہ زلف
عزیز بندہ یوسف جمال ہوتا ہے

بنا تہا آگ سی ابلیس ہوگا داخل نار
جو بد ہین نیک کب اونکا مآل ہوتا ہے

ملی جو راہ مین وہ تشنہ خون تو پوچھو نہ بات
کبھی مزاج مبارک بحال ہوتا ہے

ملا جو شاہ گدا اُسکا نبان مین مشکل ہے
کہین گلیم مین پیوند شال ہوتا ہے

کٹا دیا سر کا چلتا ہے تیر تیغ کے ساتھ
ہمارے ساتھ پہنچے قاتل حلال ہوتا ہے

وہ بادہ کش ہون جو پیتا ہون ایک قطرہ مے
وہ قلزم عرق انفعال ہوتا ہے

سوی پینت زیب دکھاتا ہے حسن نو سے رنگ
کہ آئینہ مین ہجوم مثال ہوتا ہے

وہ تیغ کیون نہ مرے خون گرم سے چمکی
پڑے جو آگ مین لوہا تو لال ہوتا ہے

اسیر پوچھو نہ کچھ حال دل کہ صورت شمع
وہ شخص آگ مین جلکر نہال ہوتا ہے

ظلمت زیر زمین خواب سے بیدار ہوئی
شور محشر مری زنجیر کی جھنکار ہوئی

ہون وہ مقتول جو بے جرم کیا قتل مجھے
تیغ جوہر کی سلاسل مین گرفتار ہوئی

خندہ زن مین ہین زخم تن بسمل پر
تیغ قاتل نہوئی قہقہہ دیوار ہوئی

کب گئی وصل کی شب اور کب آئی یارب
کہا ہی شام ابھی صبح نمودار ہوئی

کشتنی وہ ہون جو مقتل مین کبھی آنکلا
سنسنا تیرون کا تلوار کی بوچھار ہوئی

ہم جو مر جائین تو کیا ابروی جانانکا قصور
خون مقتول سے کب تیغ گنہگار ہوئی

آمادہ بزم طرب ہے ترے بیمارونکو
کھائی نرگس نے ہوا باغ کی بیمار ہوئے

سیر جو آئی تھی عدم سے کہ کرے سیر جہان
چار دیوار عناصر مین گرفتار ہوئی

کب تک باہم ہجر آشناؤن اے محبت
عشق محبوب نہ ٹھہرا کوئی بیگار ہوئی

کیا خطا کی جو لیا بوسہ خال نمکین
کیون خفا اپنی نمک خوار سے سرکار ہوئی

تو جو گلشن سے گیا گل ہوئی نالان کی گل
ہر کلی مرغ نوا سنج کی منقار ہوئی

تختۂ گور بنا تخت سپہر کہاں تو قدم
پائے گیسو میں نہ آئینگے دل عشاق چلیں
چشم دل کو نظر آیا نہ کبھی جلوۂ دوست
خواب میں بھی نہ کبھی وہ رخ سیمین دیکھا
ہاتھ آیا نہ کسی کو بھی ترا افعی زلف
سر کٹی یار پڑی واہ کس انداز سے پاؤن
ہوں وہ دیوانہ کہ سنکر مری آواز قدم

تیری درویش کو شاہی نہ میسر آئی
شمع روشن ہوئی گھر گھر جو شب تار ہوئی
گرد کلفت سے اداسی تھی بچکی دیوار ہوئی
کب میسر تھیں ہمیں دولت دیدار نصیب
بار گیر نہیں تیری بہوت تیری بار ہوئی
چال تیری نہوئی تیغ کی رفتار ہوئی
وحشت میں جو رہ تو اجیر بیدار ہوئی

خاکساری ہی ضرور اہل تنعم کو اسیر
جھک پڑی خاک پہ جو شاخ ثمر دار ہوئی

دی چھری تمنی جو اکدم کی لیی آکی چلی
غیر کے ساتھ عیان یار نی کی بادہ کشی
وای غفلت ہمیں اتنا بھی نہ معلوم ہوا
گالیاں دیں مجھی یارب کہ پڑھا سورۂ حمد
نہ ہمیں کچھ تو نظر آئی ہمیں سیر کہ ہم
اک ذرا الجھیو گیسو میں سمجھ کر شانا
جسطرف شہر میں آمد تری وحشی کی ہوئی
گو کہ احباب نی تربت میں سنائی تلقین
شب کو تا صبح جو دربان نی نکلوا دیا
کھد و بستش سی کہ چلنی کو چلی کبر سی چال

مرغ بسمل کیطرح سی مجھی تڑپا کی چلے
جام ہر جام بہایا خون تمنا کی چلے
کہ کہانسی ادہر آئی تھی کہاں آکی چلی
کچھ تو جھکی سے سر قبر دو چہرا کی چلی
طیب خاطر سی مری چھوڑ کی دنیا کی چلے
اٹھ سر پہ کسی عاشق شیدا کی چلی
غول کی غول ادہر اہل تماشا کی چلی
دو گھڑی آپ نہ ٹھہری مجھی سمجھا کی چلی
سر کو عاشق در و دیوار سی ٹکرا کی چلی
کاسۂ سر تو غریبو نکی نہ ٹھکرا کی چلی

گل یہان جو عدم آباد سی آ کی رہے
نہین معلوم کہ وہ آج کہان جا کی رہی

جب تلک تازہ رہا فصل بہاری سی چمن
کیسی کیسی نہ ہجوم اہل تماشا کی رہی

آشنا موج کی مانند کنارہ سی نہ کھنچی
شکل گرداب ہمین سیر مین دریا کی رہی

سیکڑون پست کئی نیست نہ ہر پست ہستی
کارخانے ہی اللہ تعالی کی رہے

تاب کسکی ہی کہ ہو صرف تماشای جمال
ایک جلوی مین بجا ہوش نہ موسی کی رہی

ذائقہ موت کا چکہا تو یہہ لذت پائے
کہ ذرا ہمکو خبر یاد نہ دنیا کی رہے

نہ تو وہ تخت نہ وہ تاج نہ لشکر نہ علم
نام باقی فقط اسکندر و دارا کی رہی

دشت مین خاک بگولی نہ اوڑاتین کیونکر
چلنی والی نہ رہی نقش کف پا کی رہی

تیری گیسو ہین وہ یوجی کہ بدل کر صورت
مدتون شکل عصا ہاتہہ مین موسا کی رہی

خانہ گور دیا ہمکو جو قسمت نی وسیع
کیسی آرام سے ہم پاؤن کو پہیلا کی رہی

بندہ گیا بسکہ اون آنکہون کا تصور تا صبح
پہول بستر پہ مری نرگس شہلا کی رہی

قدردان کون ہی معشوق کا عاشق کے سوا
سر پہ مجنون کی قدم ناقہ لیلا کی رہی

بوسہ لب نے بہی زائل نہ کیا درد جگر
مرض اچہا نہوا پاس مسیحا کی رہی

مرکی بہی خاک پہ اک روز نہ برسا پانی
منتظر ہم کرم عالم بالا کی رہے

ایک آفت جو ٹلی دوسری آفت آئی
تا دم مرگ بکہیڑی ہی دنیا کی رہی

جسم معدوم ہوا فرط نقاہت سی اسیر
روح کو ہی یہہ تردد کہ کہان جا کی رہی

شاعری کچھ خطا ہو تو طعنہ فضول ہی
قول امام ہی نہ حدیث رسول ہی

خار اوسکی رخ سی گلشن جنت کا پہول ہی
شمشاد قد کی سامنی طوبی ببول ہی

مقبول دل ہی پاندی حسن کی سند / حال سے یہ نہین ہی یہ شہر قبول ہے

کرتا ہی رقص شغل سماع و غنا مین کیا / صوفی سی کہدو رقص ترا بی اصول ہے

دانا ہی تو اگر تو نہ کہانا فریب نفس / رہزن ہی سنگ راہ ہی شیطان ہی غول ہے

گیسو کو اپنی دیکہہ لو تم قصہ مختصر / پہونچو نہ داستان شب فرقتکی طول ہے

بیٹہی ہین دہوکی قاصد جانانکی پانون ہم / ہمسر قدم رسول کا پاتی رسول ہے

کیونکہ بیان ہو اوسکی کرن پہول کی صفت / جسکو خزان سی کام نہین وہ پہول ہے

دیکہین گی اب نہ ہم رخ دنیای زشت کو / آنکہونمین آب چشمۂ حق کا نزول ہے

اوٹہ چلا کیا نکہ پانی آف نہ کی / فرمان سی اوسکی کسکی مجال عدول ہے

کیون جا کی خوان نعمت منعم پہ ہون طفیل / ایسی پلاؤ سی تو قبولی قبول ہے

ای فکر کیا سبب جو آتا نہین ہی ہاتہ / مضمون تازہ کیا کوئی گولر کا پہول ہے

پست و بلند کیون نہ زمانہ مین ہون بشر / جو نردبان ہی وجہ صعود و نزول ہے

حمد شکر اوسکی سایہ مین پائی جگہہ اسیر
بیل بس شجر کا خلد ہی اسلام پہول ہے

اوج فلک سفلہ سے بیداد گردون نے / اوٹہتا ہی یہ پیر ادہر مریدونکی پرونسی

گہبراتی ہین سنکر مری نالی یہ شب ہجر / سب اہل محلہ نکل آتی ہین گہرونسی

گردون پہ شفق باغ مین گل کوہ پہ لالہ / آفاق بہرا ہی ترے خونین جگرونسے

ہاتہون مین لیی پہرتی ہین کچکول گدائی / برگشتہ ہوا ہی یہ فلک تاجورونسی

ہی بال سی باریک ہمارا تن لاغر / رشتہ ہی محبت کا جو نازک کمرونسی

لازم ہی کہ خود لیکی چلون اپنا مین نامہ / خاطر کو تشفی نہین ان نامہ برونسے

ہی وادی وحشت سی مرا قصد سوی شہر
کہولین نہ دکانین یہ کہو شیشہ گرون سی

کہلتا ہی نہین مثل صدف دیدۂ انصاف
ای چرخ یہ تنگی تجہی عالی گہرون سی

وہ اوس فلک حسن کا کوچہ ہی کہ جس مین
خورشید و قمر چلتی ہین آنکہون سی سرون سی

اس شہر شر انگیز مین کتنی ہی فسادت
اللہ بچاتا ہی فسادون سی شرون سے

خود بزرہ و مکبر و چہار آئینہ بیکار
شمشیر قضا رک نہین سکتی سپرون سے

مستان مئ عشق کی دل ساغر جم ہین
آفاق کی پوچہو خبر ان بیخبرون سی

وحشت مین ہین صورت مردم سوی نفرت
ہی قصد کہ بہلائیی دل جانورون سی

دنیا سی گئی عشق اسیر اہل شرف ہی
باقی نہ رہا ایک بہی ان نامورون سے

وہ بی نقاب بہی زیر نقاب رہتا ہی
فروغ عارض روشن حجاب رہتا ہے

کسی کی آنکہ سے یہ دل خراب رہتا ہے
ہماری کعبی مین دور شراب رہتا ہی

تمہاری عارض روشن سے ہی جہان روشن
کدہر ہی ماہ کہان آفتاب رہتا ہے

زمانہ مرغنہ دیتا ہے ہمت کو
کہ طاق پہ قدح بی شراب رہتا ہی

چلین ثواب کی راہ مین کہان تلک واعظ
ہمیشہ جان پہ نازل عذاب رہتا ہی

اسیطرح تو دم نزع ہونگی آنکہین بند
یہی خیال ہمین وقت خواب رہتا ہی

فقیر ہی تری در کا یہ شاید ای شہ حسن
ہمیشہ کاسہ بکف آفتاب رہتا ہی

ہماری رونی سی صحرا ہمین فقط دریا
کہ کوہ تا بکمر غرق آب رہتا ہی

مرا خیال بہی گیا یار کا مصاحب ہی
کہ گہر مین آٹہ پہر بار باب رہتا ہی

بشر دلیر معاصی مین ہو خدا نہ کری
نہ خلق سی نہ خدا سی حجاب رہتا ہی

ادہر وصال اودہر فراق / نئی طرح کا سوال و جواب رہتا ہے
سمند فکر نے ایسا کیا ہے پا بہ رکاب / کہ سر ہی جیب مین پا در رکاب رہتا ہی
جو روئے یار کی مشتاق ہی نہ ابھی چشم / کہ روز ابر نہان آفتاب رہتا ہے
وہ گالی دیتی ہین بس دیکھتی ہی قاصد کو / زبان پہ میری خط کا جواب رہتا ہی
نئی مزاج مین شوخی نئی دماغ مین بو / بہار رہتی ہی جب تک شباب رہتا ہی
خدا کی یاد ہی لازم کہ ہو درستی دل / مکان بغیر مرمت خراب رہتا ہی
ثبات بحر جہان مین کہان ہی سرکش کو / کہ سر اوٹھا کی کوئی دم حباب رہتا ہی
جو بعد فاتحہ دو روز تم نہین آتے / لحد مین مردون پہ کیا کیا عذاب رہتا ہی
ہمارا خانۂ دل گر گیا خدا جانے / کہ کس مکان مین اب اضطراب رہتا ہی
حسین ہی آنکہ پہ پیش چشم ایک نہ ایک / نظر مین ماہ نہ ہین آفتاب رہتا ہی

اسیر دل کا پتا مل گیا یہ کہتی ہین
مجاور لحد بو تراب رہتا ہے

کہان نہ قطرۂ خون رگ گلو ٹپکی / خدنگ ناز سی جا بجا نہ چار سو ٹپکی
فراق یار مین اشکون نی دی عجب لذت / مزہ ملا ثمر نخل آرزو ٹپکے
نئی طرح کی ہی گرمی کہ چاہتا ہی فلک / عرق کی جا مری چہرہ سی آبرو ٹپکی
اثر شکستہ دلی کا نجا ہی مرگ کی بعد / جو میری خاک لحد سی نئی سبو ٹپکی
خدنگ یار نی کس دن نہ معرکہ مارا / ہزارون سخت کمانان جنگجو ٹپکی
دوا دکھائے تب عشق کی اثر اولٹا / کرین چکیدہ اگر کاسنی لہو ٹپکے
مکان کہنہ مین کیونکر غریب کی ہو بسر / جو سقف ایک ہی جہٹی مین چار سو ٹپکے

لائیں زبان پہ شکوہ شکار افگنوں کا کیا
خود لاغری سے ہم نہیں قابل شکار کے

سمجھے جو اپنی ری سے ہو گئی سفید
سو رنگ ہیں یہ قدرت پروردگار کے

بیعد ہے سحاب نہیں زیر آسمان
روتا ہے کوئی سیر یہ طرز سی پکار کے

آتی ہے سکیدی میں گیا خشم محتسب
شیشے میں ہم نے بند کیا جن اوتار کے

زندان سی چھوٹتا ہی جو قیدی کوئی اسیر
پھرتا ہے آگی گرد بہار سے مزار کے

زندوں سے مُردے کچھ نہیں کہتے پکار کے
کیا جانے کیا گذرتی ہے بیچ مزار کے

بیمار ہے جو عشق میں گیسوی یار کے
زانو کو درپیٹ میں رہتا ہی مار کے

عیار رہتا عجیب زلیخا کا جذب عشق
کنعان سی ماہ مصر کو لایا اوبھار کے

کیونکر خمیر قیس میں ہوتیں نہ شورشیں
ذرے سے کچھ شریک ہماری غبار کے

سودا اثر کیا نہ کسے روز سال بھر
ابکی تمام سال رہی دن بہار کے

آخر مآل عجز ہے تیرے غرور کا
ای باغبان خزان بھی ہے پیچھے بہار کے

عاشق کا دل جو اور جلاتا ہی آپ کو
مہندی لگا کی باندھتی ہے پنجے چنار کے

مردوں سے زندگی میں یہ ہم نہیں ہیں کم
جب دیکھیے سوار ہیں کاندھے پہ چار کے

وہ صاف اعتقاد ہیں ساقی شراب کیا
پانی بھی ہم نہیں پیئیں تو سر خم پہ وار کے

کیونکر نہ سوز غم سی مسلمان کا دل جلے
دیتی ہیں برہمن کو وہ صدقہ اوتار کے

کوسے ثمر سو ہجر میں پیتا نہیں مزہ
قطرے لہو کی ہیں مجھے دانے انار کے

ہیں کاہ سے سبک ہو جو تھے کوہ سے گران
صدمے اوٹھیں گی کس سی غم انتظار کے

پستان یار سی نہیں ممکن مقابلہ
کھلتی چمن میں دانت ہوئی ہیں انار کا

دیدۂ تر کا ہمارے ہو گیا جب سامنا — کھل گئی ساری حقیقت ابر دریا بار کی

سامنے تیرے کیا سمجھا تھا ہی او سیمیں تن زلف — آ رہی ہی ہاتھ میں اوسکی کہ یا شنی مار کی

وصف ابرو میں جو لکھتا ہوں تو شمشیر تیز — قط سے ہی میری قلم پر پارہ ہی تلوار کی

چھوڑ کر تجکو ہوا جو تابع فرمان غیر — راہ لی مسجد سے گویا خانۂ خمار کی

خون کی میری اگر پیاسی نہیں ہی اے اسیر — منہ سے باہر کیوں نکل آئی زبان تلوار کی

یار آیا ہم سے اوٹھی جانفشانی کی لیے — مر کی دل کیونکہ نہ تڑپی زندگانی کو لیے

مرتے ہیں وصف لب یار جانبخشی کی لیے — منہ سے شب معراج لازم اس کہانی کو لیے

دل جلا کر یک بیک آنسو بہانا کیا ضرور — دوستی ہو کیون لگا کر آگ پانی کی لیے

گرم کی صبح بصورت کی کہی حسن کے — لگیا غیروں نظر کو میں نشانی کی لیے

خبر ہی ہو لا کہ سیمیں تنی آئی نہیں — جی میں ہی دل کھول کر وصف جوانی کو لیے

کیوں نکالا ہمکو در سے بہر تنبیہ خلق — لفظ معنی در کار تفہیم معانی کی لیے

سنبل سا رخسار سے سنبل ہی نہیں ہنسی کی زلف — ہی غضنفران اک دن مہا زندگانی کو لیے

طالب دیدار ہیں کب تلک دیدار کو — انتہا بھی ہی تمہاری لن ترانی کو لیے

بعد مدت تیری گھر مہمان ہوا ہیں یا بشر — ذبح کرتے ہی لبالب سے میہمانی کی لیے

ساقیا ہر شب بلا یا کر مجھی شوق سے — چاہئے روغن چراغ زندگانی کی لیے

خنجر خونریز دشمن سے نہیں کچھ ہمکو خوف — موت کافی ہی بشر کی پاسبانی کی لیے

آئینہ سے جام ہی جمشید و اسکندر نہیں — جمع اسباب جہان کس زندگانی کی لیے

بال سے بھی ہو چکا باریک تر جسم نزار — انتہا بھی ہے آئی ناتوانی کے لیے

راہ ظلمت مین مبارک ہو مشقت خضر کو
گور مرنے جای آب زندگانی کی لیی

کس گل رخسار کا کشتہ ہوا مین بعد مرگ
بلبلین آئین لحد پہ نوحہ خوانی کی لیی

کیون در زندان پہ دربان ہنسی تنقہہ بین اسیر
کم نہین ہی ضعف اپنا پاسبانی کی لیی

غیرون پہ شب حضور کی کیا کیا کرم تھے
اچھا ہوا کہ آپ کی [illegible] تھے

ذرہ بھی خدائی کیا ہمکو آفتاب
رونق فزود آپ [illegible] تھی کہ ہم تھے

خرمن پہ میری برق نی ناحق کرم کیا
شعلے جگر کی آگ لگانے کو کم سے تھے

دفتر ہماری فیض کا ہوتا تھا جب رقم
وہ نوجہان مین غم شگاف قلم سے تھے

طاؤس و کبک لاکھ چلی اوسکی چال پہ
دیکھا تو دو قدم ہی قدم پہ قدم سے تھے

تقسیم غم مین کوئی ہماری سوا نہ تھا
بیٹھا تھا جب سر و رنا نہین ہم تھے

انسان ہیبتی سی جو ڈرتی ہین اسقدر
گویا کبھی یہ ساکن ملک عدم سے تھے

کیسے نکہون گہر سی وہ نکلتی تھی وقت شب
دیکھا جو صبح کو امین نقش قدم سے تھے

کیا رعب حسن بھی ملک الموت تھا کوئی
جبتک حضور یار رہی زندہ نہین ہم تھے

گلشن مین جا کی غور سی دیکھہ آئی موشگاف
سنبل مین تیری گیسوؤنکی پیچ و خم نہ تھے

پوچھا برہمنون نی بتون کو غضب کیا
قابل یہ پوجنے کے خدا کی قسم نہ تھے

داغ الم زمین کے تلی کیون وہ دیکھتی
تیری فقیر صاحب تاج و علم نہ تھے

کانٹون نی ہم پہ کس لیی کھولی زبان طعن
خالی تو آبلوں سے ہماری قدم نہ تھے

آئے جو تم مزار پہ ہمراہ غیر کے
ایسے عنایتوں کے سزاوار ہم نہ تھے

نامے کو اوسنے چاک کیا کس قصور پر
مضمون شکایتونکی تو قاصد رقم نہ تھے

غیر کا منہ بگاڑ دون لیکن
کیا کرون منہ سے آپکا ہی مجھے

فقر مین بسکہ جسم زار ہی حسن
سیل ہر موج بوریا ہی مجھے

خامہ پنہان سر اسی سی ہی تیغ
راست بازی مری بلا ہی مجھے

حشر کی دن کرینگے کیا عصیان
تیری رحمت کا آسرا ہے مجھے

تو نہ دیکھے صنم تو کیا پروا
میرا اللہ دیکھتا ہے مجھے

دل مین حب علی و احمد ہے
یہ سہارا یہ آسرا ہی مجھے

معتقد مرتضی کا ہون مین اسیر
اور مطلب کسی سے کیا ہے مجھے

کون کہتا ہے وہ اہمہ زار کی ہستی ہی
ہوش قائم ہین علامت آجتک محمود ہے

جو عدو اسکا ہے شیطان کی طرح مردود ہے
خاک ہے انسان ملائک کا مگر مسجود ہے

خلقت آفاق سی حاصل فقط ہی شکر اللہ
علت غائے علل مین جس طرح مقصود ہے

ظاہری لذت ہی باطن مین یہی ہی تلخ کام
نعمت دنیائی دون حلوای زہر آلود ہے

کبر چھوڑو سرکشی اچھی نہین اہل کبر
رزق پشہ ایکدن مغز سر نمرود ہے

میہمان ہے غم تو حاضر ہین دل و جان و جگر
کیا تامل کی جگہ ہی آؤ بس مین جو موجود ہے

جلوہ گر ہوتی ہے یہ جسم دم وہ اوڑجاتی ہی
آگ دولت ہی سیاہی بخت کی بارود ہے

منکر توحید ہا معتقد دو ملت مین ہی کون
سو الف لکھین تو اولیسی ایک ہی مقصود ہے

دو شرف حق نی دئی ہین اوسکو دو تو مجھ
حسن مین یوسف تو خوش الحانیین داؤد ہے

خود نمائی مین بہی قرب عشق ہی منظور حسن
چہرۂ ہیات ایاز آئینۂ محمود ہے

ہستی فانی کو نادان ہین جو سمجھین معتبر
ایک دن معدوم ہی عالم مین جو موجود ہے

تو خطونسے کام کیا رخسارہ سادہ ہی سپید
مین تو ہون اوس شمع کا پروانہ جو بیدود ہے

جو جسکی خلق خدا سے رتبۂ عالی ملے
خم شیخ اب حرم مین اسلیے مسجود ہے

وصل شیرین کا ہی مشکل تیشہ توڑا ہی کوہکن
کب تلک خارا تراشی درد سر بیہودہ ہے

سائلون کو دی اسی مین خیر ہی کچھ اہی بخیل
جسکو تو نقصان سمجھتا ہی وہی بہبود ہے

چشم بلبل مین بہری ہین اشک عنابی اگی
آتش گل ہر چمن مین آتش بیدود ہے

ہے تماشائی حقیقت کا سبب سیر جہان
سبزۂ نوخیز خضر منزل مقصود ہے

بد سرشتو نسے ہو نفرت کیون نہ ہمکو اے اسیر
پیرو شیطان ہے جو اللہ کا مردود ہے

ہوس نظارہ کی اپنی دل حزین مین رہے
نگاہ آنکھ سے نکلے تو دوربین مین رہے

ہمیشہ روح تلاش رخ حسین مین رہے
کبھی سمن کبھی بو نکی یاسمین مین رہے

لحد مین سوئی حسینون کی لیکی تصویرین
پر یو نشو نسنی نہ خالی بغل نسرین مین رہے

کیا نہ کب ہدف ناوک ستم مجکو
کمان چرخ ہمیشہ مری کمین مین رہے

جو ناز سینہ پر آوسکو تو اسکو ساعد یار
ہمیشہ بحث گریبان و آستین مین رہے

ملے کسی کو فراغت نہ آسمانکی تلے
یہہ مثل دولت ممسک نہان زمین مین رہے

یہہ ہمنے صاف کیا اپنے دل کا آئینہ
کہ دھوم بزم حسینان مہ جبین مین رہے

کہو خدا کے لیے ہان کہان تلک انکار
شب وصال بہت کم نہین نہین مین رہے

جہان کو قتل کیا تیغ بے نیام کی طرح
اگرچہ ساعد محبوب آستین مین رہے

فلک کو توڑ کے پہنچے کبھی نہ عرش پر آہ
صدا لیپٹ کی اسی گنبد برین مین رہے

شب وصال مری حق مین ہو گئی شب جنگ
بغل مین تیغ چھری اوسکے آستین مین رہے

دیتا ہے رشتہ سوئے عدم لیچل انکیحنون
غمزے ادہمن کے ہم سی نہ اس سنبال کے

جا کر فلک پہ کوکب سیار بن گئے
ذرے جو کچھہ اوڑے مری گرد ملال کے

مانند غنچہ حبس نفس سے ہے تنگ کے
سمجھا دون گا صدا مین دستے کمال کے

ساقی عجب نہین جو لبالب بادہ اوڑ چلے
پائے ہین پاؤن کبک کی پیوستی لال کے

اے قیس جتنے خار ہین تولی ہین برچھیان
رکھنا قدم کو دشت جنون مین سنبھال کے

پلے صدف کی طرح جو سائل در مراد
لازم ہے یہہ کہ بند کرے لب سوال کے

بھٹکتا ہے کوئی ساتھہ امیر و فقیر کا
دیکھے نہین گلیم مین پیوند شال کے

لیلی کے پاس قیس نے بھیجا جو دیکے خط
پر لگ گئے بہ رنگ کبوتر غزال کے

کیا پہنچین عاشقونکو تیری قیس کو ہمت
گذرے ہوسے وہ ذکر یہہ قصے ہین حال کے

ممکن نہین کہ آکی نہ پہنچائے مرغ غم
سوراخ میرے سینے کی حلقی ہین جال کے

بہر نثار زلف منگائے نہ آپنے
ہٹی دہرے دہرے ہوئی نافی غزال کے

یون جرم دور کرتے ہے حب علی اسیر
جیسے ہوا سے جھڑتے ہین پتے نہال کے

جبین سے کے سامنی تیہر کی سجدہ گاہ رہی
خدا کے سجدی مین بہی کچھہ تو بنی راہ رہے

کھلے جو آنکھہ دم صبح دیکھیے قد یار
بلند چاہیے انسانکے نگاہ رہے

جو دن کو تخت پہ بیٹھی تو خاک پر شب کو
یہ چلے وہ چال کہ راضی گدا و شاہ رہے

تمام عمر جنون مین ہوئی بسر اپنے
ہزار شکر کہ ناواقف گناہ رہے

دو ہی کی خوب نہین ہم کہان رقیب کہان
ہمین سے راہ رہے یا و نہین سی راہ رہے

دعاے خیر کی خواہش اگر ہی امی حسین
فقیر سی بہی ملاقات گاہ گاہ رہے

جب تک کہ نہین ہشیار اپنا ہی آپ نہ ہی
پہ چوبہ نہین سکتا ہی دربان کو ادب

پھر چشم [illegible] شرم نے نہین دیا
کچھ کہہ نہین سکتے ہین دربان کو ادب

آتا ہی جو فردوس ہین تسلیم نبی کو
جبریل صدا دیتی ہین رضوان کو ادب

تم غیر سے تمیز کی امید نہ رکھو
کیا کام ہی اس غول بیابان کو ادب

بکتی ہی نگاہ مرا اشک رواں ہین قاتل
بہرہ نہین اس کو کہ نادان کو ادب

جو لوگ کہ رکھتے ہین اسیر آنکہ سخن مین
رکھتے ہین وہ سب میری دیوان کو ادب

اپنی مژہ شعر مین کیا جای سخن ہے
جو ہی غزل اک مثنوی میر حسن ہے

ہی پھول سا رخسار تو غنچہ سا دہن ہے
نظارہ محبوب تماشای چمن ہے

کیا بات سنی کیا وہ مری حال کو دیکھے
نرگس کی جو آنکھین ہین تو غنچی کا دہن ہے

مسکن ہی جو اپنا ہی آخر کو ہی مدفن
جامہ ہی جو تن پر ہی اک روز کفن ہے

نادان ہین جو اللہ کو سمجھی ہین مجسم
معشوق کو دیکھین نہ کمر ہی نہ دہن ہے

احوال جو غفلت کا ہی کچھ ہم سی نہ پوچھو
مخمل کی طرح خواب یہان جزو بدن ہے

سیراب کیا کرتی ہی پیاسو نکو ہمیشہ
کیا تیغ حسینی ہین تری خلق حسن ہے

پچتائی گا کیا حشر کی دن بادہ کشون کو
شیشہ کی طرح پیر مغان پنبہ دہن ہے

دیکھین [illegible] بہی دیکھین کہ نہ دیکھین
تن زار یہ اپنا ہی کہ بستر کی شکن ہے

[illegible] وحشی آوارہ کی پڑ ہی
وحشت ہی سگ یار کو ایسی کہ ہرن ہے

[illegible] تری آگ لگا دی
جو منفعل ہی وہ شمع جو تہ لالہ ہی لگن ہے

[illegible] تری کاکل ہی پریشان
خود تلخ زبانی سی تری تنگ دہن ہے

غربت میں جو دیکھی ملک الموت کی صورت
سمجھی کہ یہی قاصد یاران وطن ہے

زیبا ہے جو پروانہ گری شمع کے اوپر
جو مرد ہی دنیا میں اوسی [illegible] زن ہے

سنبل کو ہی کیا گیسوی محبوب سی نسبت
یہ پیچ نہ یہ خم نہ یہ خوشبو نہ شکن ہے

پہولون سی ہمین کام نہ گلزار سی مطلب
جلسہ ہی جہان لالہ رخون کا وہ چمن ہے

بیخود ہین ہم ایسے مزۂ بیوطنی مین
سمجھا ہم نہین دور کہ نزدیک وطن ہے

صدقے مین لی بوسہ جو ہمکو تو عجب کیا
خط چہرۂ جانان پہ نہین [illegible] گہن ہے

عیسی ہو سخن فہم تو شاید اوسی سمجھے
جس شعر مین معنی نہین [illegible] ہے

جاناہی تو چل نکر اسیر اسمین ہے بیجا
نزدیک بہت روضۂ سلطان زمن ہے

یارب خبر سنی ہی یہ کسکی ورود کی
شاخون پہ لی رہی ہین جو غنچے سجود کی

صحرا کی سب زمین مری وحشت کی ہی سند
نقش سم غزال ہین مہر شہود کی

جاتی ہی آپ بام فلک پر نماز عشق
بیکار نردبان ہی قیام و قعود کی

منصور دار پر بہی انا الحق کہے گیا
حق پوچہئے تو بات بڑی ہی کی [illegible]

آیا ہی کون گل کہ معطر ہی ساری بزم
دود چراغ کشتہ مین خوشبو ہی عود کی

رکہنا سمجہ سمجہکی قدم چاہئے یہان
دنیا نہین صراط ہے یوم الورود کی

افشان سی آشنا ہوئی کس ماہ کی جبین
لیتی ہین آفتاب سی ذرّی نمود کی

خوشبو نسیم لائی ہی اوس گل کی اسقدر
ای دل درود پڑہ یہ جگہ ہی درود کی

کرتی دعا خدا سے کہ پیدا انکو ہمین
ہوتی خبر جو ہمکو عدم مین وجود کی

لب تشنگان وادی عسرت کیواسطے
کافی ہی ایک موج تری بحر جود کی

ای خیال یار تو بھی ہو مری دل مین مکین
حور کا مسکن ہی جنت گھر پری کا قاف ہے

ایک دن ہوتی ہی افزایش بھی نسیانکی ہے
فصل سرما مین زیادہ روز سی تنداخت ہے

پاک جو گرد کدورت سی ہی وہ ہی بیگناہ
نامۂ اعمال بھی ہی صاف اگر دل صاف ہے

بھول کر بھی تم مری گھر مین کبھی آتی نہ تھے
آج کیا ہی جو یہ بندہ مورد الطاف ہے

سمجھو کیون قافیہ ہی تنگ آ وسی آتی تو دو
مصرعہ شمشیر سی دم بھر مین مطلع صاف ہے

جو ہی ثابت بلائی سخت مین میرا ہی دل
بار کاکل سی ہی جو الجھا ہی وہ تیری ناف ہے

دل جو قرآن ہی تو ہی میرا سینہ تفسیر ای اسیر
ہین جو اہل کشف ان کو نہین کیا حاجت کشاف ہے

آنکھین بیکار ہین آنکھین جو نہ صورت تیری
دل وہ کیا دل ہی نہو جسمین محبت تیری

نخل ہستی سی نمودار ہی قدرت تیری
اصل وحدت ہی تری فرع ہی کثرت تیری

جلد ای روح سفر پیکر خاکی سی نکل
چند روزہ ہی ملاقات غنیمت تیری

کوئی پہونچا نہ تری جلوہ گہہ ناز مین یار
راہ ڈھونڈا کئی ہفتاد و دو ملت تیری

کیا عذاب شب فرقت سی چھڑایا ہمکو
مہربانی تری ای مرگ عنایت تیری

غنچہ دل کو مری چاک نکر ڈرتا ہون
کہ پریشان نہو بوی محبت تیری

اسلیی ہی پر طاوس کی قرآن مین جگہ
کہ دکھاتا ہی یہ نیرنگی قدرت تیری

باغ مین بلبل و گل بزم مین پروانہ و شمع
بہنیس ہملی ہوئی پھرتی ہی محبت تیری

شعلۂ نار سقر سی جو ڈری اہل گناہ
ابر بن بنکی برسنی لگی رحمت تیری

سرکشی صورت آتش نکر ای پارۂ خاک
ذرہ ذرہ کو ہی معلوم حقیقت تیری

بدلی نرگس کی اگین گو یہ نہ آنکھین سالل
راہ دیکھا کیی ہم تا بقیامت تیری

دعوی خون ہمین وہ کار ہی کیا حشر کی دن
سرخ مہندی سی ہی ہی انگشت شہادت تیری

پاون کانٹون کی سنانون پہ ہین دیوانون کی
راہ کیا سخت ہی ای وادی وحشت تیری

دفن زر کی لیی کہدوائی ہی تونی جو زمین
دیکھہ منعم کہ اسی جا نہو تربت تیری

ہو چکا محکمہ دربار وجنان کی ہوی بند
دیکھتی رہ گئی ہم حشر مین صورت تیری

ہی بجا دیدہ عاشق سی گرین اشک جو گرم
آگ بدلی کو لگاتی سہے شرارت تیری

ایک ساغر مین کیی سیکڑون پیاسی سیراب
دیکھی ای پیر مغان ہمنی کرامت تیری

مین جہکا مہندی لگانی تو وہ ہنسکر بولی
پاون کو ہاتہ لگائیگا یہ طاقت تیری

سیر بازار کو تو روز نکلتا ہے اسیر
آگئی کیا کسی یوسف پہ طبیعت تیری

داغ کہا کر غم جدائی سے
دل ہوا سیر آشنائی سے

الحذر طاعت ریائی سے
خوب رندی ہی پارسائی سے

دل مرا کاش آستین بنجاے
کہ لپٹ جای اوس کلائی سے

ہین یہ موسن ہوا در یوسف
گذری اس گرگ آشنائی سے

دستگیرون نی ہاتہ کہینچ لیا
تہک گئی میری شکستہ پائی سے

موت آئی کہین کہ بہتر ہے
شب تربت شب جدائی سے

طوق و زنجیر قید رنج مین ہین
کیا خوشی ہو سکے رہائی سے

ہجر مین یہ مرض کو طول ہوا
لگ گئی پیٹھہ چارپائی سے

آئینہ غرق آب حیرت ہے
سادہ رویون کی خودنمائی سے

دیکھی شمع طور کو نسبت
کیا سمجھہ کر تری کلائی سے

نرمی دل سی مٹ گیا صدمہ
جسطرح چوٹ مومیائی سے

سجدہ کرتا تھا کون ابرو کا
کعبہ ہی میری جبہہ سائی سے

خون پینی کو میری آتی ہین روز
چھلیان بس کف حنائی سے

لکھہ کی تعریف چشم ولب کاتب
بڑھ گیا جامی وشفائی سے

ہر سحر مہر کا پیتا ہے اسیر
وحشت پنجہ حنائی سے

ہستی سی نیستی کو اوٹھا کر عجب چلے
غربت مین جب ہوا نہ گذارا وطن چلے

کچہ گل کی نازکی نہ حضور بدن چلے
غنچی ہون دلگرفتہ جو ذکر دہن چلے

غارتگرون سی مر کی نہ حاصل ہوئی نجات
ہمرہ مری جنازہ کے دزد کفن چلے

مشتاق یہ ہوئی تری طرز خرام کے
طاؤس و کبک چھوڑ کی صحن چمن چلے

مدت ہوئی کہ موت کا بازار بند ہے
تلوار کی جو چال چلو تم چلن چلے

وہ جنگ جو جو معرکہ آرا ہوا کبھی
جی اونکی چھوٹ چھوٹ گئی تھی جو من چلے

شکر خدا کہ اب نہین تقدیر کا بگاڑ
بگڑی رقیب سی وہ مری کام بن چلے

کانٹی ہین اس چمن کی نہایت درازدست
دامن ذرا بچا کی نسیم چمن چلے

طول شب فراق سی گھبرا گیا ہی جی
ہو صبح تو بصبح کی باذ والمنن چلے

اذنا کی دوڑ دھوپ سی عالی کا ہی غرور
رہ جائین پاؤن تھک کی تو کیونکر دہن چلے

آیا شکار کھیلنی صحرا مین جب وہ ترک
چارون طرف سی چوکڑی بھولی ہرن چلے

پیری مین ہمکو جامۂ ہستی وبال ہے
دیکھین کہ کب تلک یہ لباس کہن چلے

بھوکی ہوئی تو خال کی دانی پہ کی نظر
پیاسی ہوئی تو جانب چاہ ذقن چلے

تمہاری چہرۂ خنداں کی ہیں ہم دیکھنے والے
پسند آتی نہیں ہمکو روتی صورت شمع محفل کی

امید زندگی تہی بعد مردن یہ نہ سمجھا تہا
کہ عیسی دم ہی سے غیرت کرینگی ہیر بھی قاتل کی

جہاں گلشن میں لیکیا رنگ میری بیقراری کا
اگر تہا حلقہ آواز آئی نالۂ دل کی

اسیر اس بزم میں غفلت سے بہی ہی غنیمت کیا کیا
مسافر بہولتا ہی خواب میں تکلیف منزل کی

خط رخسار جاناں نے کدورت دل کی زائل کی
شعاع مہر تہی جاروب صحن خانۂ دل کی

جگر کشتی ہی یارب یہ کس شیر شمائل کی
جو شربت آب دریا ہی شکر ریگ ساحل کی

کمی کی کچہ برش میں تیغ نے تو مر ہی جاؤنگا
قسم کہاتا ہوں ہی شوق شہادت تیغ قاتل کی

برابر رزق عالم کا ہی اوسکی خوان نعمت پر
نہیں لقمہ اوٹہا نہیں کبہی بیشی نا اہل کی

نہ کیجیے قتل سے محروم ہمکو سخت ڈرتے ہیں
یہ رعشہ دست قاتل کا یہ لغزش پائی بسمل کی

وہ گل ہی کہ تیری یاد میں جنگل بہی نالاں ہی
زبانیں ہیں یہ کانٹوں کی کہ منقاریں عنادل کی

وہی مجمع ہی مجمع جسمیں کوئی خوبصورت ہو
چمن کی گل ہی زینت شمع سے رونق ہی محفل کی

ہزاروں آرزوئیں تہیں تجہی جبتک نہ دیکہا تہا
تجہی دیکہا نہیں باقی کوئی اب آرزو دل کی

کسو کی کعبے کو جاتا ہی کوئی ہی دیر کو راہی
تفاوت اسقدر ہی ورنہ ہیں ہیں ایکمنزل کی

بہت دشوار ہی بوسہ ملا اوسکی زنخداں کا
لگی کیا ہاتہ یہ دولت کہ اسپر مہر ہی تل کی

شریک حال عالم ہی جو انسان نیک سیرت ہو
رعیت کم نہیں ہی فوج سے سلطان عادل کی

دہن یار کی صدمی ہیں دل یہ وصل اب کیسا
جہاز آیا جو طوفان میں گئی امید ساحل کی

بہار آئی ہی ای صیاد ہمکو بہی رہائی دی
صدائیں آرہی ہیں کیسی گلشن سے عنادل کی

ہماری کعبۂ دل میں چراغ داغ روشن تہا
نہی قندیل محراب فلک میں ماہ کامل کی

اسیر آیا نہ وقت نزع وہ عیسی عیادت کو
بدن سی جان نکلی آرزو دل مین ہی دل کی

شراب خون دل پیتا ہون مین فرقت مین قاتل کی
صراحی چاہئی جھکنا گلو کی مرغ بسمل کی

یہ اہل عشق سی جب نالان کیا درد جگر جانین
چمن مین ہنستی ہین گل غنچہ سنتا ہی دل کی

کسی نی آنکھہ پھیری ہی کہ ایسی تیرگی چھائی
زبان آہوی صحرا بنی ہی حسرت محمل کی

نہ آو گی کبھی وعدہ عبث آپکا کرتی ہو
مجھی روشن ہی سب تیور کہدین رنگ کی ادا کی

ہوا ثابت نہین کچھ بعد ہستی عدم ایسا
جو دوری ہو پھر مین ملی ہوتی ہی منزل کی

مسلمانونکی صحبت کب اثر کرتی ہی کافر کو
نہ کچھ فرق نور عارض نی سیاہی ایکدن تل کی

سراپا ہم تو مجرم ہین امید رحم رکھتی ہین
مبارک بیگناہونکو عدالت رب عادل کی

سفینہ بیکسون کا غرق ہوتا ہی تو ہوتا ہے
کسی پروا بلا جانی سبکساران ساحل کی

مصور تازگی ہی گلشن انصاف کی لازم
شبیہ گل مین لالی صرف کر خون عنادل کی

ہزارون گھر نہین گھٹتی ہین لیکن کھو نہ آتو سری ہین
نہ گرتی ہے نہ مرتی ہی کبھی شمشیر قاتل کی

پی گلگشت یارب آج کس قاتل کی آمد ہے
چمن مین نرگس شہلا نہین آتی ہی آنکھہ بسمل کی

می گلگون لہو سی کم نہین ہی ہجر ساقی مین
پیالی ہی کٹوری قبضہ شمشیر قاتل کی

مگر پھر موسم گل مین جنونکی آمد آمد ہے
مری کانون مین پھر آواز آتی ہی سلاسل کی

اسیر اک ایکقدم پر آبلونسی خون ٹپکتا ہی
پر افشانی ہی اپنی چال گویا مرغ بسمل کی

جو گیا ملک عدم کو وہ کہان پھرتا ہے
چھوٹ کر تیر کوئی سوی کمان پھرتا ہے

کس تکلف سی وہ گلگون تہ ران پھرتا ہے
رقص طاوس کا آنکھون مین سمان پھرتا ہے

دیگا پانی مجھی کیا خنجر عریان تیرا
خود نکالی ہوی یہ خشک زبان پھرتا ہے

قتل کا شوق یہ ہی جامی سی باہر ہو نہین
منہ چھپائی ہوی جلاد کہان پھرتا ہے

مرگ کی بعد یہ ہی خنجر قاتل کی تلاش
سنگ مرقد صفت سنگ فسان پھرتا ہے

خواہش اک جام کی ہی خم نہ چھپا جائینگی ہم
پیٹ پکڑی ہوئی کیون پیر مغان پھرتا ہے

ہر جگہہ دل کو مری چاہ ذقن کا ہی خیال
ساتھ یوسف کی سفر مین یہ کنوان پھرتا ہے

بسکہ ہی کوچۂ جانان کی ہوا چو بائی
مارا مارا مری آہون کا دھوان پھرتا ہے

کبر اچھا نہین عشاق سی ای مہر وشو
دم مین حربا کیطرح رنگ جہان پھرتا ہے

سر فروشونکی ہی کتنی ترہی خنجر کو تلاش
ڈھونڈتا پیاسون کو یہ آب روان پھرتا ہے

در و دیوار کی تصویرین ہین قربان کس پہ
شکل فانوس خیالی جو مکان پھرتا ہے

کچھ خبر ہی تجھی زاہد کی بھی ای قاضی شہر
اینڈتا تاک کی سایہ مین جوان پھرتا ہے

قدر عاشق کی حسینونکو ہوئی شکر خدا
ماہ ہالی کیطرح گرد کتان پھرتا ہے

ہر رہ گردون کا کبھی ساتھ نہ دی گوشہ نشین
مہر و مہ لاکھ پھرین قطب کہان پھرتا ہے

استخوان چور ہون پیر فلک کی کیونکر
جنکی پہیا مری نالون کا دھوان پھرتا ہے

ہند سی چل طرف روضۂ شبیر اسیر
یہی رستہ طرف باغ جنان پھرتا ہے

رہی درست طلسم حیات یا ٹوٹی
کسی کا دل نہ کبھی ہمسے یا خدا ٹوٹی

کہو فلک سی نہ مجھسی ضعیف کو چھیڑے
یقین ہی خار سی الجھے تو آبلا ٹوٹی

جہان کو رحم عطا کریہ ای خدای جہان
یہی جو دل ہو دل سنگ آسیا ٹوٹی

خبر ہی شرط پلا جام جلد ای ساقی
بہت خمار مین مستونکی پت نہ پا ٹوٹی

جہان میں پست کا باعث فقط سہارا ہے
کمر ضعیف کی ٹوٹی اگر عصا ٹوٹی

فلک خوشی سی کری قرص ہی وہ ظالم پسند
زمین پہ گر کے اگر کاسۂ گدا ٹوٹی

عبث تھی آمد و شد ان بتوں کی گلیوں میں
کہ ہاتھ کچھ نہ لگا پانوں بارہا ٹوٹی

ورد رہا غفلت سے ہو نہ دلوانوں کو خبر
مچا نہ شور غضب چھپ ای درا ٹوٹی

مدد ہوئی دل کی رگین کی نہ اسکے ستم کبھی
ملا ہو جو سے سوتا تو چاہ کیا ٹوٹی

ہمارا عقدۂ خاطر کسیطرح نہ کھلی
لگا نے ہاتھ تو دست گرہ کشا ٹوٹی

فلک سی سنگ جفا کب نہ سیکڑوں پہ گرے
خم و سبو کی نہ کس و زردست پا ٹوٹی

یقین ہے معنی لا تقنطوا رہے دل کو
خدا سے آس نہ ای بندۂ خدا ٹوٹی

نہ استخوان ہوئی ضایع نہ مرکی لحم ہما
ہزاروں راغ گری سیکڑوں ہما ٹوٹی

نہوئی وون کسی ظرف شراب کو سیکار
بناؤں جام اگر شیشے کا گلا ٹوٹی

وہ جنس دل ہے ہماری کہ دیکھکر جسکو
حسین ہر ایکطرف سی ہزارہا ٹوٹی

اسیر کسنے یہ گلزار کو کیا تاراج
زمین پہ پھول پڑے ہیں ہزارہا ٹوٹی

ہوا نہ خط آشکارا حسن عارض کی تمامی ہے
دہن کا انتہا بوسہ دو یہ باقی لا کلامی ہے

قلم نی حرف اوسکی لعل شیرین کا جو لکھا ہے
جہان میں مثل طوطی شہرۂ شیرین کلامی ہے

نہ ہنگی کیونکہ خفت سی اسیر اہل محشر میں
مری اعمال بد سی پلۂ میزان سلامی ہے

وہ بیکش ہوں کہ علم نحو بھی پیش نظر سا ہے
کہ ساغر کافیہ ہی خط ساغر شرح جامی ہے

بہ رب کعبہ معیار الولد ہی ذات حیدر کی
محب اوسکا حلالی ہی عدو اوسکا حرامی ہے

عدا کیسی شب فرقت وہ نالی گرم ہیں جنسے
کباب کبک یا تہ آسمان جل ہنگی شامی ہے

گمان کیونکر نہو اوسپر جو دل سینے سے غائب ہو | ترا وہ رخسار سب جانتے ہین جو رنامی ہے
نہو مایوس انسان عالم ذلت مین عزت سے | مہ کنعان کو زینہ بام رفعت کا غلامی ہے
وطن سے ہو سفر مشکل نہ کیونکر خاطر شیفتہ کو | جدا ہو شاخ سے کب جبتلک میوے مین خامی ہے
جو بے پروانگی اوس شمع تک پروانہ آتا ہے | تو کہتا ہے محبت اس بزم مین بے انتظامی ہے
چلے جب وہ قدم قمری نے مین مین ہو گئی زندہ | قیامت یاد اونکو شیوۂ محشر خرامی ہے
حسین جو ہے وہ ہی تیری قد آزاد کا بندہ | خط رخسارہ ہر سرو قد خط غلامی ہے
حفاظت سے رہی یوسف کنوئین مین نہین جو فنا | اوسے کیا خوف ہے جسکا خدا آفت مین حامی ہے
نہین ہم وحشیونکو اور پیراہنکی کچھ حاجت | کہ مخمل سبزہ ہی مہتاب کی چادر تمامی ہے
مخمس مین بھی کوئی وصف حسن یار مین لکھون | جا نہین اسقدر مشہور خمسے سے نظامی ہے

اسیر زار کو سب تجھے رہ دان آشنا کہتی ہین
کہ مشتاق نہین ہیہ بھی صاحب طبع گرامی ہے

تنگیِ غم دل کو آخر باعث راحت ہوئی | اسقدر ہمتی پریشانی کہ جمعیت ہوئی
چھین لیگا کس طرح اسکو زبردستی کوئی | مفلسی بھی کیا کسی زردار کی دولت ہوئی
پوچھنے آئے ہو اب بیمار فرقت کی خبر | مر چکا گذرا زمانہ گزر چکا مدت ہوئے
یار نے وعدہ کیا تھا خوابمین آئینگے ہم | شب کو ہم جاگا کئے ہم سے بڑی غفلت ہوئی
تیغ ابرو کا لیا بوسہ تو اوس بت نے کہا | کیا خدا کی شان ہے تمکو بھی یہہ جرأت ہوئی
ساعتین گن گن کی کاٹی رات ہمنے ہجر کی | گرد کلفت دل مین ریگ شیشۂ ساعت ہوئی
تیغ قاتل کو دیا سر جان عزرائیل کو | تنگدستی مین کہان قاصر مری ہمت ہوئی
میرے مرنے سے کہ اٹھا نہ تھین کس کس کا عذاب | ہتکڑی کو طوق کو زنجیر کو فرصت ہوئی

رنگ یکرنگی دو رنگی نے کیا کیا آشنا
رفتہ رفتہ میری صورت یار کی صورت ہوئی

ذہن میں آیا بڑی مشکل سی مضمون دہن
اس معنی کی سمجھنی میں بڑی دقت ہوئی

عشق چمکا حسن سی کی عشق نے تائید حسن
آپ کی تشبیہ سے تو میری آپ سی شہرت ہوئی

بھوک کا غم بھوک میں کھا یا کئی ہم عمر بھر
جب ہوئی ہمکو تلاش رزق بی سنت ہوئی

آئینہ دیکھا اگر پیری میں یاد آیا شباب
اگلی صورت اور تھی اب اور ہی صورت ہوئی

وصل کی دولت میسر کوئی ہوتی ہی بزور
بیستون میں رائگان فرہاد کی محنت ہوئی

چھپتی کامل ہین فنا کی بعد ہی اونکی نمود
خلق سی معدوم جب عنقا ہوا شہرت ہوئی

بعد مدت قید سی محبوس چھوٹا ای اسیر
جسم خاکی سے جو نکلے روح کو راحت ہوئی

رو بہ منشون کو جبہ سے کد ہے
یا شیر خدا قسم مدد ہے

ہر ایک بلا اسیر رد ہے
لب پہ مرے یا علی مدد ہے

بیہوشی و ہوشیاری اپنی
دریا سے حبابون کا جزر و مد ہے

ای چرخ کمان تلک یہہ بیداد
ہر چیز کی آخر ایک حد ہے

محشر میں کرینگے دعوی عفو
تحریر خط جبین سند ہے

نزدیک ہماری اوس پری پہ
وحشی جو نہو وہ بیخرد ہے

جب دیکھو وہ رخ ہی زیر گیسو
یہہ آئینہ عاشق نمد ہے

خامہ مرا ذو الفقار حیدر
حاسد عمر ابن عبد ود ہے

اوس سے بھی یہہ آدمی ہے بد تر
شیطان کا جہا نہین نامزد ہے

ہے دل میں مری جو داغ الفت
یہہ پھول گل سر سبد ہے

ہے دختر رز کو پردہ لازم
زاہد کی بہت نگاہ بد ہے

صادق ہی ہمارا دعوی عشق
آنکھیں ہین گواہ دل سند ہے

آمد سی ہے اوسکی سینہ مجروح
ناوک سے الف کمان مد ہے

ہے مسئلہ ذہن غلا سے
جو آپ کہین وہ مستند ہے

میٹا نہین اپنا جسم خاکے
گویا کہ سکندری یہ سد ہے

سب پر ہے اسیر اوسکی رحمت
یہ ابر محیط چار حد ہے

آئے بہار پیر مغان کا زمانہ ہے
جام و سبو تہی ہین نیا کارخانہ ہے

آنسو زمین کو آہ فلک کو روانہ ہے
الفت مین بہی نشیب و فراز زمانہ ہے

دور فلک سی اہل زمین کو نہین قرار
ہر مہرہ اس بساط کا خانہ بخانہ ہے

گردش کی احتیاج نہین مثل آسیا
پہنچے کا منہ تلک جو مقدر کا دانہ ہے

چھلنی پہ ہم معرفت مین ذرا سی لگا کی چھان
منصور قصہ سنج انا الحق ترانہ ہے

دل جنکی صاف ہین وہ ترقی پسند ہین
پانی زمین پہ جانب پستی روانہ ہے

ہے دولت جہانکو محبت بخیل سے
قارون کے ساتھ اب بہی زمین مین خزانہ ہے

مٹ بیٹھتے ہین وہ بال الجھتا ہے جال سا
وہان شانہ ہو رہا ہی یہان درد شانہ ہے

کیونکر بچے گا ناوکِ مژگان سے دل مرا
ناوک فگن یہ بال کا باندہا نشانہ ہے

کچھ حال عمر و خواہش دنیا نہ پوچھیے
تھوڑی ہی رات طول بہت یہ فسانہ ہے

مضمون چاہیے و جانان جو ہین قلم
جو بیت ہی غزل مین صریح [illegible] ہے

مہمانسرای دہر نہین منزل قیام
آگے یہان کوئی کوئی پیچھے روانہ ہے

سوچ کا ہے زیارت شبیر میں ثواب
حق پوچھیے تو کعبہ یہی آستانہ ہے

کیون کرسمند عمر روان ہو نہ تیز رو
جو رشتۂ نفس ہے اسی تازیانہ ہے

حیلے کرین عدو دم دنیا تو کیا عجب
درکار بہان اجل کی لئے بہی بہانہ ہے

دنیا سے دور ملتی ہے کسکو بغیر زور
اچھی ہین اہل زور انہین کا زمانہ ہے

بہتر ہے دور چار عناصر سی تار عشق
اوڑ جائے گا اسیر یہ بارود خانہ ہی

پیدا تمہارے ذات سی سارا زمانہ ہے
مقصود قسم ہو خلقت آدم بہانہ ہے

آیا ہے جو عدم سے عدم کو روانہ ہے
دو دن کی زندگی کا عجب کارخانہ ہے

دیتا ہے ظالمون کو فلک دولت جہان
بندوق جو جہان مین ہے صاحب خزانہ ہے

کافی ہے فرش خاک جنون مین بجای فرش
ہر نخل سایہ دار بھی شامیانہ ہے

نادان ہین مال و زر پہ جو رکھتی ہین اعتماد
دولت کسی کی ہی نہ کسی کا زمانہ ہے

دونون جہان مین ایک حسین ہی وہ یکتا
کوئی برابر اوسکے نہوگا یگانہ ہے

ہے جمع کاروان عناصر تو کیا ہوا
یہ چار دن مین چار طرف کو روانہ ہے

سمجھا کمان ہی کوئی کماندار ای فلک
تیر خدنگ ظلم کا عالم نشانہ ہے

پست و بلند بزم خرابات مین نہین
اس بزم مین جو صدر ہی وہ آستانہ ہے

ہے غول عاشقون کا جو اوس سرو قد کی ساتھ
پیچھے سپاہ ہی علم آگے روانہ ہے

محفوظ ہین جہان مین آفت سی خاکسار
اسپ گلی کو کیا خطر تازیانہ ہے

ممکن نہین ہے کوئی اوس تیر ناز سے
آئی جو زد پہ طائر سدرہ نشانہ ہے

کیونکر فلک خرام نہو پا دبای فقر
تسمہ مرے کمر کا اسی تازیانہ ہے

ہاتھ پر ہاتھ دہرے بیٹھی ہین عدا جا اسیر
فصل گل آئے کہین کام پہ سلور چلے

آمد شام جدائی سی جہان پر شور ہے
کیا سیاہ آندھی ہی اسمین کس بلا کا زور ہے

راستے قدا اتنی کئی ہین جو چہٹنی زیر زمین
کم نہین ہے ترکش پر تیر سی جو گور ہے

کٹتے ہین رہ گذر ہی ہین جو جبہ بالا کی سمت
کیا قیامت کا ہی دن یہ یا جو ایسا شور ہے

جتنا جی چاہی زمین کو دی ہمکو فشار
ایک مشت استخوان ہین کیا ہمارا زور ہے

واہ رے تحریر توصیف لب شیرین کا فیض
خط مرا شیرین ہے خامہ نیشکر کی پور ہے

کیا حقیقت تیری مہر و ماہ کی اے آسمان
روز تکو اک اسمین ہے تو دوسرا شب گور ہے

اوس رخ رنگین پہ زلفین بکہر کر کہتی ہین سب
واہ کیا صحن گلستان مین گھٹا گھنگھور ہے

لوگ حسد سے غیر موذی کا جنازہ لیچلے
ہم یہ سمجھے مار خوردہ پر ہجوم مور ہے

دل چرائی کوئی اوس دزد حنا پر ہو گمان
کیون نہو بدنام عالم مین یہ نامی چور ہے

چشم تر مین پہر گئی کتنا ہی تصور یار کا
چاہیے مشق شنا پانی کا اسجا زور ہے

نطق شیرین کیا نہ شاعر کو کرے گا نامور
کسقدر پہونسی شوری کا جہان مین شور ہے

بے ہنرو نکی قدر نیکون کی کہان آفاق مین
پاسبان بیکار ہے جبتک مقید چور ہے

اوڑتے ہین ہوش اونکی گاتی پر جہان سی ہوا
رشتۂ آوارہ تار سا یہ بہی ڈور ہے

دوڑتی پہرتے ہے پر اس سی نکل سکتی نہین
آسمان ہی طاس اسمین عقل انسان مور ہے

حل مشکل کی لئے کوئی سہارا چاہیے
مرد الکن کو سخن تکیہ عصائی کور ہے

آج اوٹھے کل اوٹھے اس دار فانی سی اسیر
بیٹھی ہین تکیہ مین ہم بستر کنار گور کے

کب آتی ہیں وہ جھوٹ یہہ آنیکی خبر ہے
ناداں ہیں نہیں مجھکو زمانیکی خبر ہے

بالیں سے مری اوٹھ گئی ڈرکر جو اجل
شاید ملک الموت کی آنیکی خبر ہے

کچھ منہ سی نہ کہئی جو مجھے قتل کیا ہے
اغیار نہ سن لیں یہہ چھپانیکی خبر ہے

بیہوش کیا ہے خبر یار نے ایسا
اپنی نہ خبر ہے نہ زمانیکی خبر ہے

کیوں مجھ سے کہا اوسنے تری خط کو جلایا
قاصد یہہ مری دلکی جلانیکی خبر ہے

بیہوش میں آیا تھا گیا پھر سی بیہوش
آنیکی خبر مجھکو نہ جانیکی خبر ہے

محروم تماشا ہوں نہیں باور نہیں آتا
محشر میں جو دیدار دکھانیکی خبر ہے

پہنا وہ خوشی سے جو میسر ہوا جامہ
ہمکو نہ خوشی کی نہ پرانیکی خبر ہے

اک پیر سحر سے پس دیوار لگی ہے
دروازے تلک کیا ترے آنیکی خبر ہے

بولا جو سنا اوسنے لحد میں مرا گرتا
ہاں جھوٹ نہیں ہے یہہ ٹھکانیکی خبر ہے

مرنیسے مرے اونکو ہوئی زیب فراموش
آئینہ سی اب کام نہ شانیکی خبر ہے

کہتے ہیں یہہ سب ہی او نہیں منظور جلانا
روشن ہے کہ یہہ آگ لگانیکی خبر ہے

رجعت تو ضروری ہے اسیر اس میں نہیں شک
کعبہ میں یہ قرآن اوٹھانیکی خبر ہے

موت کا ڈر ہی جو ہردم جان کسکی تن میں ہے
سر گریباں میں نہیں ہے تیغکی دامن میں ہے

کچھ نہ تھا میں ضعف سی تربت میں کیوں ہی تنگ
پوچھ لینا تھا یہہ پہلے کوی اس مدفن میں ہے

حبس سی کہتا ہوں کہانی اپنی رو رو کے ہی
شکر ہے تاثیر یا تو نہیں اثر شیون میں ہے

عالم پیری میں ہی صحبت جوانوں سی نصیب
سبزہ بیگانہ ہوں پر جا مری گلشن میں ہے

آرزو ہے تیغ رکھتا ہوں نہ قاتلکی ہوس
تیغ کی دوری کا عالم ہر رگ گردن میں ہے

بنا ای کوہ کن اوس شہ کر لہجہ سی کوہ کا رستہ
کہ شیرین کہا کی ٹھوکر راہ مین ہر بار گرتی ہے

نگاہ یاس میری دل ہلا دیتی ہی قاتل کا
لرز جاتی ہین بازو ہاتھہ سی تلوار گرتی ہے

چمن مین نالہ موزون نکر ای دل سمجھہ اتنا
نگاہ باغبان سی بلبل گلزار گرتی ہے

جو محفل مین کدو کی کرتا ہی ذکر اوس تیغ ابرو کا
تو شمع آسا زبان کٹ کر دم گفتار گرتی ہے

زیان اچھا ہی نقصان گل ترو دیکہ عاقل کی
ٹہر سکتی ہی کوئی سقف اگر دیوار گرتی ہے

خدا جانی نظر کسکی لگی اس طاقت دل کو
تنزل ہر گھڑی ہی روز یہ سرکار گرتی ہے

اسیر اس خانۂ تن کا بہروسا کیا ہی پیری مین
عمارت جو پرانی ہوتی ہی نا چار گرتی ہے

مجکو اونکی اونکو میری چاہ ہے
ہے مثل سچ دلسی دل کو راہ ہے

سرد مہری عمر کو کرتی ہے کم
دیکھہ لو سرما کا دن کوتاہ ہے

ہے چھری اوس طفل کی گویا زبان
مرغ بسمل مرغ بسم اللہ ہے

منہ سی جو نکلا وہے کرتا ہمای
قول اپنا حکم نادر شاہ ہے

بڑہ گیا مجنون سی بہی میرا جنون
عشق کی سرکار عالیجاہ ہے

کھینچ لیجے ای ترک تیغ آبدار
پیاس مین دریا کی ہمکو چاہ ہے

استقدر تمکو جو نفرت ہو تو ہو
اسے بتو بندے کا بہی اللہ ہے

وصف تیرا عمر بہر کیجے تو کیا
طول اتنا ہے شب کوتاہ ہے

دیر گذرے گھر سے باہر آئے
در پہ حاضر بندہ درگاہ ہے

نیک و بد مین فرق ای واعظ نکر
آب کوثر ہی سبیل اللہ ہے

سنتے ہین ہم بہی کہ ہی اوس کا دہن
سچ ہے کیا جانے کہ یہ افواہ ہے

رکھے قدم شرع رسول اللہ پر | باغ جنت کی یہ سیڑھی الٰہی ہے

ہون مین اوسکا جس کی باعث ہی اسیر
رونق شرع رسول اللہ ہے

کاکل جو اوسکی چاند سی رخ سی سرک گئی
شب چاندنی سی ساری ستارون سی چھٹک گئی

ساقی تمام بزم یکایک بہک گئی
بوتل لنڈہی کہ چھیڑ کی شیشی لنڈہک گئی

کشتی ہماری موج کنار کتی ہی خاصۃ
مٹ جاتی گی اگر یہ سیاحت ٹھٹک گئی

دار القضا کی سامنی کھنچنی لگی شراب
قاضی سی میفروش کی پگڑی اٹک گئی

آنسو گرے مژہ سی تو بادل برس پڑا
اوٹھا جگر مین درد تو بجلی چمک گئی

قاتل نی جلد جلد کئی ایسے سر قلم
روحونکو قبض کرنیکی موت تھک گئی

میرے دل گرفتہ پہ کیا کیا لڑے حسین
پہولون مین ایک غنچہ کی بابت چٹک گئی

تشبیہ دی جو مین نی لب لعل یار سے
یاقوت آبدار کی رتّی حجاب گئی

صیاد خود فروش نی گلشن مین نار سے
بھڑکی لگائی ایسی کہ بلبل پھڑک گئی

شام فراق لیگئی تھی جنس جان قضا
دیکھا جو صبح کو تو مرے سر پٹک گئی

جام آگیا نظر جو ترے چشم مست کا
زاہد کی مثل مست طبیعت بہک گئی

دو گام اگر مین وحشی آتش قدم چلا
کوسون زمین وادی وحشت کی پک گئی

پوشیدہ ظلم اہل ستم نی کئی تو کیا
دل دکھ گیا کوئی تو خبر عرش تک گئی

مین کیا نہ میری گھر سی اوٹھا سلطنت کا بوجھ
دیوار زیر ظل ہما سے سسک گئی

دولت ہوئی نصیب جو آئی وہ قتل کو
چمکی جو سر پہ تیغ تو قسمت چمک گئی

پایا نہ کچھ بھی مثل جرس دادرس اسیر

فریاد کرتے کرتے زبان اپنی تھک گئی

جب تلک ذرہ چلی صورت جم جام چلے
چال وہ چل کہ زمانے میں ترا نام چلے

دور میدان قیامت نظر آتا ہے بہت
اے فلک تیز ذرا ابلق ایام سے چلے

ہو نہ آزردہ جو مجھ مست سی شیشی ٹوٹی
ساقیا شیشۂ گردون کا بھی کچھ کام چلے

منزل دہر میں ہم گرم سفر بیٹھے ہیں
کوچ میں دیر نہیں صبح چلے شام چلے

دور آخر تو نہ ہم عیش سی محروم رہیں
ساقیا ہم سے چلے جام چلے جام چلے

مر گئے شیب میں غفلت میں کٹا عہد شباب
شب کو سویا کئے ہم صبح کی ہنگام چلے

دار فانی میں ذرا ہم ٹھہرتے لیکن
کر چکے خوب جو چلنے کا سر انجام چلے

تو جوانی میں ادن آنکھوں کا ہی عالم کچھ اور
کیون نہو قدر کہ تازہ ہیں یہ بادام چلے

ہاتھ پہ ہاتھ دھری بیٹھی ہیں مدت سے تمام
ایسے موسم گل آئی تو کچھ کام چلے

ہو جو اوس ماہ کو منظور سواری کا جلوس
آگے آگے ابھی نیزہ لیے بہرام چلے

جس طرف خانۂ صیاد سی میں قصد کرون
ہے یقین سایہ صفت ساتھ مری دام چلے

بلبل و فاختہ لینے کو چمن میں آئیں
سیر گلگشت جو وہ سرو گل اندام چلے

تیری کوچے کو جو عشاق چلی سب نے کہا
طرف کعبہ یہ مومن سے پئے احرام چلے

تازہ بلبل کو ہی کیا صحن چمن میں آیا
دام کش دوش پہ رکھ رکھ کی جو گلفام چلے

دل میں ہی اوس رخ و گیسو کا تصور یکسر
ساتھ ہم لیکے جہاں سی سحر و شام چلے

سید قربان ہی نہ بیٹھ پہ چلتی ہی چھری
میری گردن پہ بھی قاتل تری صمصام چلے

صبح کو خواب سی جب آنکھ کھلی اپنی اسیر
طرف کوچۂ محبوب دلارام چلے

ہے چمک پر ہر گھڑی لیکن نظر آتا نہین
جلوہ اوس کا کیا کسی عاشق کی آنکھ کا گرد ہے

عشق چار ابروی جانانہ مین ہی مرنا عین زیست
یہہ وہ چوپڑ ہے کہ جس مین مرگی نرد گرد ہے

باغبان تجھکو بہی ہی پرویز کی دولت نصیب
موسم گل مین زر گل گنج باد آورد ہے

وسعت ہمت جو رکہتا ہی بہادر ہی وہی
جس کسی کے ہاتھ یہ میدان رہی وہ مرد ہے

ذکر جنت سنکی واعظ سی مجھی ہوتا ہی داغ
خوگر غم اسقدر یہہ جان غم پرورد ہے

کیا ہماری خاک پہنچے تجھہ تلک اے شہسوار
تیز رو ہی اسقدر توسن کہ صرصر گرد ہے

مجرمو غالب ہی کتنی اوسکی رحمت قہر پہ
ایک اشک گرم مین سارا جہنم سرد ہے

ایک صورت پر ندیکہی نعمت خوان فلک
مہربان گرم ہی عتاب ان کا سرد ہے

کیا حقیقت غیر کی ہی منہ مری چڑہتا ہی کیا
بیجگر ہے بزدلہ ہی ہیجڑا ہی نامرد ہے

مرگئی پر بہی رہی آوارگی باقی اسیر
خاک اپنی گرد باد آسا بیابان گرد ہے

در پر جو ترے لحد بنی ہے
بے شمع و چراغ روشنی ہے

اللہ رے ہجر کے درازی
دن دونی مین رات ہو گئی ہے

پڑ رہے کسی شجر کے نیچے
کیا چھاؤن دلا گھنی ہے

زندہ تو فراق مین ہون لیکن
چھائی ہوئی منہ پہ مردنی ہے

لا جلد شراب صاف ساقی
کیا صاف چمن مین چاندنی ہے

سائل ہو فلک سی کوئی کیا خاک
ممسک ہے بخیل ہے دنی ہے

فرقت مین جو وصل ہو عجب کیا
بگڑی ہوئی بیشتر بنی ہے

محفل ہے جہان چراغ ہو تم
ساری یہہ تمہاری روشنی ہے

پھر دیر سے بتون کی مجکو پیام پہونچے
کعبی کے رہنی والو تمکو سلام پہونچے

اتنی تو پھر کی لاسے پھر خدا سبو مین
سب میکشو نکو ساقی اک ایک جام پہونچے

وہ مرغ خوش نوا ہون آیا جو مین چمن مین
صیّاد ہر طرف سی [illegible] دام پہونچے

نزدیک رہ گئی ہی ہمسی عدم کی منزل
ہر سو ن چلی ہین [illegible] شام پہونچے

ہمسایون مین کسی سی راہ اونکو ہی سفر ر
پایا جو وقت فرصت [illegible] پیام پہونچے

کس کا لہو بہاکر آئے ہین وہ اتہی
ہین سرخ آستینین [illegible] تمام پہونچے

بزم جہان مین ایسی قسمت تھی ہی اپنی
ممکن نہین کہ ہم تک لبریز جام پہونچے

رزاق ہی وہ سب کا دیتا ہی سکو روزی
کیونکر نہ رزق سب کو تا وقت شام پہونچے

یہ پیاس کی ہی شدت جی ڈوبتا ہی میرا
یارب کہین گلی تک آب [illegible] پہونچے

محفل مین اوسکے جانا ٹہری اگر ہمارا
نوبت کلام کی بہی پہر لا کلام پہونچے

مقبول ہین خدا کی ساری رسل پیمبر
اونکو درود پہونچی ہمکو سلام پہونچے

اپنی نصیب مین ہی اس دور مین کہان مے
ساقی کا ہاتھ کانپی ہم تک جو جام پہونچے

ارباب حق کے آگی سدّ زبان ہے لازم
تسبیح خوان [illegible] جب تا امام پہونچے

دہشت اسیر کیسی رحمت ہوئی خدا کی
پہونچی قضا جو اپنی بارہ امام پہونچے

ساتھ ابرو کے رخ پہ خال بہی ہے
ماہ بہی نجم بہی ہلال بہی ہے

ضعف بہی رنج بہی ملال بہی ہے
کچھ نہ پوچھو کہ مجھ مین حال بہی ہے

آپ ہین لطف و قہر کی مختار
لب ہلاؤن مری مجال بہی ہے

ہون تو مجرم مگر نہین مجہی پاس
جرم کے ساتھ انفعال بہی ہے

رنگ اوڑا یا ہے کیا مرا تیرا
سیب جو زرد ہی سے لال بہی ہے

جوشش ہی جو ظاہر ہین میری مرضی ہی
سچ کہو دل مین کچہہ ملال بہی ہے

ساتہ بابت سے کے چلا جو وہ شوخ
مین یہ سمجہا کہ اسمین چال بہی ہے

خواب کا قصد ساتہ غیرون کے
کچہ کسی کا تمہین خیال بہی ہے

میری طالب ہین سب جو شکل ہلال
نقص کے ساتہ کچہ کمال بہی ہے

دیکہہ لے آسمان یہ حال قمر
کاملون کی لیے زوال بہی ہے

مر ہی جاؤنگا دیکہ کر اوسکو
اکیدن وصل بہی وصال بہی ہے

ترک مطلب کی کر خدا سے دعا
اس سی بہتر کوئی سوال بہی ہے

دو بلاؤن مین پہنس گیا ہی یہ دل
عشق خط بہی ہی عشق خال بہی ہے

چپ ہو سنکر جو میرے مرنیکو
کیا کوئے اور احتمال بہی ہے

کر دیا وصف چشم نے یہ شوخ
کہ غزل بہی ہی یہ غزال بہی ہے

ا
یہ جو تمنی غزل کہی ہے اسیر
عاشقانہ بہی حسب حال بہی ہے

ہر کو چہین اوسکی جستجو کی
چہوٹی نہ گلی رگ گلو کی

باقی نہین دل مین کوئی حسرت
حسرت ہی تو ترک آرزو کی

منصور پکار اوٹہا انا الحق
تہا مست بہک کی گفتگو کی

گلشن مین نقاب تم بہی اولٹو
گل لینی لگی ہین رنگ و بو کی

زاہد تری زہد خشک سی بہی
شکل ایک تیمم و وضو کی

دامن سے جو تمنی اشک پونچہے
مجہ خاک نشین کی آبرو کی

ای تیغ جفا کے کھنچنے تا
سوگند تجھے مری لہو کی

بند آنکھ ہوئی نہ ہجر کی شب
حالت رہی چاک بی رفو کی

خاکہ وہ تیغ سے شناسا
گردن نا گردن گلو گلو کی

دیکھی شب ہجر جب کہ کوکب
سمجھی کہ یہ فوج ہی عدو کی

ٹھکرا کے نہ چل ہزار عاشق
او سارنگ رادہ بدسلو کی

پہنا جو کفن سفید سمجھے
پی صبح سے شام آرزو کا

اول تو رہی تلاش دنیا
آخر کو اجل کی جستجو کی

عبرت سے کہا یہ بجا تربت
سرحد ہی یہ ملک آرزو کی

ہی زخم دہن اسیر اپنا
جو اوس سے ہے دہار سے لہو کی

تصور میں جو رو ہی لا کون ہے
گریبان نظر گرداب خون ہے

پری ویوں سی فکر وصل ای دل
غضب سودا قیامت کا جنون ہے

کرین زیر فلک کیا خاک آرام
کہ مسکین زیر سقف بی ستون ہے

دم تحریر غم نالان سے ہے ہر کلک
قلمدان بھی ہمارا ارغنون ہے

کیا ہی ضعف نے ایسا بے حس
کہ جنبش بھی مری عین سکون ہے

مری آگی بیان عشق ای قیس
تجھی سودای وحشت ہی جنون ہے

فلک ہی یا کوئی شیشہ ہی ساقی
شفق ہی یا شراب لعل گون ہے

تلف جیسی ہوئی فرہاد کی جان
سر تیشہ خجالت سے نگون ہے

اسیر اسکو نہین میرا جو ماتم

لباس آسمان کیون نیلگون ہے

کسی دن طور پر وہ گل جو پھر سیر آ نکلے
شجر سی آتش منی انت دقتی کی صدا نکلے

ہوئی ہی یہ تپید کو مدت کہ نقش تخیر کر لی ہے
رہا ہو جلد یہ قیدی مری گھر سی بلا نکلے

جوانی ہی اگر تو قی تو یہ ہی ای خدا اس سے
شباب اتنا ٹھہر جائے کہ دل کا حوصلا نکلے

خیال ضبط ایسا ہی جو پتھر سی کوئی توڑے
نہین ممکن کہ اپنی شیشہ دل سی صدا نکلے

تصور ہے جو مرقد پر ہی اوس کندن سی پیکر کا
کھلین تختی جو اپنی قبر کی کان طلا نکلے

مثالی ہی تجھی ہی ظلمت شب تار جلوہ گر کی
سہا چمکی تو کیا چمکی قمر نکلی تو کیا نکلے

عبث رکھتا ہے زاہد ہم پہ تہمت بت پرستی کی
چلی تھی جانب مسجد سوی بتخانہ آ نکلے

بلایا ہے ہمین خط لکھ کی اوس خورشید طلعت نے
روانہ ہون تم عقرب جلدی ای خدا نکلے

یہان تک خلاف ہی اوسکی صحف رخ مین
جو دیکھی فال ہی عاشق خلاف مدعا نکلے

غبار راہ تاثیر مسیحائی سی سرمہ ہے
ہمین تب قافلی مین خاک آواز درا نکلے

ترش ہو ہو کی کیا کیا گفتگو ہی تلخ کرتی ہو
کہون مین بھی اگر ایسا تو کہیی کیا مزا نکلے

یقین ہی آدمیت کا نشان گر نہ زائل ہو
یہان سبزہ اپنی خاک سی مردم گیا نکلے

شمیم برگ گل لائی کہین صحن گلستان سے
تمنای دل بلبل قفس مین آ صبا نکلے

وجود اللہ کا ہی خلقت کونین سی ثابت
نتیجہ حسب صغرا و کبری سی جدا نکلے

تپ سارے گری بیمار ہی رہی حکیمون کی
مریض عشق اگر ہو کر سوی دار الشفا نکلے

زمین گور کو ہم ملک بیگانہ سمجھتے ہیں
بہت سی لوگ لیکن اپنی صورت آشنا نکلے

اسیر ایسی کرون طاعت اگر ہو دیر مین جانا
کہین تحسین برہمن بت کی منہ سی مرحبا نکلا

ہجر میں عیش کہاں بادہ لہو جام میں ہے
جام بھی میری طرح گردش ایام میں ہے

مردمک طرفہ تری چشم سیہ فام میں ہے
مشک نافہ عوض مغز اسی بادام میں ہے

صید لاغر تھا پھنسایا مجھے چھوڑ کا صیاد
میں نہیں دام میں گو یاد تو میری دام میں ہے

ورنہ جا بادیہ دی جا کی جو دستک میں تھی
موت بولی کہ تخجر وہ بھی آرام میں ہے

چشم معشوق سے اس بے بصری کو جو ہی
سخت تیغر ہی سو دا اسی بادام میں ہے

رہنے آیا نہیں اس منزل ہستی میں کوئی
جو مسافر ہی وہ چلنے کی سرانجام میں ہے

ایک بھی ہو نہ سکا وصف لب او سکا ہزار چند
عمر گذری کہ زبان اپنی اسی کام میں ہے

پھاندنی یار کی دیوار غنیمت ہی یہ وقت
تیرہ شب خواب میں ہیں پاسبان سگ آرام میں ہے

خوف عصیاں ہی لرزتا ہوں تو کہتے ہیں یہ لوگ
کثرت مے سے یہ رعشہ تری اندام میں ہے

خانہ تن کا بھی معلوم ہی منعم کو ثبات
اسقدر صرف جو تعمیر در و بام میں ہے

دیکھ لی کلک شکستہ کی قلمدان میں جگہ
توڑ کر پاؤں جو بیٹھا ہی وہ آرام میں ہے

کیا ہوا سرخ جو ہیں تیرہ دلوں کی چہرے
شام تاریک ہی سرخی شفق شام میں ہے

تنگ آ ہوا از نہایت تو بنا موی کمر
عشق کہتے ہیں جسے حسن وہ انجام میں ہے

میری قسمت کی جو دانی تھی نے لی ای صیاد
چاک غربال کی مانند تہی دام میں ہے

سیر عالم کی اگر جام میں جم کرتا تھا
ساقیا سیر دو عالم کی مری جام میں ہے

نخوت حسن ہی بیفائدہ سوچو تو ذرا
اک حسین اور بھی آئینہ حجام میں ہے

جو مشرف ہوا دوری کی زیارت سے اسیر
سر برآوردہ وہی حلقہ اسلام میں ہے

کیا کہیں ہم عدم سے کیا لائے
اک دل و درد آشنا لائے

تنگدستی میں بہل گیا دل زار
اب جو سرمہ میں ہاتہ پیسہ [illegible] لائے

مہندی قاتل کی ہاتہ تک پہونچی
دیکہیں اب رنگ کیا لائے

مرگئی ہم تو بولی قبر سی سوت
تیری روٹہے کو ہم منا لائے

دی کی دل اوسکو نقد بوسہ لیا
کچہہ بگاڑا تو کچہہ بنا لائے

درد دل جب سنا بگڑ کی کہا
لو نئی داستان بنا لائے

نہوی سبزہ زار خاک لحد
خضر تشریف بارہا لائے

ضعف سی ہم ہین شکل نادید
کون خاطر مین ہمکو کیا لائے

نہ ہنسا لوگ تیری محزون کو
زعفران زار بہی دکہا لائے

روبرو اوس حسین کی ہم لب تک
ڈرتی ڈرتی خدا خدا لائے

خط نی اوسکی دکہائی شام فراق
مو پریشان نصیب کو لگا لائے

ہو گرسنہ اگر سگ لیلی
استخوان قیس کی ہما لائے

قاصدون کو جواب جب نہ ملا
پرزے مکتوب کی اوٹہا لائے

دل بہتیرا اسیر برز مین
سرو قدی بلند بالا لائے

عشق گیسو وجہ چاک سینہ ہے
حال شانے کا ہمین آئینہ ہے

ہم بہی اوس پیر مغانکی ہین مرید
خضر جسکا خادم دیرینہ ہے

دی کی مے تہوڑی بہت ساقی ہوا شب
آج ای ساقی شب آدینہ ہے

وصف قاتل مین ہی تیرے شمشیر تیز
شاہنامہ دفتر پارینہ ہے

بال سر کی ٹیڑہکی کملی ہوگئی
تیری وحشی کو بہی پشمینہ ہے

ای جرس مغز پریشان ہی تری [illegible] کا	خوب ہو تجھسے اگر ہرزہ درائی چھوٹے

عمر بھر کیون نہ ملون ہین کف افسوس اسیر
ہاتھ سے میری جو دست حنائی چھوٹے

رنگ شمع حسن سی ٹپکتا ہی خوشی ہی تو یہ ہے	خون فشان زخم کہ پھوٹ ہون ہنسی ہی تو یہ ہے
مہر بھی رکھتی ہین الفت بھی وفا بھی عاشق	صبر کا نام نہین انمین کمی ہی تو یہ ہے
نشۂ می کا ہی انجام خمار ای ساتھ	سب طرح کا ہے مزا بے مزگی ہی تو یہ ہے
رونق جادہ ہی پرزون سی مری دامن کے	وحشت مین [illegible] والونکی گلی ہی تو یہ ہے
سیکڑون حادثۂ مردہ جلا دیتا ہی	لب جانان مین مسیحا نفسی ہی تو یہ ہے
تیغ جلاد گلی ہمسے ملے گی آکر	عید اضحی کی ہمینکو خوشی ہی تو یہ ہے
بادۂ صاف تو سبکو ہین دُرد تہ جام	کرم پیر خرابات کبھی ہی تو یہ ہے
ساتھ ہی آئین سگے بالین پہ امید دم نزع	ملک الموت کی آنی کی خوشی ہی تو یہ ہے
چلتی چلتی سر قرطاس ٹھہر جاتا ہے	حسن سب اسپ قلم مین ہی بدی بھی تو یہ ہے
فقر استے ہی یہ سیدھا امرا سی ٹیڑھا	راستی ہی تو یہ ہی دل کی کجی ہی تو یہ ہے

عاشق احمد مختار مرا دل ہی اسیر
اس زمانی مین اویس قرنی ہی تو یہ ہے

لیجیے دل اگر ارادہ ہے	کیا کوئی آپ سی زیادہ ہے
منہ نہ شیشے کا بند کر ساقی	در توبہ ابھی کشادہ ہے
رند زاہد کی کیون کرین تعظیم	کیا کوئی پادشاہ زادہ ہے
کوئی پھرتا ہی جا کی عہد شباب	یہ بھی معدوم کا اعادہ ہے

ابھی کم سن ہے خط نہین نکلا / ورق روی یار سادہ ہے

ہون سوار جنازہ ہوکی خجل / کہ ہر اک آشنا پیادہ ہے

کون پیاسا ہی واجب التعظیم / آب شمشیر ایستادہ ہے

جسکو کہتے ہین لوگ موی کمر / صاف تار عدم کا جادہ ہے

لاغری سے ہی ابتو یہ عالم / کہ مرا رخت تن لبادہ ہے

زور وحشت سی مری قبضہ مین / قوس گردون تلک کبادہ ہے

کچہ نہین فرق سب ائمہ مین / ایک بارہ کا خانوادہ ہے

کون گلرو ہے وار میدان / معرکہ باغ سے زیادہ ہے

کل اسوار ہے ہر ایک سوا / ہر پیادہ گل پیادہ ہے

فی الحقیقت تری سخن مین امیر / ایک عالم کو استفادہ ہے

باغ مین آکر جو شبنم رو گئی / بلبلونکی حق مین کانٹے بو گئی

کس کا شکوہ کیجیے کسکا گلا / تھی مقدر مین جو ہونی ہو گئی

ہجر کی شب منتظر ہون دیر سے / موت یارب مر گئی یا سو گئی

نشۂ زر مین یہ منعم کو ملا / عقل سی بیدار دولت سو گئی

مرحبا اشک ندامت مرحبا / خط عصیان کی سیاہی دھو گئی

وصل کی شب بھی نہ نکلا کام دل / جاگ اٹھی وہ میری قسمت سو گئی

ہین پیام مرگ یہ موی سفید / جاگ غافل صبح پیدا ہو گئی

بی ثباتی اس چمن کی دیکھکر / بھر رہی تھی خوب شبنم رو گئی

نفرت ہو گئی ہی ایسی مجھی تجھسی ای فلک
نفرین کرون اوسی جو کہی آفرین تجھے

تیری قدم کہان مرا اوج امکان کہان
اب تو بحال جذب کا آیا یقین مجھے

بزم خیال اہل نیون مین ہی تو پری
کہتی ہین طالبان جہان حور عین تجھے

شیرین ہی تو یہ فرہاد کا ہی زعم
سمجہا ہی قیس لیلی محمل نشین تجھے

حق تو یہ ہی کہ کرتی ہین سب دعوی دروغ
میری سوا کسی نی بھی دیکھا نہین تجھے

تم جیسی ہی سخن پہ بھروسی کو اندیون
دم بھر اسیر فکر کی فرصت نہین مجھے

جان پہ سہی تم کو اگر جانا ہے
اپنی قسمت ہی مین مرجانا ہے

آشنائی پہ تری بیٹھے ہین
اودھر آنا نہ ادھر جانا ہے

چاہیے شکر جو گذری گذری
آخر اک روز گذر جانا ہے

اس سرا مین ہی مقام اک شب کا
شام آنا ہی سحر جانا ہے

ہم تو ہی بخت کہان عیش کہان
دن فقط زیست کی بھر جانا ہے

گھر سے نکلے ہین سر راہ مگر
نہین ثابت کہ کدھر جانا ہے

خط لکھی یار تو دولت ملجای
ہنڈوی کا یہ سکھر جانا ہے

عشق ابرو نہ کرین چشم کبھو
تیغ کی کہاٹ اوتر جانا ہے

کوچہ اوس ترک کلاہی جاوہ
پانون رکھنا نہین سر جانا ہے

کبھو چہڑی سی نہ وہ کی رستہ
زلف کو تا بکمر جانا ہے

دم رفتار دم سرد بھرین
ٹھنڈی ٹھنڈی ہی جنہین کہہ جانا ہے

ہجر مین جسم ہی بیجا ای جان
اپنا جینا نہین مرجانا ہے

شام سے کیا ہمین نیند آئی اسیر
کہ سفیدہ پچھلا پہر جاتا ہے

گلی مین یار کی بدلی ادھر بہاری ہی پہولونکی
یہان ہی تیسرا دن وطباری ہی پہولونکی

تمہاری خوشنویسی یا گلستان کا تماشا ہی
جو وصلی ہی خط گلزار کی کیاری ہی پہولونکی

حسین جا پوشش تہی صد شگوفہ باتین کہین ہنس کہولے
نمائش ہو چکی غنچونکی اب باری ہی پہولونکی

تونگر جا رہن کچھ پہول لین نئی اصل دولت پر
جہان مین یا لداری انکی زرداری ہے پہولونکی

خدا حافظ ہی طفل باغبان کا ہکو کہمکا ہے
کہ وہ نازک بہت اور بوکہی ری ہی پہولونکی

کہی کتنی فلک نی طاق میخانونکی بیرونق
نہ مینا کاری مینا نہ گلکاری ہے پہولونکی

حبادی بادۂ گلرنگ کا ہی تنگ ای ساقی
چمن مین بھینی بھینی کیسی بو پیاری ہے پہولونکی

حسین کہنی لگی جیسے سر بازار گلباری
بنا ئی گلفروشونکی خریداری ہی پہولونکی

فراق یار مین گل اسقدر اعضا پہ کہائی ہین
کہ اپنی قصر تن مین چار دیواری ہے پہولونکی

بہار حسن آئی تیری مشتاقونکی حصہ مین
مبارک باغبانونکو پرستاری ہی پہولونکی

یہ سنی خاک کو یا ہی خابستہ سی وندا ہے
کہ چادر میری تربت پر بہت بھاری ہے پہولونکی

اسیر اون عارضونکی یاد مین ہی چشم تر گریان
بہا غم ہی نہر فیض تک جاری ہی پہولونکی

نہ چھیڑا ای صور محشر شور کرکے
ابھی سوئی ہین جاگی رات بھرکے

ہٹھا یہ شوقی خدا تختہ پہ کرکے
چلے ہم پیچھے پیچھے نامہ بر کے

غضب ہی نیم جان قاتل نی چھوڑا
ادھر کی ہین نہ اب بسمل ادھر کے

ہوا آنکھون مین قحط اشک شاید
کہ اب آنے لگے ٹکڑے جگر کے

پردہ اوس روی صاف سے اوٹھا
یا کوئی تیغ بے نیام ہوئی

قتل کو میری ہجر جانان مین
فوج انجم سیاہ شام ہوئی

کون مجتمع سے اوٹھہ گیا یارب
بزم تسبیح بے امام ہوئی

کون ہین ہم کہان سے آئی ہین
عمر اسے سوچ مین تمام ہوئی

ایسی گھڑیالیون نی شور کی
نیند وصلت کی شب حرام ہوئی

دست پر نور سے یہ پایا نور
صبح روشن چھڑی کی شام ہوئی

اور بہی دود آہ سے میری
زلف اوسکی سیاہ فام ہوئی

تیغ ابرو کا سنکی وصف کہا
تمکو بہی جرات کلام ہوئی

کسکی عارض کا بندہ گیا مضمون
اور رنگینی کلام ہوئی

دیکھہ کر تیری انکہ کی گردش
بادہ خوار ونکو قدر جام ہوئی

تہی تواضع کی جو مجھے عادت
فوت کب وہ تہ حسام ہوئی

اوٹھہ گیا ہاتہ خود بخود جو مرا
یہ ہی اک صورت سلام ہوئی

ہون وہ میکش کہلی جو صبح کو آنکھہ
مجکو ساقی تلاش جام ہوئی

تہی جو زاہد کی جانماز اسیر
سنتی ہین وہ بہی رہن جام ہوئی

مقدر استراحت کا مکان دیتا تو ہم لیتے
زمین کوی جانان آسمان دیتا تو ہم لیتے

بہت مرغوب دل ہی قمری و بلبل کی گویائی
خدا ان بیزبانو نکی زبان دیتا تو ہم لیتے

عتاب و لطف دونو ایک ہین رنگین اداونکی
عوض پہولون کی کانٹی باغبان دیتا تو ہم لیتے

برنگ آئینہ اس بزم میں قانع ہی دل اپنا
مقدر آبروسی آب و نان دیتا تو ہم لیتے

نیش غم سے کہاں نجات اسیر
کہ عقارب ہین اقربا میرے

یہ ربط ہمکو کسی شوخ دلپسند سے ہے
کہ بند بند کو پیوند بند بند سے ہے

تمہارے خال نے چمکا دیا ہے عارض کو
فروغ آگ کی اس دانۂ سپند سے ہے

نکل کے تن سے کہاں جائیگا یہ طائر روح
رگون کا جال زیادہ [illegible] کمند سے ہے

کہین مریگا وہ ہوگا شہید راہ خدا
جسے کہ عشق تمہارے [illegible] سمند سے ہے

ہوئی یہ بھی ہے یہ اوس شہسوار سے الفت
غبار راہ مین ٹھیرا ہوا سمند سے ہے

ہماری آہ سے بس ایک تم نہین ڈرتے
وگرنہ سب کو خطر آتش [illegible] سے ہے

چھری جو یار کی ہر وقت تیز رہتی ہے
کہان کی ہمکو عداوت [illegible] سے ہے

کیا ہے عشق نے کس شہسوار کی وحشی
کہ طوق آہن نعل سم سمند سے ہے

بندھے ہوئے ہین ہزارون طیور دل اسکے
زیادہ جال ہے گیسو [illegible] سے ہے

جواب کہتے ہین کستے ہین دخل کیا ہمکو
رضا سے کام غرض آپکی پسند سے ہے

رجوع عشق ہے دل کی طرف خدا حافظ
اسیر صحبت قصاب گوسپند سے ہے

ہجر مین حالت بسمل کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسے اب ہے طپش دل کبھی ایسی تو نہ تھی

آدمی کیا کہ قدم تھکتے ہین سیارون کے
دوری آستانہ کی منزل کبھی ایسی تو نہ تھی

صاف بے پردہ ہے قاتل نظر آتا نہین کچھ
حیرت دیدۂ بسمل کبھی ایسی تو نہ تھی

عکس پڑتا ہے تو سرسبز سے ہوتی ہین قلم
تیزی خنجر قاتل کبھی ایسی تو نہ تھی

پردۂ گوش جلے جاتی ہین پھولونکی صبا
گرم آواز عنادل کبھی ایسی تو نہ تھی

واہ کیا خوب جو اسنے نہین نکالا جوبن آپکی شکل و شمائل کبھی ایسی تو نتھی

قیس آوارہ بگولی کیطرح پہرتا ہی خواہش لیلی و محمل کبھی ایسی تو نتھی

شکر صد شکر کہ اب پاس ہین ہم دور رقیب وہان تمیز حق و باطل کبھی ایسی تو نتھی

شاید اوس قاتل خونریز کا کوچہ ہی یہی راہ چلنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نتھی

آشنا جمع ہین آیا ہی نہانی کو یہ کون بہیڑ آگی لب ساحل کبھی ایسی تو نتھی

اب یہ کیا ہی کہ ہی محروم تماشا مری آنکھہ آرسی بیچ مین حائل کبھی ایسی تو نتھی

بہکی آئی ہی ادہر کا کل لیلی شاید پای مجنون مین سلاسل کبھی ایسی تو نتھی

شمع شاید کہ تری آتش عارض سی جلی پیش ازین گرمی محفل کبھی ایسی تو نتھی

چاک بنکر ادسی اب اور دیا چرخ نی چرخ گردش کاسہ سائل کبھی ایسی تو نتھی

یہ زمین سہل ہی کیون ٹھوکرین کہاتی ہو اسیر
شاعری آپکو مشکل کبھی ایسی تو نتھی

شب راہ وصال بُت بی پیر نسوجھی چہایا یہ اندھیرا کوئی تدبیر نسوجھی

نظارہ قاتل سے نے کیا محو یہ ہمکو گردن پہ چمکتی ہوئی شمشیر نسوجھی

دہوکی مین مری پانونکو چہدا دی کانٹا زندان مین یہ ظلمت تہی کہ زنجیر نسوجھی

اسدرجہ کہچا ضعف کہ ارباب نظر کو دیکہا جو مرقع مری تصویر نسوجھی

زاہد کو رہا صفت می ناب سی انکار خفاش کو خورشید کی تنویر نسوجھی

تربت مین کیا عذر تو بولی یہ فرشتی اب دور کی سوجھی ہم تقصیر نسوجھی

تہا قصد کہ اوس سے یہ کہین گی یہ کہین گی دیکہا جو وہ چہرہ کوئی تقریر نسوجھی

جاتا تہا کہین اور بہٹک کر کہین پہونچا نالی کو وہ ہو ئین مین بہ تا تیر نسوجھی

چاہا تو بہت پر نہوا وصل میسر
تقدیر کے آگے کوئی تدبیر نسوجہی

ایسا دل مضطر کو کیا شوق نے اندوہ
ہر شکن زلف گرہ گیر نسوجہی

خط یار کو لکھا تو نہ لکھنے کی برابر
مطلب کی عبارت وہم تحریر نسوجہی

تہا بسکہ شریعت سی جدا مسئلہ عشق
قاضی کو مری جرم کی تعزیر نسوجہی

قاصد نگہ اوس گل کا مکان باغ ارم تہا
سو بار گیا تو تجہے تعمیر نسوجہی

روشن ہی کہ کہتی کو اسیر اب پہ نہ سمجہا
اوس مصحف رخسار کی تفسیر نسوجہی

جرم عاشق اسیر کا بخشے
آدمی خوب تھا خدا بخشے

کاش اتنا ہی ہو کہ حشر کی دن
اسکا جرم آشنا بخشے

کوئی قاتل نظر نہین آتا
کسکو مقتول خون بہا بخشے

عشق نے دل کو داغ دی ہیکہ
سیکڑون باغ دلکشا بخشے

مرض عشق کا علاج نہین
فائدہ کیا کوئی دوا بخشے

کہہ گئے طول میری بیماری
اب شفا خالق شفا بخشے

غائبانہ کسیکو بد نہ کہو
اتنی نیکی تمہین خدا بخشے

ہجر مین ہو کہین وصال نصیب
یا الہی اثر دعا بخشے

نکہت اوس گل کی لیکی آئی ہے
دل کو فرحت نہ کیون صبا بخشے

یاد لب مین پیون جو خون جگر
شربت قند کا مزا بخشے

ہی سخاوت علی پہ ختم اسیر
گنج لوگون کو بارہا بخشے

ہی بہار شادمانی سی خزان غم ہم
ہمسی پوچھو تیّ سی تہ ہین آگاہ ہم
جو شجر اس باغ مین اگتا ہی ہوتا ہی قلم
باغ عالم مین ہی پھر [illegible]
سیر کی اس گلشن کی [illegible] لیگئی

یون تو کسکی طبع فن شعر مین موزون نہین
شعر صنف چشم و کاکل مین بجز افسون نہین
میری دیوانی کلام [illegible]
مصحف رخسار کی مضمون سی مضمون نہین
سب کی مضمون پر مری مضمون فضیلت لیگئی

کیچھ بیماری فرقت ذرا حالت نہتی
اور زیر خاک بہی کی کوئی صورت نہتی
دست و پا سب تہی یا کاہ جسم [illegible]
ناتوانی سی فشار قبر کی طاقت نہتی
گور مین بہی تیری عاشق کو امانت لیگئی

صاف رکہ دل کو کہ ہو جنت کو اپنی [illegible]
کیا خجل ہونگی جو دیکہین کی تماشا بعد مرگ
رو سیہی بہتر کہ مرقد کی سیاہی [illegible]
کوئی سوسن ہو نہ گل ہو برگ الہی بعد مرگ
وای بر حال انکی جو دل مین کدورت لیگئی

شہر سی تنگ آگئی ہم تو گہر بنایا دشت مین
دیکہکر لالی کی نکہت داغ کہایا دشت مین
چین لیکن تیرہ بختی سی نہ پایا دشت مین
گردش چشم غزالان نی ستایا دشت مین
ساتہ اپنی ہر جگہ ہم اپنی قسمت لیگئی

کون تہا مشفق اسیر ایسا کہ بہیجتا درود
مرگئی پر بہی ہی باقی تو سنگین دل حسود
سورہ الحمد پڑہتا بہیجتا ہمپر درود
دیکہ سکتی تہی کہان گبر و مسلمان کی نمود
کہود کر بت ساز آتش سنگ تربت لیگئی

رباعیات

رباعی

ای اہل عزا چاک گریبان کرو
ہین پنجۂ مژگان پہ در اشک ضرور
احمد بہی شریک بزم مین ہیان کرو
آنکہون سے کہو نذر کا سامان کرو

رباعی

اس بزم کی آداب کا لازم ہی خیال
نالون سے کہو اٹھین برائی تعظیم
ہی آمد خاصگان رب متعال
اشکون سی کہو چلین پئی استقبال

رباعی

افسوس ہین ظلم کی بانی پانی
کہاسہے جو کٹتا تہا گلا خنجر سی
اور پای نہ فاطمہ کا جانی پانی
آواز یہ آتی تہی کہ پانی پانی

رباعی

کس شہ کا یہ ماتم ہی ذرا دہیان کرو
وہ اشک ہین تو وہ شرف ہون حاصل
سرپیٹ کی چاک اپنی گریبان کرو
اللہ کو خوش نبی پہ احسان کرو

رباعی

وہ سینہ ہی کیا جسمین کہ یہ درد نہین
سرشہ نی دیا بیعت غدار نکی
وہ لب نہین جس لب پہ دم سرد نہین
شبیر سا دنیا مین جوانمرد نہین

رباعی

چلتی چلتے رکا جو رہوار امامؑ ہنگام خرام
شہ بولے کہ یہ زمین ہی سخت انجام کیا کہتی ہی نام
کی عرض کسی نی کربلا ہی یہ زمین یا خیر دین

فرمایا کہ بس یہی ہمارا ہی مقام — منزل ہی تمام

رباعی

کرتا ہون جو عشق آفاق کو غمگین ہو کر — پایا ہے ثمر یہ تخم محبت بو کر
اس باغ مین ہی یہ باغبانی میری — ہستی کی درخت سینچتا ہون رو کر

رباعی

ہر سر یہ جو خدا کی فضل کا سایہ ہے — دنیا مین وہی امن کا پیرایہ ہے
کثرت ہی رقیبونکی تو کچھ خوف نہین — کم مین فتنۂ قلیلۃ آیہ ہے

رباعی

ہر چند گرفتار غم و درد ہی دل — لیکن رہ کوشش مین جوانمرد ہی دل
پھرتا ہے زمانی مین یہ ہر چار طرف — مخدوم جہانیان جہان گرد ہی دل

رباعی

واقف نہین دنیا مین کوئی راحت سے — جو دل ہی مکدر ہی غم و محنت سے
کیا زیر فلک گرد کدورت کا گلہ — جز خاک جھڑی خاک تیرا ئی جہت سے

رباعی

نا فہمون کی کیا جمع ہوئی ہی محفل — کرتی ہین بہت علم کا دعوی جاہل
احوال ہی انکی یہ مطابق ہی مثل — لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل

تاریخ وفات مولوی میر قائم علی

سید قائم علی عالم — در جنگ عدو زبان او سیف
بر بست ز دہر رخت ہستی — در شدت ہیضہ بی کم و کیف

مرزا علی حسن که مسیح زمانه بود	بیمار شد چنان که سفر کرد از جهان
آمد ندای غیب بتاریخ فوت او	رفت از جهان جناب مسیحای زمان

سنه ۱۲۷۰ هجری

تاریخ وفات دلیر الدوله مرزا حیدر صاحب بهادر

دلیری که از دولتش بود شهرت	شجاعی که مشهور بهنام حیدر
بتاریخ فوتش ندا کرد هاتف	که جا یافت حیدر بقرب پیمبر

سنه ۱۲۷۰ هجری

دیگر

میرزا حیدر آن امیر کبیر	آسمان بود و در زمین در شد
سال تاریخ فوت گفت اسیر	فوق جنت سمی حیدر شد

سنه ۱۲۷۰ هجری

تاریخ مثنوی میان صغیر

نامه برادر و روز دوست صغیر	نامه چمیده بنام اسیر
صورت الفاظ او نمای همین	معنی او نکهت مشک ختن
بود درفش ... گفته ام	گوهر نایاب سخن سفته ام
نیز در وقت دهشش تاریخ بود	الفت دیرینه ازو رو نمود
گفت دلم مصرع تاریخ سال	واه عجب مثنوی بی مثال

سنه ۱۲۷۶ هجری

تاریخ وفات نواب عاشور علیخان

عاشور علی که بود نواب	خوش صاحب هوش طوطی هند
در باغ جنان ز باغ هستی	شد جلوه فروش طوطی هند
تاریخ وفات گفت هاتف	گردید خموش طوطی هند

۱۲۷

تاریخ طبع تذکره میر محسن علی مسمی به سراپا سخن

نمود جمع چو محسن علی عالی طبع
سخن بوصف سراپای مه خطان مجموع

نوشت مصرع تاریخ سال کلک اسیر
بطبع طبع سراپا سخن بود مطبوع
۱۲۷۷ ہجری

تاریخ دیوان میان خطا بخطا

حبذا دیوان که شعرش تازه کرد
مغز جان چون بوی زلف دلربا

کلک مشکین سال تاریخش نوشت
دور از آهو زاده این مشک خطا

تاریخ وفات زوجه مرزا محمد باقر
۱۲۷۷

زائره از عالم فانی گذشت
شد بجنت از ره خوش نیتی

بهر دو رفردوس اعلی چون رسید
گفت رضوان فادخلی فی جنتی
۱۲۷۷ ہجری

تاریخ تولد طفل نجابت نشان سید علی محمد صاحب خلف مجتهد العصر

قبله و کعبه جناب مجتهد
فرعه دولت بنام شان فتاد

گشت سید پور فرزند خلف
عمر او تا یکصد و سی سال باد

گفت هاتف سال مولود این چنین
آفتاب علم مهر اجتهاد
۱۲۷۷ ہجری

دیگر

شد پور مجتهد العصر جلوه گر
عمرش بسان خضر الٰهی دراز باد

تاریخ گفت بهر ولادت سروش غیب
آمد گل طرب بگلستان اجتهاد
۱۲۷۲ ہجری

تاریخ وفات دختر فقیر

وزیر النساء دخترم آه آه
نمود از جهان سوی جنت سفر

بتاریخ فوتش نمودم چو فکر
بگفتم که ای وای لخت جگر
۱۲۸۱ ہجری

تاریخ وفات زوجه ثانی فقیر

سال تاریخ فوت گفت خرد — پادشاہ جہان کشور فقر
[illegible] ہجری

تاریخ طبع دیوان منقبت

شد طبع شکر بمدح ائمہ دین — مشتاق دوست باشد ہر کس اہل ایمان
کردم چو فکر سالش تاریخ تازہ گفتم — گلدستۂ امامت مطبوع طبع پاکان

تاریخ وفات جناب مولوی سید محمد صاحب مجتہد العصر

جناب مجتہد العصر سرور علما — ہمہ کرم ہمہ ہمت ہمہ خرد ہمہ رای
ازین سرای فنا جانب بقا رفتند — بقصر گلشن فردوس در رضوان جای
اسیر مصرع تاریخ سال کردم رقم — ستون کعبۂ دین ہمین فتاد ز پای
سنہ ۱۲۸۴ ہجری

دیگر

رہی غم مجتہد دوران ہے — دل احباب علی میں رخنہ
ہو گئی تاریخ بموجب حدیث — کہ پڑا دین بنے میں رخنہ

تاریخ وفات امانی خانم

عصمت بنیاد زوجۂ افضل بیگ — افسوس صد افسوس گذشت از عالم
بست و پنجم بد از جمادی الاولی — کین سانحہ رو نمود از کتم عدم
سہ داشت زبس مولوی گنج قیام — کردند ہمہ اہل محلہ ماتم
تاریخ نمودم چو طلب ہاتف گفت — شد وای سوی جنان امانی خانم
سنہ [illegible] ہجری

تاریخ وفات میر علی اوسط رشک

کرد افسوس صد افسوس قضا — از قضا میر علی اوسط رشک
گفت تاریخ سر اسیر و قلم — شد کجا میر علی اوسط رشک
[illegible] ہجری

تاریخ ولادت دختر غضنفر علی سلمہ

ہوئی پیدا ہزاران شکر یکجا — ہزاروں دختروں مین ایک دختر
خبر پہونچی ولادت کی جو مجھکو — کہی تاریخ مین نے نیک دختر

۱۲۹۰ ہجری

تاریخ شفائی نوابصاحب

ہزار شکر کہ نواب کو ہوئی صحت — ہر ایک درد و بلا ہو گئی شفا پائی
کہا یہ مین نے پئی زیب مصرع تاریخ — دعائی خلق روا ہو گئی شفا پائی

۱۲۸۱ ہجری

مثنوی و تاریخ صحت

ایکدن یہ شہر مین آئی خبر — ہمنی بھی وہ تری سن پائی خبر
ہین جو نواب ہزاروں رئیس رامپور — آفتاب اوج اقبال و شعور
طبع عالی جب سے پہ سبکو ناز تھا — کچھ نصیب دشمنان ناساز تھی
سنکی اسکو دل پریشان ہو گیا — خانۂ آرام ویران ہو گیا
منھ سی یہ بیساختہ نکلی دعا — دی خداوند اوسی جلدی شفا
دل مین آیا کون سی تدبیر ہو — باعث صحت جو بے تاخیر ہو
بھیجی کوئی حکیم نامور — جسکی نسخہ مین ہو صحت کا اثر
یا کوئی لائے اسے تعویذ شفا — بھیجی اوسکو کہ ہو آب بقا
خضر لیجائین تو دن ہو خواہ رات — لیکی اونسے بھیجی آب حیات
کیمیاگر کو شش لیجائی کوئی — نسخہ اکسیر ہاتھ آئی کوئی
ہی مناسب انتہا تدبیر کے — بھیجی پڑیا روان اکسیر کی
ہو گیا دن اس تردد مین تمام — پڑرہ کی مغرب سو گیا مین وقت شام

روح سیارہ ہوئی سیارہ مہر　　پہونچی اک کوٹھی پہ پھر کر شہر شہر

چاندنی چھٹکی ہوئی بالای بام　　فرش نورانی بصد زیب تمام

فرش پر زیندہ مسند نور کی　　طور پر جیسی تجلی طور کی

زیب مسند ایک مرد باشکوہ　　کوہ جسکی بارگاہ میں ہے ستوہ

قدرت حق چہرہ نورانی جبین　　نور وحدت رب عالم آفرین

گرد خادم جنکے پاکیزہ لباس　　جیسے مہتاب انجم آس پاس

شوکت و حشمت نظر آئی عجیب　　میں نے پوچھا باندھ کر دست ادب

کون ہو تم کون یہ عالی مقام　　کون یہ مسند نشین عرش احترام

ایک خادم نے کہا ہم ہیں ملک　　یہ مقام خاص ہی چارم فلک

حضرت عیسی ہیں یہ مسند نشین　　مہر سان جنکی چمکتی ہی جبین

جب سنا اوس سے یہ مژدہ جانفزا　　جان میں جان آگئی خوش ہو گیا

التجا کی چاہتا ہوں اذن بار　　میں بھی ہوں تسلیم کا امیدوار

عرض کی خادم نے آیا لیگیا　　پیش حضرت مجھکو ہمراہ لیگیا

سامنے جب میں گیا تسلیم کی　　واجب التعظیم کی تعظیم کی

مل کی آنکھوں کو قدم سے یوں کہا　　ایک اس ناچیز کی ہی التجا

حکم اگر پاؤں کہوں میرا التماس　　ہی دعا ہی عرض حضرت کی پاس

چشم و ابرو سے اشارہ جب ہوا　　میں یہ سمجھا اب مرا مطلب ہوا

عرض کی حضرت بڑی مشتاق ہیں　　سب پہ روشن آپکی اعجاز ہیں

اک جوان مہ لقا خورشید چہر　　آفتاب و مہر رشک ماہ و مہر

تقریظ ناصر

بنام خالق انسی و جانی | که پیدا کرد الفاظ و معانی
دمیده جان معنی در تن لفظ | چه یوسف ناست در پیراهن لفظ
ازین یوسف نموده گرم بازار | هزاران چون زلیخایش خریدار
زبان ناطق او دو گوش را سمع | بگوش آواز در خاموشی آن شمع
زبان چون شمع در بزم سخن شد | از و روشن سخن را انجمن شد
دران بزم سخن اول کلیم است | که مشتاق سخنهائی قدیم است
زبانش از ازل چون چهره افروخت | ز برق لن ترانی خرمنش سوخت
بختم الانبیا چون نوبت آمد | به گویائی زبان قدرت آمد
به بزم لامکان از هم کلامی | تکلم یافت تشریف تمامی
کلام الله از ان معنی ست مشهور | بجلوت پرده گی آمد ز خلوت
بچشم دل فصیحان در نظاره | ز هر لفظش فصاحت آشکارا
زهی انوار الفاظ و معانی | برآمد از زبان بی زبانی
درین ره هر که با ب اقتدا زد | قدم در وادی صدق و صفا زد
فصاحت در کلام هر که جا یافت | قبول خاطر خلق خدا یافت
سخندانان که در آفاق بودند | چه محنت در سخن سنجی نمودند
بجد و جهد خویش گفتند و رفتند | به نظم و نثر در سفتند و رفتند
درین دوران که هر فن را کساد است | خصوصاً علم نظم آب و باد است
کسی گر چوب مضمونی تراشد | دلش از تیشهٔ غم منخراشد

نگہ از دیدنش گردد رگ گل / فدای ہر نگاہش دل مثل بلبل

بروی خلق وا شد باب معنی / صد احسان کرد بر ارباب معنی

بآئین احسان باین عالم نوازی / ہمہ او نیست او را سرفرازی

الہی صاحب اقبال باشد / بعالم تا ہمہ روز و سال باشد

مثنوی در جواب شفقہ کلب علیخان بہادر

خدا کی ہے عجب بندوں پہ رحمت / کہ گہر بیٹھے عطا کرتا ہے دولت

کرو جسکی تمنا سالہا سال / وہی جلوہ دکھاتا ہے نجم اقبال

جو شام ہجر ہے اوسکی سحر ہے / دعائے نیمشب میں کچھ اثر ہے

سنا تہا جیسے یہ مژدہ کہ نواب / سپہر فیض کا مہر جہانتاب

ہمہ خلق و ہمہ حلم و ہمہ جاہ / سو ید روز ازل سے [illegible]

ہوئی مسند نشین جاہ و حشمت / بڑہی آرائش تخت حکومت

ہوا تہا یہ محیط عشق کا جوش / کہ مثل موج تہا بکشادہ آغوش

قدم کیا اونہون گہر سے بڑہایا / اشارہ ہی تو کچہ آقا کا پایا

قیامت کی سوا تازہ ہی یہ بات / کیا اوسنے بڑا احسان یہ بالذات

نہ تہا تفویض کوئی کام ہر چند / نہ کی وجہ معین آج تک بند

عنایت میں رہی یہ بات مشہور / اسیر اونکا ملازم ہے بدستور

اس احسان پر اگر ہو جان قربان / ذرا اس سے نہ کم ہو بار احسان

زیادہ اس سے ہے یہ سرفرازی / کہ آیا شفقہ جا جنس نوازی

الہی فضل تیرا اسقدر ہے / کہ ہر سجدہ کروں کعبہ کدہ ہے

کہا دل نے کہ چل جلدی رواں ہو — کہ تا پیری بڑھے قوت جواں ہو

سفر کا ہو چکا جس وقت ساماں — یہ ٹھانا ہے کہ ہے مجبور انساں

کہا اطفال سے ہو کر یہ خونبار — جدا ہونگی نہ ہم دامن سے زنہار

سبب یہ ہے کہ جب کل اس سے کی تا — عدم کو میری منکا جہ نی لی راہ

بہت کم سن ہیں جو باقی ہیں اطفال — کفالت ہو نہیں ہیں فارغ البال

کہا ہے عقد فرزند کلاں اب — خیال وحشت ہے ہر روز و ہر شب

انہیں ہے وزر دن ہیں گناہ ہے اب از — کبھی مدت نہ اب آئیں زیادہ

یقیں ہے جو تقابل اب انس جاتے — سبک ہو جاؤں اس بار گراں سے

علاوہ اسکی عارض ضعف پیری — عصا ہے بس خدا کی دستگیری

غرض ایسی عوارض آئی جب پیش — ہوا مجبور ان وزرون سے دل ریش

توقع شان رحمت سے ہی لیکن — کہ عذر بندہ ہو مقبول محسن

خدا چاہے تو بعد حج کے ایام — یہ دولت ہے کہ ہو حاصل بہ ناکام

الہی جب تلک ہیں ماہ و خورشید — رہی یہ دولت و اقبال جاوید

قطعہ

کاری کہ حیف صاحب عالیمقام کرد — از گفتہ مسیح علیہ السلام کرد

لطفی کہ زندہ کردن خلق ست نام او — آغاز از ان زمانہ شد و او تمام کرد

مہر عطاش شام غمش را سحر نمود — صبحی اگر کسی بامیدی سلام کرد

انبوہ خلق بر در او ہست گر بجاست — ہر جاست شہد شکر بود ازدحام کرد

او از صفای قلب محیط زمانہ شد — جمشید اگر نظارہ گیتی بجام کرد

آمد پسند خسرو لندن چو دانشش — اورا درین دیار مدار المهام کرد

از بهر بندوبست او وه از سر کرم — قدرش بلند ساخت که قائم مقام کرد

او هم بلند نامی آقای خویش خواست — آبادی جهان ز ره انتظام کرد

کشت امید انفس و آفاق سبز شد — چون ابر نوبهار چنان فیض عام کرد

آورد در نگاه بیک دوره ملک را — دور قمر بگردش چشمی تمام کرد

فرمود بندوبست بتضعیف بلکه کم — حکام تحت خود همه را نیک نام کرد

تاریخ معدلت که دو جلد آمد از ازل — کسری یکی نوشت دگر این تمام کرد

حاتم بوقت همت و نوشیروان بعدل — رستم دمی که تیغ جدا از نیام کرد

دارا به فر و جاه و سکندر بمرتبت — تسخیر صد دیار ز نیرو ز خام کرد

روشن زمین درگه پاکش چنانکه چرخ — از خاک بردو ذره و خورشید نام کرد

صد عقده را ز ناخن تدبیر حل نمود — در پیش هر مهم که شدش انتظام کرد

در منزلی که گشت فرو کشش دم سفر — گردون بسر دوید و طواف خیام کرد

راهب ز دیر آمد و شیخ از حرم رسید — روزی که حکم دخل بدربار عام کرد

قوم هنود را و مسلمان اطاعتش — واجب بخود چو روزه بماه صیام کرد

هرکس بعهد امن بخواب فراغت است — زان رو که در رفاه جهان اهتمام کرد

برخاست از عدالت او بسکه رسم ظلم — سنگ از برای صلح بمینا پیام کرد

گل ساخت غنچهٔ دل خلق از نسیم فیض — وز موج بوی خلق معطر مشام کرد

تبدیل ساخت رنج جهان کهن بعیش — گلنار جامهٔ فلک سبز فام کرد

هرچند انتقام جهان ست کار او — هم در دیار علم و هنر انتظام کرد

تحصیل علم و کسب کمال آنچه بیش ازو — عمر عزیز صرف بحث مدام کرد

همپایه کسائی و فرا بصرف و نحو — با بوعلی بحکمت و منطق کلام کرد

شاگرد کتب علم ریاضی سفر نمود — صبحی بفکر انجم و افلاک شام کرد

طاها بس گشته خامه رنگین بدست او — در روضه عبارت رنگین خرام کرد

در هر زبان با هل زبان گشت همکلام — در هر هنر با هل هنر انضمام کرد

صیاد فکر او بخدنگ افگنی چو من — وقتی هزار طایر معنی بدام کرد

هنگام فکر سر بگریبان فرو نبرد — محراب دید و سجده رب انام کرد

بهر طرب شبی که ببزم طرب نشست — حاضر سپهر شیشه و خورشید جام کرد

هر شب حسود مرتبه اش از شکست رنگ — گلگشت ماهتاب ببالای بام کرد

کس قدردان علم و هنر نیست مثل او — هر جا که یافت علم و هنر لطف عام کرد

ای مهر فیض بر من مسکین بچشم لطف — بنگر که چرخ صبح مرا همچو شام کرد

بر صفحه زمانه فلک از خمیدگی — قدم که بود مثل الف شکل لام کرد

اکنون چو چرخ بنالم که طالعم — شد خضر راه و حاضر دربار عام کرد

در وصف او که چند در نظم اسیر سفت — عرض قبول یافت حصول مرام کرد

تابنده مهر دولت و حشمت مدام باد — خوش گفت این دعا و قصیده تمام کرد

قصیده

همدم مپرس باز من غم و دیده شرح غم — بی انتها سخت جان کرم و عجب ام

سلب خواب بنگه زبیتابی دل آتش — گه سوی دیر سیرم و گه سوی حرم

گم کرده‌ام طریق و ز من خضر بیخبر
کشتی شکست لطمهٔ موج ستم جوش غم

آخر چه کرده‌ایم قصور تو ای فلک
حق حق بگو ترا به سپهر خود قسم

ما را بدرد و هم نه نوازی و در پی عطش
در دست دیگران می صافت و [illegible]

گفتم هزار بار و بگویم هزار بار
آخر ترحمی که نیم لایق ستم

شد یا اگر چنین پی تخریب من کمر
نالم به پیش حاکم ذی قدر ذی حشم

آن حاکم رحیم که صیت عدالتش
از ملک هند شهرهٔ عام است تا عجم

انصاف و فصل جمله قضایا بدست او
ذی فهم موشکاف سخندان مسیح دم

ای کلک ما بخدمت داور رسیده‌ایم
کن مطلعی بطرز نخستین کنون رقم

مطلع ثانی

ای حاکم عدالت نوشیروان شیم
حکم تو در میانهٔ هر خیر و شر حکم

بر رای مستقیم تو سهل است و سهلتر
فصل مقدمات که امریست بس اهم

تقسیم جزو لایتجزی محال نیست
هنگام حرف چون دو لب تو شود بهم

گویم چو شاه ملک معانی ترا بجاست
قرطاس تخت و طبل دولت و قلم علم

اهل قلم که دعوی تحریر میکنند
هستند سر نگون بحضور تو چون قلم

بیش و کم جهان که ز عدلت برابر است
اصلا تفاوتی نبود در دق و درم

سروی نبود در چمنستان مکرمت
تا رایت سپاه شکوهت نشد علم

در رزم و بزم همسر تو نیست هیچ کس
رستم دم شجاعت حاتم دم کرم

آینه بهر طوف حریم تو روز و شب
خورشید و ماه ساخته از فرق خود قدم

کیوان بپای قصر شکوهت نهد کلاه
گردون باستان رفیعت [illegible]

کردم بیان خواب و چنین بی تلاش و فکر — تعبیر خواب من ز دلش بر زبان رسید

آگه نه که جمله جهان سبزه زار شد — آبی که رفته بود بجوی جهان رسید

شادی کن ای عزیز که مصر است لکهنو — یوسف قریب شد خبر از کاروان رسید

خوابت مطابق است که آمد مسیح عصر — گویا که جان تازه بجسم جهان رسید

آن حاکم عدالت و الا صاحب شرف — کز مدح او باوج سعادت توان رسید

از حادثات دهر سعادت نصیب خلق — تعویذ حفظ عالم و خط امان رسید

یاجوج فتنه را نشود دخل تا دگر — سد نسبت خود سکندر عالی مکان رسید

آفاق را ز مقدم او بسکه عید شد — از بهر تهنیت ملک از آسمان رسید

چشمی که بوسه داد بپایش فروغ یافت — شد سرفراز سر که برین آستان رسید

ثانی عصر حاتم دوران رفیع قدر — فرمان روا و دقیقه رس و نکته دان رسید

عالم فروز و صاحب انصاف و دادگر — با فتح همرکاب و ظفر توامان رسید

در علم و فضل همسر سحبان نزول کرد — در عدل و داد ثانی نوشیروان رسید

هر جا که [illegible] گل مراد چمن در چمن شگفت — آوازهٔ شکوه جهان تا جهان رسید

بر کرسیی که او دم نهضت جلوس کرد — از اوج پایهٔ ارش بسر فرقدان رسید

هر ذره نور یافت که خورشید جلوه کرد — پیری بهر که گفت که بخت جوان رسید

گردی اگر بجلوه گهش خاست از هوا — ابر سیاه شد طرف آسمان رسید

وقت دعاست باز زبان وقف صد دعا — در گوش من ز غیب صدا این زمان رسید

کردم دعای شوکت و اقبال جاه و عمر
البته شد قبول بمطلب توان رسید

قطعہ

تعریف شاہ وصف جناب امیر ہے
[illegible] بے نظیر ہے

حق تو یہ ہے کہ یہ کلام یہ دعوی نہیں غلط
[illegible] سلیمان نظیر ہے

آئینہ دار حسن بہار چمن ہے گل
فطرت میں ہی اصالت آب گہر ہے

پیرو ہے اسکا پیرو بازو ہے مصطفیٰ
جس کا یہ دستگیر ہو حق دستگیر ہے

کہتا ہے روی صاف یہ آئینہ میں عکس
تو پادشاہ حسن ہے تو بندہ وزیر ہے

ہیں سر بلند قامت بالا میں انجم
سدرہ سے بھی بلند ہماری ضمیر ہے

لکھا ہے اسکی چہرہ رنگین کا کچھ جو وصف
آواز عندلیب قلم کی صریر ہے

پیشی میں جیسے عکس نگین ہے وہ چشم مست
جام حباب میں مے خم غدیر ہے

سنتا ہوں وز شہ کی سخن دیکھتا ہوں رخ
کیا مجھ پہ فضل رب سمیع و بصیر ہے

روشن ہے اسکی فیض سے اقلیم سلطنت
ہمت میں بے نظیر یہ بدر منیر ہے

آئی جو معرکہ میں ہے بہرام نیزہ دار
بیٹھی جو حلقے میں عطارد دبیر ہے

لکھا ہے ہمنے شاہ کی ذہن رسا کا وصف
خامہ کڑی کمان کا گویا کہ تیر ہے

ہم کیا کہ دست فیض ہے جیسے گہر فشان
ہر دم کشادہ دامن ابر مطیر ہے

کچھ احتیاج اوس سے نہیں ہے ضعال کی
اے دل وہ آپ واقف ما فی الضمیر ہے

خورشید کو نہ حادثہ سے کچھ خطر نہیں
سر پر ہماری ظل خدای قدیر ہے

یارب قوی ہو دوست کا دل ناتوان عدو
جبتک کہ عقل پیر جوان عقل پیر ہے

قطعہ

سلامت خسرو عالم ہمیشہ
رہین سایہ مین اوسکی ہم ہمیشہ

دیا اللہ نے ایسا جو فرزند
کیا کرتے ہین فخر ادہم ہمیشہ

در دولت پر آتا ہی شب و روز
گدائی کی لئے حاتم ہمیشہ

زہی جرأت کہ زیر خاک اب بھی
لرزتا ہے دل رستم ہمیشہ

مگر کرتے ہی تقلید نم فیض
کھلاتی ہے جو گل شبنم ہمیشہ

پہین محبوب دم پریونکی ٹہکین
جوانی کا رہے عالم ہمیشہ

رہی فرمان دہ و جان بخش عالم
یہ یوسف رخ مسیحا دم ہمیشہ

ادب سے ابروی پر خم کی آگے
مہ نو کی ہے گردن خم ہمیشہ

رہے تا حشر بزم فیض آباد
پئیں مے خوار جام جم ہمیشہ

جہان روشن ہو اس سے قاف تا قاف
رہے یہ نیر اعظم ہمیشہ

بغل ہر دم نئی معشوق سی گرم
قمر سی مشتری باہم ہمیشہ

الٰہی کور بد بینون کی آنکھین
ہوا خواہون کے دل خرم ہمیشہ

غزل

رخ تو حسن گل از خاطر صبا انداخت
قد تو سرو سہی را ز پا انداخت

برید سر ہمت دیروز خوف رسوائی
تن مرا بدر خانہ خدا انداخت

بکوی زلف نہ جای سکون بپای نگرین
فغان کہ بخت سیاہم درین بلا انداخت

رہین منت چشم تر خودم کہ ز اشک
بجیب من چہ گہرہای بی بہا انداخت

مرا ز پیرہن ننگ و عار بیرون کرد
کسے کہ بر رخ او پردہ حیا انداخت

کسی کہ سینہ ما را بداغ مہر تو سوخت
بہشت طرح گلستان گلشان انداخت
ازان ز دست تو بہ دوزخ نسیم خوشم
کہ بر بہشت غبار م بکبر بلا انداخت
چو ترک چشم تو شد بر حبیبہ جانب پشت
براہ وان زلف سر تیر خطا انداخت

اسیر شکوہ طراز مہر ز طالع بد خویش
کہ بر گرفت مرا از کجا بکجا انداخت

خاتمة الطبع

نتیجہ طبع نازک سخنور بے مثال شاعر نازک خیال سید فضل رسول خان بہادر واسطی شاگرد
تدبیر الدولہ مدبر الملک منشی سید مظفر علی خان بہادر بہادر جنگ شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

بعد حمد و نعت کے واضح ہو کہ مصنف اس دیوان بلاغت نشان کے شاعر
بے نظیر محمد بیدل و جلال اسیر جناب تدبیر الدولہ مدبر الملک سید مظفر علی خان بہادر
بہادر جنگ متخلص بہ اسیر ہین شہرہ اونکے فضل و کمال کا عام ہے سند اوستادی
اونکے نام سے تمام ہزار ہون عالم فاضل فن خاص شاعری مین اونسے
فیضیاب ہین اور تشنہ لبان بحر سخن اونکے بحر ذخار اوستادی سے کامیاب
ہین بادشاہ ملک سخن کہ لقب فردوسی کا سنا ہے اگر آج انکو کہین بجائے
فی الحقیقت ایسا شاعر بے نظیر آجتک نہ دیکھا ہے نہ سنا ہو قلم جو کچہ اونکی
مدح مین تحریر کرے زیبا ہے چنانچہ یہ اشعار اونکے حسب حال ہین —

اشعار

تصنیف مین سواد شعر آیا
کیا کوس سخنوری بجایا
کرتی ہین جو اسپ طبع جولان
دم بہر مین ہی طی سخن کا میدان

تیزی جو زبان کی ہو اظہار	کٹ جائین جیاسی شعر اغیار
جیسی یہ ہوئی ہین سحر پرداز	ہین اہل سخن کو ناز پرنا ز
صدقی ہے زبان پر فصاحت	قربان ہے بیان یہ بلاغت
قدرت وہ خدائی کی ہے امداد	شاگرد ہی ایک جہان یہ اوستاد
دی حق نے وہ طبع فیض بنیاد	شاگرد جو ہو وہی ہی اوستاد

کلیم کو کہ طور سخن پر دعوای کلیم الہی ہے انکی شاگردی پر مباہی ہے کلام بلاغت نظام انکا اوسکو بمنزلۂ عصا ہی کہ لغزش سے زمین شعر مین بچاتا ہے سلیم کہ ایک شاعر نازک خیال ہے انہین کی خوشہ چینی سے صاحب کمال ہے اگر حق پوچھو بمقابلہ انکو اوسکو کچھ خاک نہین آتا ہے ایسا مرتبۂ عالی سخنگوئی مین کون پاتا ہے

شعر

حافظ کو ہین یاد انکے اشعار	ہی طالب آسمی طلبگار

عرفی اگرچہ عرف مین مشہور ہے لیکن انکے آگے مُنہ کھولے کیا مقدور ہی جلال کی کہ دیوان پر اوسکے بڑے بڑے نازک خیالون کو ناز ہی یہ نسبت انکے کلام کی نسبت حقیقت و مجاز ہے کلام انکا پر از مضامین عجائب و غرائب ہے صائب کی ایسی کہان رائے صائب ہے شعر لوٹی جو ہولذن باریابی ملے بجلی کیطرح دل سحابی جو کلام ہے وہ ایک معجزہ سخن ہے اگرچہ معجزہ نمائی سخن کہنا بجا ہے لیکن مجبوری ہے کہ خرق عادت بشری غیر امام نا روا ہی کرامت پر محمول کرنا بجا ہے الغرض ایسے صاحب ہنر عالی مقدار باوقار کو کہ کل علوم مین دخل رکھتے ہین خصوصاً اس فن مین اللہ تعالی سلامت باکرامت رکھے کہ چراغ ہند مین یہ عالی نسب بڑی سید مدد علی

کہ ابن سید محمد علی ابن سید مولوی محمد معین الدین ابن محمد صالح ابن الحاج طیب بکروری
سکنے ہین کمالات انکے اور متعدد آبا و اجداد کے اظہر من الشمس اور ابین من الامس
ہین چنانچہ سید صالح بکروری شاہ دہلی کی سرکار مین بہت ممتاز تھے سب اکابر و منصب
سرفراز تھے مولد انکا قصبہ امیٹھی متعلقہ پرگنہ گوشائین گنج ہے کہ پرگنات ملک اودھ
سے ہے بزرگ انکے سب عالم و فاضل اور عہدہ دار سرکار شاہی رہے اور
ریاست و وجاہت اور معافی وغیرہ بیشمار رکھتے تھے اور یہ اولاد حضرت عباس علمدار
علمبردار لشکر خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا از علی ابن ابی طالب اسد اللہ الغالب
ابو الحسنین قاتل المشرکین شاہزادہ از امیر المومنین علیہ السلام سے ہین
بارہ برس کی عمر سے اپنے ننھال شیخ زادگان شہر لکھنؤ مین چلے آئے اور
تحصیل علوم مین مصروف رہے تمام کتب درسیہ اور غیر درسیہ فارسیہ اپنے والد بزرگوار
یعنی جناب سید مدد علی صاحب مغفور سے پڑھی چنانچہ آج ہندوستان مین
ایسا فارسی دان کم ہے اور پانچ برس تک کامل ایام فرصت مین درس بھی کتب
متداولہ فارسی کا دیا کیئے اور طالب علمون کو اپنی فیض عام سے فیضیاب کیا یہ
یہ تو حال علم فارسی کا بیان ہوا اور کتب عربیہ صرف و نحو و منطق و فلسفہ و حکمت
و حساب و معانی و بیان وغیرہ حضرات علماء فرنگی محل سے کہ جنکے کمالات علمی مشہور
عالم ہین اور اپنے عم بزرگوار جناب مولوی سید علی صاحب مرحوم مغفور سے کہ عالم کامل
تھے تحصیل کیئے بعد ازان تحصیل علم فقہ و اصول کی جناب مرزا کاظم علی صاحب
شاگرد رشید جناب غفرانمآب اعنی مولوی سید دلدار علی صاحب مجتہد العصر والزمان
سے اور نیز شاگرد جناب میر محمد تقی صاحب سے کی باوجود ان اشتغال

کو شغل فن شاعری کا بھی بدرجہ کمال رہا حضرت فخر شعرا و زبان استاد مسلم الثبوت جناب غلام ہمدانی المتخلص بہ مصحفی نے کے اس فن خاص میں شاگرد ہوے مگر میان صاحب موصوف دو تین برس مین دار فانی سے طرف عالم بقا کو تشریف لے گئے اگرچہ یہ فن نہایت مشکل تھا لیکن بسبب اپنے کمال اور بہار علم کے ایسی مشق فرمائی کہ لاجواب ہوئی شعر ہر کا رسے کہ ہمت بستہ گردد [illegible] اگر خاری بود گلدستہ گردد تھا اور تین جگہ ملازم ہوے [illegible] امین رہے اور ہزاروں خیمے اپنے قلم سے [illegible] منشی گری کا وزارت عہد خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان سکندر حشم دارا جم جہاہ امجد علی شاہ بادشاہ طاب ثراہ مین رہے انتظام کواغذ سلطنت اودہ انہین کی تجویز پر تھا اور چار برس مصاحب حضرت ظل اللہ خاقان جہان پناہ دارا حشم افلاطون خدم سکندر شوکت دارا سطوت مربع نشین چار بالش ہمت و مروت گوہر شاہوار تاج شاہی درۃ التاج صاحب کلاہی عالی جاہ جہان پناہ حضرت واجد علی شاہ بادشاہ ابد اللہ ظلال احساناتہ علی رؤس العالمین کے رہے اور کچہری خاص سلطانی با بنام انکے رہی تصنیفات مین دو دیوان بزبان اردو ایک مسمی بہ گلستان سخن دوسرا مسمی بہ ریاض مصنف اور ایک دیوان فارسی مسمی بہ گلشن عشق چھپ چکے ہین مشہور انام زبان زد خاص و عام ہین اور ایک دیوان بزبان اردو یہ اب طبع ہوا اور ایک دیوان مسمی بہ گلدستہ ابیات منقبت ائمہ معصومین علیہم الصلوۃ والسلام مین ہے وہ بھی چھپ چکا اور مثنویون مین مثنوی مسمی بہ معارج الفضائل معجزات چہاردہ معصوم علیہم السلام

تاریخ شیخ نادر حسین صاحب متخلص بہ نادر شاگرد رشید منشی مظفر علی صاحب متخلص بہ اسیر

مطبع مین چھپا جب مری استاد کا دیوان
اس طبع مین بھی حسن طبیعت کی صفا ہے

تاریخ یہ برجستہ لکھی کلک نی نادر
کیا تیسرا اوستاد کا دیوان چھپا ہے
۱۲۸۶ ہجری

قطعہ تاریخ شیخ رضا حسین صاحب متخلص بہ رضا شاگرد منشی مظفر علی صاحب متخلص بہ اسیر

رضا ختم اوستاد پر ہی فصاحت
ہوا طبع کیا خوب دیوان رنگین

دو تا مصرعہ سال لکھا قلم نے
چراغ مطالب ہی رنگین مضامین
۱۲۸۶ ہجری ۱۲۸۶

الیضاً

ہوا طبع دیوان جب تیسرا
بلیغ و فصیح و بدیع و صحیح

رضا مصرعہ سال دل نی لکھا
بہت خوب دیوان چھپا ہی فصیح
۱۲۸۶ ہجری

قطعہ تاریخ از نتایج افکار محمد احمد حسن خان عرف اچھی صاحب تخلص جوش

دیوان ہوا طبع بہت خوش اسلوب
تقطیع بھی مطبوع ہی خط بھی مرغوب

خامی نی کیا مصرع تاریخ رقم
دیوان اسیر جوش چھپا ہی خوب
۱۲۸۶ھ

قطعہ تاریخ من افکار محمد سلیمان متخلص بہ اسد

چھپا بہ مطبع عالی منشی ذیشان
ہماری حضرت استاد اسیر کا دیوان

اسد نی سال مسیحی کہا بشوق تمام
کہ بی نظیر ہی استاد کی جدید کلام
۱۸۶۹ عیسوی

قطعات تاریخ از نتیجہ طبع سخنور نازک خیال شاعر عدیم المثال در حریم